طلب العلم فریضۃ علیٰ کل مسلم

اسلامی بچوں اور بچیوں کے لیے اہم اسلامی معلومات پر مشتمل مفید کتاب

# سُبحانی دینی نِصاب

حصہ دوم

تالیف

سید محمد اکرام الحق قادری مصباحی

صدر المدرسین دار العلوم محبوب سبحانی، کرلا ممبئی

ناشر

شعبہ اشاعت دار العلوم محبوب سبحانی کرلا ویسٹ ممبئی

طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِیْضَۃٌ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ

اسلامی بچوں اور بچیوں کے لئے اہم اسلامی معلومات پر مشتمل مفید کتاب

# سبحانی دینی نصاب حصّہ ۲

تالیف


سید محمد اکرام الحق قادری مصباحی

صدر المدرسین: دار العلوم محبوب سبحانی، کرلا ممبئی



ناشر: شعبۂ اشاعت، دار العلوم محبوبِ سبحانی کرلا ویسٹ ممبئی

جملہ حقوق بحقِ ناشر محفوظ ہیں

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | سبحانی دینی نصاب حصہ ۲ |
| مؤلف | : | سید محمد اکرام الحق قادری مصباحی عفی عنہ |
| | | صدر مدرس: دار العلوم محبوبِ سبحانی کرلا ممبئی |
| | | فون نمبر 9029249679 |
| کمپوزنگ | : | بدستِ خود |
| نظرِ ثانی | : | حضرت علامہ مفتی محمد فاروق خان مہائمی مصباحی |
| | | استاذ ونائب مفتی ادارہ ھٰذا |
| تزیین | : | حضرت علامہ نصر الدین صاحب سبحانی |
| | | استاذ ادارہ ھٰذا |
| سن طباعت | : | شوال ۱۴۳۹ھ مطابق جون ۲۰۱۸ء |
| تعداد | : | 2000 |
| قیمت | : | 300 |
| صفحات | : | 166 |
| ملنے کا پتہ | : | دار العلوم محبوبِ سبحانی کرلا ویسٹ ممبئی ۷۰ |





# فہرست مضامین

| مضمون | صفحہ نمبر | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| شرفِ انتساب | ۱۵ | چوتھی فصل: گوشۂ سیرت | ۲۸ |
| چند باتیں | ۱۶ | ہمیں کس نبی کی امت میں پیدا کیا گیا | // |
| چند باتیں اساتذۂ کرام سے | ۱۸ | ہمارے نبی ﷺ کے اسمائے گرامی | // |
| حمد باری تعالیٰ | ۲۲ | ہمارے نبی ﷺ کے ممتاز خطابات | // |
| نعت پاک | ۲۳ | پانچویں فصل: اذکار وادعیہ | ۲۹ |
| **پہلا سبق** | ۲۴ | تعوذ | // |
| پہلی فصل: ایمانیات | // | تسمیہ | // |
| ہم کون ہیں | // | ثنا | // |
| ایمان کسے کہتے ہیں | // | چھٹی فصل: آیات واحادیث | ۳۰ |
| ضروریاتِ دین سے کیا مراد ہے | // | اللہ عزوجل سب کچھ جانتا ہے | // |
| دوسری فصل: فقہیات | ۲۵ | صبح وشام اللہ کی پاکی بولو | // |
| نجاست یعنی ناپاک چیزوں کی قسمیں | // | اعمال کے ثواب کا دارومدار نیتوں پر ہے | // |
| نجاستِ غلیظہ کا بیان | // | مؤمن کی نیت اُس کے عمل سے بہتر ہے | // |
| نجاستِ خفیفہ کا بیان | // | ساتویں فصل: عام دینی معلومات | ۳۱ |
| تیسری فصل: اخلاقیات | ۲۶ | ارکانِ اسلام | // |
| رزقِ حلال کی اہمیت | // | رات دن کی فرض نمازیں | // |
| رزقِ حلال کی پہچان کا آسان نسخہ | // | زکاۃ کن لوگوں پر فرض ہے | // |
| کھانے کے اسلامی آداب | ۲۷ | آٹھویں فصل: معمولاتِ اہلِ سنت | ۳۲ |

| مضمون | صفحہ نمبر | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| سُنّی کی تعریف | // | سورۂ فاتحہ | // |
| موجودہ دور میں اہلِ سنت کے مصداق | // | رکوع کی تسبیح | // |
| **دوسرا سبق** | ۳۳ | **چھٹی فصل: آیات واحادیث** | ۳۹ |
| **پہلی فصل: ایمانیات** | // | اللہ ہی بے نیاز ہے | // |
| پہلا کلمہ: کلمۂ طیب | // | مشرق ومغرب کا رب اللہ ہے | // |
| دوسرا کلمہ: کلمۂ شہادت | // | کلمۂ طیب، اللہ کا مضبوط قلعہ ہے | // |
| کفر کسے کہتے ہیں | // | مؤمن پر دوزخ کی آگ حرام ہے | // |
| **دوسری فصل: فقہیات** | ۳۴ | **ساتویں فصل: عام دینی معلومات** | ۴۰ |
| نجاستِ غلیظہ کا حکم | // | فرضیتِ حج کی شرطیں | // |
| ایک درہم کا معنیٰ | // | اسلام کا رکنِ اعظم | // |
| **تیسری فصل: اخلاقیات** | ۳۵ | **آٹھویں فصل: معمولاتِ اہلِ سنت** | ۴۱ |
| کھانے کے دوران کن باتوں سے بچنا لازم ہے | // | مسلکِ اعلیٰ حضرت کی توضیح | // |
| پینے کے اسلامی آداب | // | عقائد ومعمولاتِ اہلِ سنت کیا ہیں | // |
| **چوتھی فصل: گوشۂ سیرت** | ۳۷ | **تیسرا سبق** | ۴۲ |
| حضور ﷺ کا سب سے مشہور نام | // | **پہلی فصل: ایمانیات** | // |
| ہمارے نبی ﷺ کا دوسرا مشہور نام | // | ضروریاتِ دین کا علم فرض ہے | // |
| احمد کا معنیٰ ومفہوم | // | صرف زبانی اقرار کافی نہیں، دل سے | // |
| ہمارے نبی ﷺ کو ماحی، حاشر | // | تصدیق کرنا بھی ضروری ہے | // |
| اور عاقب کیوں کہا گیا | // | تیسرا کلمہ، کلمۂ تمجید | // |
| **پانچویں فصل: اذکار وادعیہ** | ۳۸ | **دوسری فصل: فقہیات** | ۴۳ |







| مضمون | صفحہ نمبر | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| نجاستِ خفیفہ کا حکم | // | ایمان پر مرنے والا جنتی ہے | // |
| ایک مثال سے وضاحت | // | اللہ ہی حقیقی بادشاہ ہے | // |
| ناپاک کپڑے کو پاک کرنے کا طریقہ | // | **ساتویں فصل: عام دینی معلومات** | ۴۹ |
| **تیسری فصل: اخلاقیات** | ۴۴ | محبتِ رسول کی علامتیں | // |
| جوتے اور موزے پہننے اور اتارنے کے اسلامی آداب | // | ہمارے نبی ﷺ کے نانا جان کا نام | // |
| کپڑے پہننے اور اتارنے کے آداب | // | حضور ﷺ کی نانی صاحبہ کا نام | // |
| استنجاء کے اسلامی آداب | // | آقائے کریم ﷺ کی کنیت | // |
| **چوتھی فصل: گوشۂ سیرت** | ۴۶ | **آٹھویں فصل: معمولاتِ اہلِ سنت** | ۵۰ |
| کس شہر کو حضور ﷺ کی جائے ولادت ہونے کا شرف ملا | // | بعض معمولاتِ اہلِ سنت | // |
| حضور ﷺ کی ولادت کس سَن میں ہوئی | // | بعض عقائدِ اہلِ سنت | // |
| حضور ﷺ کی ولادتِ پاک کی کیفیت وحالت | // | **چوتھا سبق** | ۵۱ |
| حضور ﷺ کے والدین کریمین کے اسمائے گرامی | // | **پہلی فصل: ایمانیات** | // |
| **پانچویں فصل: اذکار وادعیہ** | ۴۷ | ایمان اور کفر کے درمیان فرق | // |
| رکوع سے اٹھنے کی دعا | // | ایمان کے بیان کی قسمیں | // |
| قَومہ کی دعا | // | ایمانِ مُجمَل کی تشریح | // |
| سجدہ کی تسبیح | // | **دوسری فصل: فقہیات** | ۵۲ |
| جَلسہ کی تسبیح | // | عبادت کی قسمیں | // |
| **چھٹی فصل: آیات واحادیث** | ۴۸ | فرضِ اعتقادی کی وضاحت | // |
| اللہ ہی جلاتا اور مارتا ہے | // | فرضِ عملی کی توضیح | // |
| اللہ سب کے کام دیکھ رہا ہے | // | **تیسری فصل: اخلاقیات** | ۵۳ |

| مضمون | صفحہ نمبر | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| گھر میں داخل ہونے کے آداب | // | پانچواں سبق | ٦٠ |
| گھر سے نکلنے کے آداب | // | پہلی فصل: ایمانیات | // |
| سلام کرنے کے آداب | // | ایمانِ مُفَصَّل کا بیان | // |
| چوتھی فصل: گوشۂ سیرت | ۵۵ | اللہ پر ایمان لانے کا صحیح مفہوم | ٦١ |
| والد کی جانب سے، ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نسب | // | اللہ، اولاد اور بیوی سے پاک ہے | // |
| والدہ کی طرف سے، ہمارے نبی کا شجرۂ نسب | // | دوسری فصل: فقہیات | ٦٢ |
| ہمارے نبی کی خاندانی شرافت وعظمت | // | فرض کی قسمیں | // |
| پانچویں فصل: اذکار وادعیہ | ۵٦ | واجب کی تعریف | // |
| التحیات مع ترجمہ | // | سنتِ موکدہ اور غیرِ موکدہ کا معنیٰ | // |
| چھٹی فصل: آیات واحادیث | ۵٧ | تیسری فصل: اخلاقیات | ٦٣ |
| کافروں کی بخشش نہیں | // | سونے کے آداب | // |
| نیک کام کرنے والوں کے لئے بے انتہا ثواب | // | بیدار ہونے کے آداب | // |
| اللہ کی نافرمانی میں کسی کی اطاعت نہیں | // | ہاتھ کے ناخن کاٹنے کے آداب | ٦٤ |
| ساتویں فصل: عام دینی معلومات | ۵٨ | چوتھی فصل: گوشۂ سیرت | ٦۵ |
| صادق وامین کس کے لقب ہیں | // | حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادتِ پاک کے وقت | // |
| ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پہلا نکاح کس نے پڑھایا | // | ظاہر ہونے والے عجائب | // |
| ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مقدس بیٹیوں کے اسمائے گرامی | // | حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پیدائش سے قبل کے عالَمی حالات | // |
| آٹھویں فصل: معمولاتِ اہلِ سنت | ۵۹ | حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی تاریخِ وصال | // |
| ہم اپنے نبی کا جشنِ میلاد کب مناتے ہیں | // | پانچویں فصل: اذکار وادعیہ | ٦٦ |
| بارہ ربیع النور کو جشنِ میلاد کا خصوصی اہتمام کیوں | // | درودِ ابراہیمی | // |







| مضمون | صفحہ نمبر | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| چھٹی فصل: آیات واحادیث | ٦٧ | اِسائت، مکروہِ تنزیہی اور خلافِ اَولیٰ کی وضاحت | // |
| ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان سب سے بلند | // | تیسری فصل: اخلاقیات | ٧٢ |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہر لمحہ پچھلے لمحے سے بہتر | // | پیر کی ناخن کاٹنے کے آداب | // |
| اللہ ہی حقیقی شہنشاہ ہے | // | داڑھی اور مونچھوں سے متعلق اسلامی آداب | ٧٣ |
| اسلام ہمیشہ غالب رہے گا | // | چوتھی فصل: گوشۂ سیرت | ٧٤ |
| اسلام گزشتہ تمام گناہ مِٹا دیتا ہے | // | ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رضاعی مائیں | // |
| ساتویں فصل: عام دینی معلومات | ٦٨ | مدتِ رضاعت میں ظاہر ہونے والی بَرَکات | // |
| حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دامادوں کی تعداد | // | حضرت آمنہ کا وصالِ جانکاہ | // |
| ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے شہزادوں کے نام | // | پانچویں فصل: اذکار وادعیہ | ٧۵ |
| آٹھویں فصل: معمولاتِ اہلِ سنت | ٦٩ | دعائے ماثورہ اول | // |
| کیا سال میں صرف دو ہی عیدیں ہیں | // | دعائے ماثورہ دوم | // |
| محفلِ میلاد کا ثبوت، قرآنِ مقدس سے | // | دعائے ماثورہ سوم | // |
| چھٹا سبق | ٧٠ | چھٹی فصل: آیات واحادیث | ٧٦ |
| پہلی فصل: ایمانیات | // | نبی غیب بتانے میں بخیل نہیں | // |
| نبی کی تعریف | // | جو ہو چکا اور جو ہوگا، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | // |
| رسول کا معنیٰ | // | بعطائے اِلٰہی سب جانتے ہیں | // |
| سب سے پہلے اور آخری نبی کا نام | // | دین خیر خواہی کا نام ہے | // |
| دوسری فصل: فقہیات | ٧١ | ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قانون ساز ہیں | // |
| مستحب اور مباح کی تعریف | // | ساتویں فصل: عام دینی معلومات | ٧٧ |
| حرام اور مکروہِ تحریمی کسے کہتے ہیں | // | حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کتنے چچاؤں کو ایمان نصیب ہوا | // |

| مضمون | صفحہ نمبر | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| ہمارے نبی ﷺ کی ایمان لانے والی خوش نصیب پھوپھی | // | ایمانِ والدینِ کریمین سے متعلق اہلِ سنت کا موقف | // |
| دنیا میں آقائے دوجہاں ﷺ کی مدتِ اقامت | // | والدۂ محترمہ کے انتقال کے بعد حضور ﷺ | // |
| حضور ﷺ کی مدتِ تبلیغ | // | کس کی کفالت میں رہے | // |
| آٹھویں فصل: معمولاتِ اہلِ سنت | ۷۸ | ہمارے نبی ﷺ کی بچپن کی کچھ اَدائیں | // |
| صحابۂ کرام کے عمل سے جشنِ میلاد کا ثبوت | // | پانچویں فصل: اذکار و ادعیہ | ۸۴ |
| حضور ﷺ کی وفات کا غم منانا جائز نہیں | // | دعائے قنوت | // |
| **ساتواں سبق** | ۷۹ | چھٹی فصل: آیات و احادیث | ۸۵ |
| پہلی فصل: ایمانیات | // | ہمارے نبی ﷺ حاضر و ناظر ہیں | // |
| حضراتِ انبیائے کرام کی تعداد | // | حضور ﷺ نور ہیں | // |
| تمام نبیوں اور رسولوں میں سب سے افضل کون | // | سنتِ نَبَوی کی اہمیت | // |
| اولوالعزم پیغمبروں کے اسمائے گرامی | // | ساتویں فصل: عام دینی معلومات | ۸۶ |
| دوسری فصل: فقہیات | ۸۰ | معجزہ کی تعریف | // |
| فرائضِ وضو | // | سب سے زیادہ معجزات کس نبی کو دیئے گئے | // |
| غَسل اور مسح کا فرق | // | حضور ﷺ کے چند معجزات کا بیان | // |
| تیسری فصل: اخلاقیات | ۸۱ | آٹھویں فصل: معمولاتِ اہلِ سنت | ۸۷ |
| داڑھی میں گانٹھ لگانا حرام ہے | // | جشنِ میلاد منانے کا انداز | // |
| فرنچ کٹ داڑھی کا حکم | // | جشنِ میلاد کو کن باتوں سے پاک رکھا جائے | // |
| ناف کے نیچے اور بغل کے بالوں کا حکمِ شرعی | // | **آٹھواں سبق** | ۸۸ |
| سر کے بالوں کے اسلامی آداب | ۸۲ | پہلی فصل: ایمانیات | // |
| چوتھی فصل: گوشۂ سیرت | ۸۳ | غیرِ نبی کے پاس وحی کا آنا محال ہے | // |







| مضمون | صفحہ نمبر | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| کوئی شخص عبادت و ریاضت سے نبی نہیں بن سکتا | // | ساتویں فصل: عام دینی معلومات | ۹۵ |
| ہمارے نبی ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں آسکتا | // | حضرت داؤد علیہ السلام کا معجزہ | // |
| دوسری فصل: فقہیات | ۸۹ | حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام کا معجزہ | // |
| وضو کی سنتیں | // | حضرت عیسیٰ روح اللہ علیہ السلام کے معجزات | // |
| وضو کے مستحبات | // | آٹھویں فصل: معمولاتِ اہلِ سنت | ۹۶ |
| تیسری فصل: اخلاقیات | ۹۰ | ایصالِ ثواب کا معنیٰ | // |
| عِمامہ باندھنے کے آداب | // | ایصالِ ثواب کی شرعی حیثیت | // |
| مسجد کے آداب | // | قرآنِ کریم کی آیت سے، فاتحہ کے جواز کا ثبوت | // |
| کعبۂ مقدسہ کے آداب | ۹۱ | **نواں سبق** | ۹۷ |
| چوتھی فصل: گوشۂ سیرت | ۹۲ | پہلی فصل: ایمانیات | // |
| بچپن میں حضور ﷺ کی دعا سے بارانِ رحمت کا نزول | // | نبیوں اور رسولوں سے متعلق ضروری عقائد | // |
| حضور ﷺ کو اُمّی کیوں کہا گیا | // | تمام انبیاء غیب داں ہیں | // |
| پانچویں فصل: اذکار و ادعیہ | ۹۳ | اللہ عزوجل اور انبیائے کرام کے علمِ غیب میں فرق | // |
| تلاوتِ قرآن کی دعا | // | دوسری فصل: فقہیات | ۹۸ |
| علم میں اضافے کی دعا | // | مسح کرنے کا سنت طریقہ | // |
| پانی پینے کی دعا | // | مسواک کیسی اور کس چیز کی ہو | // |
| چھٹی فصل: آیات و احادیث | ۹۴ | مسواک کرنے کا صحیح طریقہ | // |
| حضور ﷺ ساری کائنات کے لئے رحمت ہیں | // | تیسری فصل: اخلاقیات | ۹۹ |
| ہمارے نبی ﷺ آخری نبی ہیں | // | تلاوتِ قرآن کے آداب | // |
| بدعتی کی تعظیم حرام ہے | // | زیور پہننے کے آداب | ۱۰۰ |

| مضمون | صفحہ نمبر | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| چوتھی فصل: گوشۂ سیرت | ۱۰۱ | احادیثِ کریمہ سے فاتحہ کا ثبوت | // |
| بچپن میں حضور ﷺ کا کسبِ مَعاش | // | **دسواں سبق** | ۱۰۷ |
| ملکِ شام کا پہلا سفر | // | پہلی فصل: ایمانیات | // |
| ملکِ شام کا دوسرا سفر | ۱۰۲ | حضراتِ انبیائے کرام اپنی اپنی قبروں میں زندہ ہیں | // |
| پانچویں فصل: اذکار وادعیہ | ۱۰۳ | خاتم النبیین کس پیغمبر کا لقب ہے | // |
| سوتے وقت کی دعا | // | ہمارے نبی ﷺ کُل جہاں کے نبی ہیں | // |
| جاگتے وقت کی دعا | // | دوسری فصل: فقہیات | ۱۰۸ |
| کپڑے پہننے کی دعا | // | مکروہاتِ وضو | // |
| بلندی پر چڑھنے کی دعا | // | وضو کرنا کب فرض ہے اور کب واجب | // |
| بلندی سے اترنے کی دعا | // | وضو کرنا کب سنت ہے اور کب مستحب | // |
| چھٹی فصل: آیات واحادیث | ۱۰۴ | تیسری فصل: اخلاقیات | ۱۰۹ |
| اللہ نے اپنے رسولوں کو غیب پر مطلع کیا ہے | // | انگوٹھی پہننے کے آداب | // |
| گمراہ لوگ دوزخیوں کے کتے ہیں | // | دانت کو سونے کے تار سے باندھنے کا حکم | // |
| بدمذہب، جانوروں سے بدتر ہیں | // | چوتھی فصل: گوشۂ سیرت | ۱۱۰ |
| بدمذہبوں سے ہم کلام ہونا حرام ہے | // | نسطورا راہب کا قصہ | // |
| ساتویں فصل: عام دینی معلومات | ۱۰۵ | حضور ﷺ کا حضرت خدیجہ سے نکاح، کب اور کیسے | // |
| آسمانی کتابیں کن کتابوں کو کہا جاتا ہے | // | حضرت خدیجہ سے حضور ﷺ کی اولاد | ۱۱۱ |
| چند مشہور آسمانی کتابیں | // | پانچویں فصل: اذکار وادعیہ | ۱۱۲ |
| کون کتاب کس پیغمبر پر نازل ہوئی | // | حلال چیز کھانے سے پہلے کی دعا | // |
| آٹھویں فصل: معمولاتِ اہلِ سنت | ۱۰۶ | کھانے کے بعد کی دعا | // |







| مضمون | صفحہ نمبر | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| دعوت کھانے کے بعد کی دعا | // | مصافحے کا حکم | // |
| چھٹی فصل: آیات واحادیث | ۱۱۳ | مصافحے کا طریقہ | // |
| حضور ﷺ کی تعظیم وتوقیر فرض ہے | // | چوتھی فصل: گوشۂ سیرت | ۱۱۹ |
| تمام رسول بعطائے الٰہی غیب جانتے ہیں | // | حضور ﷺ نے کس عمر میں خانۂ کعبہ کی | // |
| مشرک کی صحبت ناجائز ہے | // | تعمیرِ جدید میں حصہ لیا | // |
| بدمذہبوں کے جلسوں میں شرکت جائز نہیں | // | حضور ﷺ کی لاجواب حسنِ تدبیر | // |
| ساتویں فصل: عام دینی معلومات | ۱۱۴ | عمر کے چالیسویں سال میں آپ ﷺ کی | // |
| سب سے پہلی اور آخری آسمانی کتاب | // | ذات میں رونما ہونے والے انقلابات | ۱۲۰ |
| قرآنِ کریم کتنی مدت میں نازل ہوا | // | پانچویں فصل: اذکار وادعیہ | ۱۲۱ |
| آٹھویں فصل: معمولاتِ اہلِ سنت | ۱۱۵ | دودھ پینے کی دعا | // |
| ایصالِ ثواب کی مُرَوَّجہ صورتوں کا جواز | // | روزہ افطار کرنے کے بعد کی دعا | // |
| **گیارھواں سبق** | ۱۱۶ | وضو سے پہلے کی دعا | // |
| پہلی فصل: ایمانیات | // | چھٹی فصل: آیات واحادیث | ۱۲۲ |
| تمام مخلوق پر حضور ﷺ کی فرماں برداری فرض ہے | // | نبی ﷺ کی شان میں ادنیٰ گستاخی بھی کفر ہے | // |
| حضور ﷺ جیسا کوئی نہیں | // | مؤمن کو کافر کہنے والا خود کافر ہے | // |
| درود میں اختصار ناجائز ہے | // | سچی توبہ سے گناہ کبیرہ بھی معاف ہوجاتا ہے | // |
| دوسری فصل: فقہیات | ۱۱۷ | ساتویں فصل: عام دینی معلومات | ۱۲۳ |
| وضو کو توڑنے والی چیزیں | // | قرآنِ مقدس کس زبان میں ہے | // |
| جن سے وضو نہیں ٹوٹتا وہ پاک ہیں | // | کیا قرآنِ کریم کو کسی اور زبان میں پڑھا یا لکھا جاسکتا ہے | // |
| تیسری فصل: اخلاقیات | ۱۱۸ | نزولِ قرآن کا مقصد صرف حصولِ برکت نہیں | // |

| مضمون | صفحہ نمبر | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| قرآنِ کریم کی جامع ومانع تعریف | // | وضو کے بعد کی دعا | // |
| آٹھویں فصل: معمولاتِ اہلِ سنت | ۱۲۴ | مسجد میں داخل ہونے کی دعا | // |
| میت کا کھانا مالدار نہ کھائیں | // | مسجد سے نکلنے کی دعا | // |
| تیجہ کے چنے مال دار نہ لیں | // | چھٹی فصل: آیات واحادیث | ۱۳۱ |
| نذر کے کھانے کا حکم | // | اللہ ورسول کی فرماں برداری فرض ہے | // |
| بارھواں سبق | ۱۲۵ | سب سے بڑے گناہ | // |
| پہلی فصل: ایمانیات | // | ساتویں فصل: عام دینی معلومات | ۱۳۲ |
| دیدارِ الٰہی | // | قرآنِ کریم کے نام | // |
| خدا چاہتا ہے رضائے محمد | // | قرآنِ مقدس غیر مخلوق ہے | // |
| سب سے زیادہ کمالات حضور کو عطا کئے گئے | // | قرآنِ حکیم میں کمی بیشی ناممکن | // |
| دوسری فصل: فقہیات | ۱۲۶ | آٹھویں فصل: معمولاتِ اہلِ سنت | ۱۳۳ |
| غسل کے فرائض | // | فاتحہ کا آسان طریقہ | // |
| کیا غسل میں عورتوں پر چوٹی کھولنا ضروری ہے | // | فاتحہ کا مروجہ طریقہ | // |
| تیسری فصل: اخلاقیات | ۱۲۷ | تیرھواں سبق | ۱۳۴ |
| چھینک کے آداب | // | پہلی فصل: ایمانیات | // |
| چوتھی فصل: گوشۂ سیرت | ۱۲۸ | ہمارے نبی ﷺ کا سایہ نہ تھا | // |
| حضور ﷺ کے حسنِ ظاہری کے جلوے | // | حضور ﷺ سے متعلق عقائد | // |
| ہمارے نبی ﷺ کی جسمانی پاکیزگی | // | دوسری فصل: فقہیات | ۱۳۵ |
| آقائے دوعالم ﷺ کا بلند کردار | ۱۲۹ | غسل کی سنتیں | // |
| پانچویں فصل: اذکار وادعیہ | ۱۳۰ | ننگے بدن نہانا کیسا | // |







| مضمون | صفحہ نمبر | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| تیسری فصل: اخلاقیات | ۱۳۶ | وَالْقَلَم والی پانچ آیتیں | // |
| حضور رحمتِ عالم ﷺ کے حقوق | // | چودھواں سبق | ۱۴۴ |
| حضور ﷺ سے سب سے زیادہ محبت کرنا | ۱۳۷ | پہلی فصل: ایمانیات | // |
| کمالِ ایمان کی دلیل ہے | // | سارے انبیا اللہ کی بارگاہ میں عزت ووجاہت والے ہیں | // |
| چوتھی فصل: گوشۂ سیرت | ۱۳۸ | شفاعتِ کبریٰ کا معنیٰ | // |
| قبلِ بعثت حضور ﷺ کس جگہ اللہ کی عبادت کیا کرتے تھے | // | شفاعتِ کبریٰ مؤمن وکافر، نیک وبد | // |
| نزولِ وحی کا آغاز | // | سب کے لئے ہوگی | // |
| پانچویں فصل: اذکار وادعیہ | ۱۴۰ | دوسری فصل: فقہیات | ۱۴۵ |
| آبِ زم زم پینے اور ہر نماز کے بعد کی دعا | // | کن باتوں سے غسل فرض ہوتا ہے | // |
| گھر سے نکلتے وقت کی دعا | // | مَنی کسے کہتے ہیں | // |
| گھر میں داخل ہونے کی دعا | // | تیسری فصل: اخلاقیات | ۱۴۶ |
| چھٹی فصل: آیات واحادیث | ۱۴۱ | ائمہ اور علما کے حقوق | // |
| کافروں کے لئے دردناک عذاب ہے | // | علما کی خدمت کرنے کے طریقے | // |
| گستاخِ رسول کے لئے تکلیف دِہ عذاب ہے | // | چوتھی فصل: گوشۂ سیرت | ۱۴۷ |
| لوطی ملعون ہے | // | حضور ﷺ نے تبلیغِ دین کا آغاز کب کیا | // |
| طعنہ دینا اور بدکلامی کرنا مؤمن کی شان نہیں | // | اسلام کی تبلیغ کتنے سالوں تک پوشیدہ رہی | // |
| ساتویں فصل: عام دینی معلومات | ۱۴۲ | سب سے پہلے مسلمان ہونے والے حضرات | ۱۴۸ |
| مکی اور مدنی سورتوں کا مفہوم | // | پانچویں فصل: اذکار وادعیہ | ۱۴۹ |
| قرآنِ مقدس کی بنیادی معلومات | // | مؤمن سے ملاقات کے وقت کی دعا | // |
| آٹھویں فصل: معمولاتِ اہلِ سنت | ۱۴۳ | مصافحہ کرنے کی دعا | // |

| مضمون | صفحہ نمبر | مضمون | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| شکر ادا کرنے کی دعا | // | ماآخذ ومراجع | ۱۶۶ |
| چھینک آنے پر پڑھنے کی دعا | // | | |
| چھینک کا جواب دینے کی دعا | // | | |
| بیت الخلاء جانے کی دعا | // | | |
| بیت الخلاء سے نکلنے کی دعا | // | | |
| چھٹی فصل: آیات واحادیث | ۱۵۱ | | |
| رسول اللہ کو تکلیف دینے والے دنیا وآخرت | // | | |
| میں ملعون ہیں | // | | |
| رشوت دینے اور لینے والے دوزخی ہیں | // | | |
| دھوکہ دینے والے سچے مسلمان نہیں | ۱۵۲ | | |
| ساتویں فصل: عام دینی معلومات | ۱۵۳ | | |
| قرآن کریم میں سجدوں کی تعداد | // | | |
| مکی اور مدنی سورتوں کی تعداد | // | | |
| قرآنِ کریم کی سب سے بڑی سورت | // | | |
| قرآنِ کریم کی سب سے چھوٹی سورت | // | | |
| آٹھویں فصل: معمولاتِ اہلِ سنت | ۱۵۴ | | |
| عام مسلمانوں کے حق میں دعا مانگنے کا انداز | // | | |
| بزرگانِ دین کے لئے دعا مانگنے کا طریقہ | ۱۵۵ | | |
| ضمیمہ برائے شش ماہی اوّل | ۱۵۶ | | |
| ضمیمہ شش ماہی دوم | ۱۶۱ | | |






# شرفِ انتساب

بانیٔ ادارہ، تلمیذِ حضور حافظِ ملت، ساحلِ ملت
حضرت علامہ مفتی عبد الرحیم صاحب مصباحی رحمۃ اللہ علیہ
کے نام

گر قبول افتد زہے عز و شرف

# چند اہم باتیں

دارالعلوم محبوبِ سبحانی کے شعبۂ دینیات کے پانچ سالہ ابتدائی نصاب ''سبحانی دینی نصاب'' کا دوسرا حصہ، آپ کے مطالعے کی میز پر ہے، شعبۂ دینیات کا یہ خصوصی نصاب، بحکمِ اراکینِ ادارہ تیار کیا گیا ہے، اِسے تیار کرنے کی ضرورت اِس لئے محسوس ہوئی کہ:

[۱] نصابِ تعلیم کے ذریعہ، چاہے جانے والے ہدَف تک رسائی جلد ہوجاتی ہے۔

[۲] نصاب متعین ہونے سے طلبہ کو معلوم رہتا ہے کہ ہمیں کس سال میں، کیا اور کتنا پڑھنا ہے۔

[۳] نصاب مقرر ہونے سے کم وقت میں طلبہ کے اندر بآسانی ضروری استعداد پیدا کی جاسکتی ہے۔

[۵] طالبِ علم بہت سی چیزوں کو کم وقت میں حاصل کرلیتا ہے۔

[٦] نصاب متعین کرنے کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ اِس کے ذریعہ تعلیم وتربیت کی ایک معین مقدار، استاذ اور والدین کے ذہن میں رہتی ہے، جس کے سبب استاذ کو پڑھانے میں اور والدین وسرست کو نگرانی کرنے میں آسانی ہوتی ہے۔

## کتاب میں اِن امور کا خاص لحاظ رکھا گیا ہے

☆ اِس کتاب میں بچوں اور بچیوں کی ذہنی نشونما اور اُن کی قوتِ ادراک کے لحاظ سے مختصر اور آسان جملوں کا استعمال کیا گیا ہے۔

☆ کتاب کا مواد معتبر ومستند کتابوں سے لیا گیا ہے، اکثر باتیں حوالہ جات سے مزین ہیں، البتہ جو باتیں مشہور ومعروف ہیں اُن کے حوالے ترک کردیئے گئے ہیں، یوں ہی روزمرہ استعمال کی جانے والی دعاؤں کے مآخذ بھی بیان نہیں کئے گئے۔

☆ پوری کتاب ''چودہ اسباق،، پر محیط ہے، جن میں ہر سبق ''آٹھ فصلوں،، پر مشتمل ہے۔

☆ پوری کتاب میں نہایت آسان لب ولہجے میں ''عقائد، فقہ، آداب، سیرت، اذکار، عام دینی معلومات اور معمولاتِ اہلِ سنت،، سے متعلق اہم اور ضروری باتیں درج کرنے کی پوری کوشش کی گئی ہے۔





☆ ہر سبق میں ''آیات واحادیث،، کے عنوان سے ایک مستقل فصل قائم کرکے، عقائدِ اہلِ سنت اور متعدد مسائلِ فقہیہ کی جانب رہ نمائی کرنے والی ''۲۸/آیاتِ قرآنیہ اور ۳۰/احادیثِ نبویہ،، کا انتخاب کیا گیا ہے، تاکہ پورے پانچ سالہ نصاب میں نونہالانِ اسلام کے دل ودماغ میں آیات واحادیث کا ایک معتدبہ ذخیرہ جمع ہوسکے اور یہ طلبہ اِن علمی ذخائر سے اپنے ایمان کی حفاظت کے ساتھ، بدمذہبوں کا رد بھی کرسکیں۔

☆ تمام عربی عبارتوں پر اعراب کا التزام کیا گیا ہے۔

☆ فصول کی ترتیب میں ألأهم فالأهم پر عمل کیا گیا ہے، یعنی جو باتیں اہم ہیں، اُن کو پہلے بیان کیا گیا ہے، ہر سبق میں فصلوں کی ترتیب کچھ یوں ہے۔ پہلی فصل: ایمانیات۔ دوسری فصل: فقہیات۔ تیسری فصل: اخلاقیات۔ چوتھی فصل: گوشۂ سیرتِ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم۔ پانچویں فصل: اذکار وادعیہ۔ چھٹی فصل: آیات واحادیث۔ ساتویں فصل: عام دینی معلومات۔ آٹھویں فصل: معمولاتِ اہلِ سنت و جماعت۔

☆ ہر فصل میں متعین عنوان سے متعلق ہی کلام کیا گیا ہے۔

☆ آٹھوں مضامین سے متعلق اہم باتوں کو انھی کی فصلوں میں قسط وار بیان گیا ہے، لہذا ہر مضمون کی فصل کے مباحثِ عالیہ کا تعلق، اُسی مضمون کی فصلِ سابق کے مباحثِ جلیلہ سے ہے۔

☆ حمد ونعت کے ساتھ، آٹھ چھوٹی سورتوں کی تحفیظ، ۱۰۰/تک عربی گنتی، عربی مہینوں کے نام، عربی دنوں کے نام اور چند اہم عربی مفردات کو بھی شامل کیا گیا ہے، تاکہ نانہالانِ اسلام کا تعلق، اپنی اسلامی سرکاری زبان ''عربی'' سے قائم ودائم رہے۔

☆ یہ نصاب روزانہ ایک گھنٹے کی ترتیب پر بنایا گیا ہے، تاکہ طلبہ اپنی عصری تعلیم کے ساتھ روزانہ کچھ نہ کچھ دینی تعلیم بھی حاصل کرتے رہیں۔

☆ دینی تعلیم حاصل کرنے میں زبان رکاوٹ نہ بنے اور زیادہ سے زیادہ لوگ فائدہ اٹھائیں، اِس مقصد کے تحت کتاب کو ''رومن انگلش،، میں بھی منتقل کیا گیا ہے، تاکہ جن بچوں کی اردو کمزور ہو، وہ انگلش کا

سہارا لے کر ہوم ورک کرسکیں۔

☆ کتاب کو مختلف خوب صورت رنگوں سے سجایا گیا ہے، تا کہ بچوں کی دل چسپی کا سامان ہو جائے۔

## چند باتیں اساتذۂ کرام سے:

طلبہ کی تعلیم و تربیت میں اساتذہ و معلمین کے ذاتی اوصاف و عادات کا سب سے اہم کردار ہوتا ہے، طلبہ اپنے استاذ کے اوصاف و عادات سے شعوری یا غیر شعوری طور پر متاثر ہوتے ہیں، اِس لئے بحیثیت استاذ آپ کی ذمہ داری ہے کہ مندرجہ ذیل پہلوؤں کو خاص طور پر پیشِ نظر رکھیں! تا کہ آپ کا قابلِ تقلید اُسوہ، طلبہ کے روشن و تابناک مستقبل کا ضامن ہو۔

☆ وقت کی پابندی کیجئے، پان یا مسالہ کھا کر درسگاہ میں ہرگز نہ آیئے۔

☆ طلبہ سے مسکراتے ہوئے ملیے اور اُن کے ساتھ نرمی و ملاطفت سے پیش آیئے۔

☆ اُن کی عزتِ نفس کا خیال رکھیے، اُن کی تحقیر یا تذلیل سے گریز کریئے۔

☆ اُنہیں پیٹنے سے مکمل پرہیز کریئے، بوقتِ حاجت، تادیبی کاروائی کی دوسری صورتیں اختیار کیجئے۔

☆ اُن کے سوالات کے تسلی بخش جوابات دیجئے! غلط اور غیر تسلی بخش جواب دینا شرعی جرم بھی ہے اور درس گاہ کی توہین بھی۔

☆ اگر طلبہ کے کسی سوال کا جواب معلوم نہ ہو تو خندہ پیشانی سے عدمِ واقفیت کا اعتراف کریئے اور معلومات کر کے بتایئے! تا کہ اُن کا اعتماد بحال رہے۔

☆ اگر اُن میں کوئی شرعی یا اخلاقی خامی نظر آئے تو بروقت نرم لب و لہجے میں اُن کی اصلاح فرمایئے، اصلاح کے موقع پر ڈانٹ پھٹکار مؤثر ثابت نہیں ہوتی۔

☆ اُن کے ساتھ غیر معمولی قرب اور لگاؤ کا اظہار کریئے، اور ایک والد کے مانند شفقت فرمایئے۔

☆ کلاس کے ہر بچے پر توجہ فرمایئے! تا کہ کسی کو ترجیحی سلوک کا احساس نہ ہو، بلکہ ہر ایک یہی محسوس کرے کہ آپ کو اُس سے غیر معمولی انس ہے۔





☆ اپنی تبلیغی کاوشوں سے بچوں کے اندر حصولِ علم کی غیر معمولی لگن پیدا کریئے، تا کہ وہ آپ کی ہر بات گوشِ دل سے سنیں اور عمل کریں۔

☆ اپنی شخصیت کو دل کش اور اثر انگیز بنایئے، تا کہ طلبہ آپ سے بِدکنے کے بجائے قریب آئیں اور آپ کا اثر قبول کریں۔

☆ جو باتیں بچوں کو بتایئے، اُن پر خود بھی عمل کریئے، بلکہ اپنی سیرت کے تمام گوشوں پر برابر نظر رکھیے، تا کہ طلبہ کو تقلید کے لئے ایک شاندار اسوہ مل سکے۔

☆ اپنے علم میں اضافے، نیز پختگی اور اپنی معلومات پر یقینِ محکم پیدا کرنے کے لئے مسلسل کتب بینی کرتے رہیے۔

☆ عفو و درگزر اور تحمل و بردباری سے کام لیجئے، چڑچڑے اور غصہ وَر لوگ کامیاب استاذ نہیں بن پاتے۔

## نصابِ تعلیم سے متعلق اِن اُمور پر خاص توجہ فرمائیں!

☆ کتاب میں چودہ اسباق ہیں، ہر سبق آٹھ مختلف فصلوں پر مشتمل ہے۔

☆ سات اسباق شش ماہی اول میں اور سات اسباق شش ماہی دوم میں حفظ کرائیں!

☆ ایک سبق پندرہ دنوں میں مکمل کرائیں، پندرہ دنوں میں کمی یا بیشی ہرگز نہ ہونے پائے۔

☆ ہر درس کی مکمل توضیح و تشریح کریں! یعنی تحفیظ سے قبل تفہیم کا مرحلہ طے کریں۔

☆ اجتماعی طریقۂ تعلیم کا اہتمام کریں، یعنی ہر گھنٹی کے تمام طلبہ کو ایک ساتھ پڑھائیں، کسی ایک طالبِ علم سے تمام طلبہ کو پڑھوائیں، اگر یہ طالبِ علم غلطی کرے تو اُس کی درستگی طلبہ ہی سے کرائیں، اِس سے تمام طلبہ درس پر متوجہ رہیں گے، اُن کا شوق بڑھے گا اور مکمل وقت تعلیم پر لگے گا۔ انفرادی طریقۂ تعلیم میں یہ فائدے نہیں ملتے۔

☆ آیاتِ کریمہ، احادیثِ نبویہ اور دیگر اذکار کی تحفیظ میں تجوید کی مکمل رعایت فرمائیں!

☆ طلبہ کو اردو رسم الخط ہی سے پڑھائیں، دشواری کی صورت میں، ہوم ورک کے وقت رومن انگلش کا سہارا لینے کی تلقین کریں!

☆ اگلا سبق حفظ کرانے سے قبل، پچھلے سبق کا اِعادہ کرائیں تا کہ ابحاث سمجھنے میں آسانی ہو۔

☆ اگر ممکن ہو تو آیات واحادیث کے حوالہ جات بھی حفظ کرائیں!

☆ آیات واحادیث سے مستنبط ہونے والے عقائد ومسائل کی توضیح کریں!

☆ ہر درس کی فصل درسِ ماقبل کی فصل سے مربوط ہے، اِس ربط کا خاص خیال فرمائیں!

☆ کتاب کے آخر میں درج، شش ماہی اور سالانہ نصاب کے ضمیمے بھی حفظ کرائیں!

☆ ساڑھے تین مہینے میں ساتوں اسباق کی تکمیل کرائیں، پھر ڈیڑھ مہینے میں امتحان کی تیاری کرائیں!

## بچوں کے والدین توجہ فرمائیں!

☆ بچوں کو روزانہ، وقت کی پابندی کے ساتھ بھیجیں، ناغے تعلیم کو زبردست نقصان پہنچاتے ہیں۔

☆ بچوں کے جسم اور اُن کی یونیفارم کی صفائی کا مکمل خیال رکھیں!

☆ ایک زائد ڈریس سلوائیں، تا کہ یونیفارم میلی ہونے پر بچوں کو دشواری نہ ہو۔

☆ بارہ سال سے کم عمر کے بچوں کو خود لائیں اور لے جائیں، تا کہ کوئی حادثہ رونما نہ ہونے پائے۔

☆ بلا ناغہ ہوم ورک کرائیں اور استاذ بچوں کو جو کچھ بتائیں، اُن سے اُس پر عمل کرائیں!

☆ پندرہ دنوں میں کم از کم ایک بار استاذ سے مل کر، بچوں کی کیفیت دریافت کریں!

☆ بچوں کو کہیں بھیجنا ہو تو تحریری شکل میں رخصت حاصل کریں!

☆ اگر کسی دن اتفاقاً بچے نہ آپائیں تو فون کے ذریعہ اُن کے استاذ کو اطلاع دیں!

ہماری کوششیں اُسی وقت بارآوَر ہوسکتی ہیں، جبکہ ہمیں آپ کا خصوصی تعاون حاصل ہو، آپ کی سستی ولاپرواہی کے ساتھ، ہماری کاوش ولگن، چنداں سودمند ثابت نہ ہوگی، اگر آپ حضرات، دنیاوی تعلیم کی طرح اپنی بچوں کی دینی تعلیم پر بھی مکمل توجہ دیں، تو نہ صرف یہ کہ آپ کے بچے دینی تعلیم سے خوب خوب آراستہ ہوں گے، بلکہ دارین کی سعادتیں بھی آپ کے قدم چومیں گی۔ ان شاءاللہ تعالیٰ۔





دعا کرتا ہوں کہ مولیٰ تعالیٰ اِس کتاب کا افادہ عام سے عام تر فرمائے، اِسے، اِس کے مؤلف، معلم، متعلم، قاری، ناشر اور جملہ معاونین کی بخشش کا وسیلہ بنائے! آمین بجاہِ سید المرسلین حبیبنا و سیدنا محمد المصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

احقر الزمن سید محمد اکرام الحق قادری مصباحی عفی عنہ
صدر المدرسین دار العلوم محبوب سبحانی کرلا ویسٹ ممبئی
۲۹ رشعبان المعظم ۱۴۳۹ھ
مطابق ۱۵ رمئی ۲۰۱۸ء
9029249679

# حمد باری تَعالی

{دردِ دل کر مجھے عطا یارب}

دردِ دِل کر مجھے عَطَا یا رب — دے مِرے دَرْدْ کی دوا یا رب
لاج رکھ لے گناہ گاروں کی — نام رَحمٰن ہے ترا یا رب
بے سبب بخش دے نہ پوچھ عَمَل — نام غَفَّار ہے ترا یا رب
تونے میرے ذَلیل ہاتھوں میں — دامنِ مُصطفٰے دِیا یا رب
ہر بھلے کی بھلائی کا صدقہ — اِس بُرے کو بھی کر بَھلا یا رب
مجھے دونوں جہاں کے غم سے بچا — شاد رکھ شاد دائما یا رب
دشمنوں کے لئے ہدایت کی — تجھ سے کرتا ہوں اِلتجَا یا رب
تو حَسَنْ کو اُٹھا حَسَن کرکے — ہو مَعَ الْخَیْرْ خَاتِمَہ یا رب

**مشکل الفاظ کے مَعَانِی:**

رحمٰن (بہت زیادہ مہربان)۔غَفَّار (بہت بخشنے والا)۔شاد (خوش)۔دائما (ہمیشہ)۔اِلْتجَا (گزارش)۔مع الخیر (بھلائی کے ساتھ)۔[ذوقِ نعت،ص:٥٩]





# نعت پاک

{سب سے اَوْلٰی واَعلٰی ہمارا نبی}

سب سے اَوْلٰی و اَعْلٰی ہمارا نبی — سب سے بالا و وَالا ہمارا نبی
اپنے مولٰی کا پیارا ہمارا نبی — دونوں عَالَم کا دولہا ہمارا نبی
جس کے تلووں کا دھووَن ہے آبِ حیات — ہے وہ جانِ مسیحا ہمارا نبی
خَلق سے اَولیا ، اولیا سے رُسُل — اور رسولوں سے اعلٰی ہمارا نبی
جیسے سب کا خدا ایک ہے ویسے ہی — اِن کا اُن کا تمھارا ہمارا نبی
کَوْن دیتا ہے دینے کو منھ چاہئے — دینے والا ہے سچا ہمارا نبی
سارے اَچھوں میں اچھا سمجھیے جسے — ہے اُس اچھے سے اچھا ہمارا نبی
سارے اُونچوں میں اونچا سمجھیے جسے — ہے اُس اُونچے سے اُونچا ہمارا نبی
غمزدوں کو رضا مژدہ دیجے کہ ہے — بے کسوں کا سہارا ہمارا نبی

**مشکل الفاظ کے مَعَانِیْ:**

اَوْلٰی واَعلٰی (سب سے بلند وبالا)۔بالا (اونچا)۔وَالا (ذی عزت، بزرگ)۔آبِ حیات (اَمُرت، جس کے پینے سے موت نہیں آتی)۔مَسِیْحَا (حضرت عیسٰی علیہ السلام کا لقب، جو بطورِ معجزہ مردوں کو زندہ کردیتے تھے)۔خلق (مخلوق)۔رُسُل (رسول کی جمع)۔مژدہ (خوش خبری)

[حدائقِ بخشش،ص:١٣٨،مطبوعہ مکتبۃ المدینہ]

# پہلا سبق

## پہلی فصل {ایمانیات، ایمان سے متعلق باتیں}

**سوال ۱:** ہم کون ہیں اور ہمارا مذہب کیا ہے؟

**جواب:** اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ہم مؤمن، یعنی صَاحِبِ ایمان ہیں اور ہمارا مذہب ''اسلام'' ہے۔

**سوال ۲:** ایمان کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** ہمارے آقا سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، اللہ رب العزت کے پاس سے جو کچھ لائے، ان سب کو حق جاننے اور سچے دل سے ماننے کو ''ایمان'' کہتے ہیں۔ ''یا'' جو باتیں ضروریاتِ دین میں سے ہیں، سچے دل سے اُن کی تصدیق کرنے کو ''ایمان'' کہتے ہیں۔[1]

**سوال ۳:** ضروریاتِ دین سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** ضروریاتِ دین سے مراد وہ دینی مسائل ہیں جن کو ہر خاص و عام جانتے ہوں، جیسے اللہ تبارک تعالیٰ کو ایک ماننا، انبیائے کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کی نبوت کا اقرار کرنا، جنت، دوزخ، حشر ونشر اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خاتم النبیین [آخری نبی] ہونے کا یقین کرنا وغیرہ۔[2]

**حدیثِ پاک**

آقائے دوجہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

ایک اعالم دین شیطان پر ہزار عابدوں سے زیادہ بھاری ہے۔ (جامع ترمذی، ج:۲، ص:۹۷)

[1] [بہارِ شریعت، حصہ:۱، ص:۹۲]  [2] [بہارِ شریعت، حصہ:۱، ص:۹۲]





## دوسری فصل {فقہیات، فقہی مسائل}

**سوال ۱:** نجاست یعنی ناپاک چیزوں کی کتنی قسمیں ہیں؟

**جواب:** نجاست کی دو قسمیں ہیں: [۱] نجاستِ غلیظہ، اِس کا حکم سخت ہے۔ [۲] نجاستِ خفیفہ، اِس کے حکم میں آسانی ہے۔

**سوال ۲:** کون کون سی چیزیں نجاستِ غلیظہ میں آتی ہیں؟

**جواب:** انسان کا پیشاب، پاخانہ، بہتا خون، پیپ، منہ بھر قَے [الٹی]، حرام جانوروں مثلاً کتا، شیر، بلی، لومڑی، گدھا، چوہا، ہاتھی کا پیشاب اور پاخانہ نجاستِ غلیظہ ہیں۔ اِسی طرح ہر حلال جانور کا پاخانہ مثلاً گائے اور بھینس کا گوبر، بکری اور اونٹ کی مینگنی، مرغی اور بطخ کی بیٹ، یہ سب نجاستِ غلیظہ ہیں۔ درندے جانوروں کا لعاب [تھوک] بھی نجاستِ غلیظہ ہے۔ دودھ پیتے لڑکے یا لڑکی کا پیشاب بھی نجاستِ غلیظہ ہے۔

**سوال ۳:** نجاستِ خفیفہ میں کون کون سی چیزیں داخل ہیں؟

**جواب:** حلال جانوروں [مثلاً گائے، بھینس، اونٹ، بکری، بھیڑ وغیرہ] کا پیشاب نجاستِ خفیفہ ہے، گھوڑے کا پیشاب بھی نجاستِ خفیفہ ہے، حرام پرندوں [مثلاً کوّا، چیل، شکرا وغیرہ] کی بیٹ بھی نجاستِ خفیفہ ہے۔[1]

[1] [ملخصاً، از بہارِ شریعت، ج:۱، نجاستوں کا بیان]

## تیسری فصل {اخلاقیات، اسلامی حقوق وآداب}

### {رزقِ حلال کی اہمیت}

**سوال ١:** حلال رزق اور پاکیزہ کھانے کی اہمیت بیان فرمائیں!

**جواب:** مسلمانوں پر واجب وضروری ہے کہ حرام ونا پاک چیزوں سے مکمل پرہیز کریں، نہ خود کھائیں، نہ اپنے اہل وعیال کو کھلائیں، ہر مؤمن پر حلال اور پاکیزہ کھانے کا اہتمام کرنا فرض ہے۔

**سوال ٢:** ہم کیسے معلوم کریں کہ کون سا کھانا حرام ونا پاک ہے اور کون سا رزق حلال وطیب ہے؟

**جواب:** اِس میں بڑی تفصیل ہے، جسے ان شاء اللہ تعالیٰ آگے بیان کیا جائے گا، بس اِتنا سمجھ لیں کہ مذہبِ اسلام نے جن جن چیزوں کو حرام قرار دیا ہے، وہ خبیث اور نا پاک ہیں، اُنھیں کھانا یا استعمال میں لانا، نا جائز ہے، اِسی طرح وہ چیزیں جو بذاتِ خود حرام تو نہ ہوں، لیکن اُنھیں حرام طریقے سے حاصل کیا گیا ہو، اُنھیں بھی کھانا پینا، نا جائز ہے، اس لیے کھانے پینے سے پہلے غور کر لینا چاہیے کہ یہ حرام و نا جائز تو نہیں ہے، مؤمن کی شان یہ ہونی چاہیے کہ وہ بھوکا رہ لینا گوارا کر لے، مگر حلق سے حرام لُقمَہ اتارنا گوارا نہ کرے، حرام لقموں سے پرورش پانے والا جسم، دوزخ کی آگ میں جلنے کا حق دار ہوتا ہے۔





### {کھانے کے آداب}

**سوال ٣:** کھانا کھانے کا اسلامی طریقہ کیا ہے؟

**جواب:** کھانا کھانے کے چند اسلامی آداب یہ ہیں [١] کھانے سے پہلے دونوں ہاتھ گَٹّوں تک دھوئیں [٢] ہاتھ نہ پوچھیں [٣] سُنَّت کے مطابق بیٹھیں، یعنی الٹا پیر بچھائیں، سیدھا کھڑا رکھیں یا دونوں گھٹنے کھڑے رکھیں [٤] ٹوپی وغیرہ سے سر ڈھانپ لیں [٥] اطمینان کے ساتھ بلند آواز سے "بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ" پڑھیں [٦] کھانا کھانے کی دعا بھی پڑھ لیں [٧] سیدھے ہاتھ سے کھائیں [٨] اول و آخر نمک چکھ لیں [٩] سامنے سے کھائیں [١٠] چھوٹے چھوٹے لقمے لیں [١١] نہ ہی بک بک کریں، نہ ہی بالکل خاموش رہیں [١٢] کھانے کے بعد کی دعا پڑھیں۔[١]

**حدیثِ پاک**

سرکارِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جس نے ایسے علم کو سیکھا جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی طلب کی جاتی ہے، مگر اُس نے اِس لیے سیکھا کہ اُس علم سے متاعِ دُنیا حاصل کرے تو قیامت کے دن اسے جنت کی خوش بو تک میسر نہ ہوگی۔ (سنن ابوداوٗد، ج:٢۔ص:٥١٥)

[١] [ملخصاً، از بہارِ شریعت، ج:٣، حصہ:١٦، کھانے کا بیان]

## چوتھی فصل { گوشۂ سیرتِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم }

**سوال ۱:** اللہ ربُّ العزت نے ہمیں اپنے کس نبی کی امت میں پیدا فرمایا؟

**جواب:** اللہ ربُّ العزت نے ہمیں، تمام نبیوں کے سردار صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی امت میں پیدا فرمایا۔

**سوال ۲:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اسمِ گرامی کیا ہے؟

**جواب:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بے شمار اسمائے گرامی ہیں، جو حضور کی مختلف فضائل اور صِفات کی ترجمانی کرتے ہیں، لیکن پانچ ناموں کو سرکار علیہ الصلاۃ والسلام نے خصوصی طور پر ذکر فرمایا ہے:
[۱] مُحَمَّدٌ [۲] اَحْمَدُ [۳] مَاحِیْ [۴] حَاشِرٌ [۵] عَاقِبٌ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔[۱]

**سوال ۳:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ممتاز خطابات کیا ہیں؟

**جواب:** آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم[۳] کے ممتاز خطابات بھی شمار سے زیادہ ہیں، اُن میں سے چند یہ ہیں: [۱] رحمۃٌ لِّلْعَالَمِیْنَ [۲] خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ [۲] شَفِیْعُ الْمُذْنِبِیْنَ [۳] اِمَامُ الاَنْبِیَآءِ [۴] سَیِّدُ الثَّقَلَیْنِ [۵] طٰہٰ [۶] یٰسٓ [۷] مزَّمِّلْ [۸] مُدَّثِّرْ وغیرہ۔[۲]

۱ [السنن للامام الترمذی، باب ماجآء فی اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم، رقم الحدیث: ۳۰۷۵]
۲ [سیرت النبی کی جھلکیاں، ص: ۱۳]





## پانچویں فصل { اَذْکار و اَدْعِیَہ }

### { تَعَوُّذْ }

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

ترجمہ: میں اللہ رب العزت کی پناہ مانگتا ہوں مردود شیطان سے۔

### { تَسْمِیَہ }

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع، جو بہت مہربان رحمت والا

### { ثَنآء }

سُبْحٰنَكَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰی جَدُّكَ وَلَا اِلٰہَ غَیْرُكَ

ترجمہ: اے اللہ عزّ وجل! تو پاک ہے، میں تیری حمد بیان کرتا ہوں، تیرا نام بَرَکت والا ہے، تیری شان بہت بلند ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔

## چھٹی فصل {آیات واحادیث}

### آیت نمبر [۱]

اللہ عزوجل نے فرمایا: اِنۡ تُبۡدُوۡا شَیۡـًٔا اَوۡ تُخۡفُوۡہُ فَاِنَّ اللّٰہَ کَانَ بِکُلِّ شَیۡءٍ عَلِیۡمًا ۔

ترجمۂ کنزالایمان: اگرتم کوئی بات ظاہر کرو یا چھپاؤ، تو بے شک اللہ سب کچھ جانتا ہے۔[۱]

### آیت نمبر [۲]

اللہ عزوجل نے فرمایا: یٰۤاَیُّہَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوا اذۡکُرُوا اللّٰہَ ذِکۡرًا کَثِیۡرًا وَّ سَبِّحُوۡہُ بُکۡرَۃً وَّ اَصِیۡلًا ۔ ترجمۂ کنزالایمان: اے ایمان والو! اللہ کو بہت یاد کرو اور صبح وشام اُس کی پاکی بولو![۲]

### حدیث نمبر [۱]

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اِنَّمَا الۡاَعۡمَالُ بِالنِّیَّاتِ وَ اِنَّمَا لِکُلِّ امۡرِءٍ مَّا نَوٰی ۔ ترجمہ: اعمال کے ثواب کا دارومدار نیتوں پر ہے، انسان کو اُس کی نیت ہی کے مطابق جزا دی جاتی ہے۔[۳]

### حدیث نمبر [۲]

مدنی تاجدار صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نِیَّۃُ الۡمُؤۡمِنِ خَیۡرٌ مِّنۡ عَمَلِہٖ ۔

ترجمہ: مومن کی نیت اُس کے عمل سے بہتر ہے۔[۴]

[۱] [پارہ:۲۲، الاحزاب:۵۴]  [۲] [پارہ:۲۲، الاحزاب:۴۱/۴۲]

[۳] [صحیح الامام البخاری، باب کیف کان بدء الوحی الی رسول اللہ، رقم الحدیث:۱، الصحیح للامام مسلم، باب قول اللہ انما العمال بالنیۃ، رقم الحدیث:۵۰۳۶]

[۴] [حلیۃ الاولیاء، ج:۳، ص:۲۵۵۔ فتاوی رضویہ، ج:۲، ص:۶۸۰، بحوالہ جامع الاحادیث ج:۱]





## ساتویں فصل {عام دینی معلومات}

**سوال ۱:** اسلام کی بنیاد کتنی باتوں پر قائم ہے؟

**جواب:** اسلام کی بنیاد، پانچ باتوں پر قائم ہے [۱] اِس بات کی شہادت دینا کہ اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں اور حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اللہ عزّوجل کے خاص بندے اور اُس کے رسولِ مُعَظّم ہیں [۲] نماز قائم کرنا [۳] زکاۃ ادا کرنا [۴] حجّ بیت اللہ کرنا [۵] رمضان کے پورے روزے رکھنا۔[۱]

**سوال ۲:** رات دن میں کتنی نمازیں فرض ہیں اور اُن کے نام کیا ہیں؟

**جواب:** دن رات میں پانچ وقت کی نمازیں ہر مسلمان عاقل بالغ پر فرض ہیں، اُن کے نام یہ ہیں:

[۱] فَجر [۲] ظُہر [۳] عَصر [۴] مَغرِب [۵] عِشَا۔

**سوال ۳:** زکاۃ، کن لوگوں پر فرض ہے؟

**جواب:** جو عاقل و بالغ مسلمان ساڑھے باوَن تولہ چاندی یا ساڑھے سات تولہ سونے کا، یا اِتنی قیمت کا مالک ہو، اور یہ مال حاجتِ اصلیہ سے زائد ہو، تو اُس پر، سال گزر جانے کے بعد چالیسواں حصہ زکاۃ دینا فرض ہے۔

[۱] [الصحیح للامام البخاری، ج:۱، کتاب الایمان، رقم الحدیث:۸۔ الصحیح للامام مسلم، کتاب الایمان، ج:۱، رقم الحدیث:۱۲۰]

## آٹھویں فصل {معمولاتِ اہلِ سنت و جماعت}

**سوال ۱:** اہلِ سنت و جماعت [سُنّی] کسے کہا جاتا ہے؟

**جواب:** اہلِ سنت و جماعت ، وہی جماعت ہے، جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت پر عمل پیرا رہے، بد مذہبوں سے کنارہ کش رہے اور صحابۂ کرام کے عقائد و معمولات سے وابستہ رہے۔

**سوال ۲:** موجودہ دَور میں اہلِ سنت و جماعت کا اِطلاق کِس جماعت پر ہوتا ہے؟

**جواب:** آج کے دور میں سنی وہ ہے ، جو حدیثِ رسول "مَا اَنَا عَلَیْهِ وَاَصْحَابِیْ" کا صحیح مصداق ہو، یہ وہ لوگ ہیں جو خلفاے راشدین [ حضرات ابو بکر ، عمر، عثمان اور علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین ] اور ائمۂ دین [ حضراتِ امام اعظم ابوحنیفہ، امام مالک ، امام شافعی اور امام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین ] اور مُسلَّم مشائخِ طریقت اور بعد کے علماے کرام میں سے، حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی، حضرت بحر العلوم مولانا عبدالعلی فرنگی محلّی ، حضرت علامہ فضلِ حق خیرآبادی ،حضرت مولانا شاہ فضل رسول بدایونی ، حضرت مفتی اِرشاد احمد رام پوری اور اعلیٰ حضرت مولانا مفتی شاہ احمد رضا بریلوی رضی اللہ عنہم اجمعین کے مسلک پر ہوں۔[۱]

۱ [الفقیہ ، امرت سر، ۲، ۱۱ اگست ۱۹۹۵، ص: ۹]





# دوسرا سبق

## پہلی فصل {ایمانیات، ایمان سے متعلق باتیں}

**سوال ۱:** کون سا کلمہ پڑھنے سے انسان ''اسلام،، میں داخل ہوتا ہے ؟ ترجمہ کے ساتھ نام کی بھی وضاحت فرمائیں!

**جواب:** پہلا کلمہ یعنی "لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ" پڑھنے سے انسان مذہبِ اسلام میں داخل ہوجاتا ہے، اِسے ''کلمۂ طیّب'' کہتے ہیں، اِس کلمہ کا ترجمہ یہ ہے ''اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی خدا نہیں، حضرت سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ عزَّ و جلَّ کے رسول ہیں''۔

**سوال ۲:** کلمۂ شہادت ترجمہ کے ساتھ سنائیں!

**جواب:** أَشْهَدُ أَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ أَشْهَدُ أَنَّ سَيِّدَنَا وَ مَوْلٰينَا مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَ رَسُوْلُهٗ۔ ترجمہ: میں گواہی دیتا [یا دیتی] ہوں کہ اللہ رب العزت کے سوا کوئی معبودِ حقیقی نہیں، وہ تنہا ہے، اُس کا کوئی شریک نہیں، اور گواہی دیتا [یا دیتی] ہوں کہ ہمارے سردار حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اُس کے بندے اور رسول ہیں۔

**سوال ۳:** کفر کسے کہتے ہیں؟ وضاحت فرمائیں!

**جواب:** جو باتیں ضروریاتِ دین میں سے ہیں ، اُن میں سے کسی بات کا انکار کرنا "کُفْر" ہے۔[۱]

۱ [ملخصاً، از: بہار شریعت، حصہ: ۱، ص: ۹۳]

## دوسری فصل {فقہیات، فقہی مسائل}

**سوال ۱:** نجاستِ غلیظہ اگر بدن یا کپڑے پر لگ جائے تو اُس کا کیا حکم ہے؟

**جواب:** نجاستِ غلیظہ اگر بدن یا کپڑے پر ایک درہم سے زیادہ لگ جائے تو اُس کو پاک کرنا فرض ہے، اگر بغیر پاک کیے نماز پڑھ لی تو نماز نہیں ہوگی، اگر ایک درہم کے برابر لگ جائے تو اُسے پاک کرنا واجب ہے، اگر بغیر پاک کیے نماز پڑھ لی تو اُس نماز کو نجاست دور کرنے کے بعد دوبارہ پڑھنا واجب وضروری ہے۔

**سوال ۲:** نجاستِ غلیظہ اگر بدن یا کپڑے پر ایک درہم سے کم لگ جائے تو اس کا کیا حکم ہے؟

**جواب:** نجاستِ غلیظہ اگر ایک درہم سے کم لگی ہو تو اُسے پاک کرنا سنت ہے، یعنی اگر اُسے دور کیے بغیر نماز پڑھ لی تو نماز ہو جائے گی، مگر خلافِ سنت ہوگی، ایسی نماز کو دوبارہ پڑھنا بہتر ہے۔

**سوال ۳:** ایک درہم کا کیا مطلب؟

**جواب:** نجاست اگر گاڑھی ہے جیسے پاخانہ، تو وزن کا اعتبار ہے، اور اس جگہ درہم کا وزن، شریعت کے نزدیک ساڑھے چار ماشے [یعنی تقریباً ساڑھے چار گرام] ہے، اور اگر نجاست پتلی ہے، جیسے آدمی کا پیشاب، تو درہم سے مراد اُس کی لمبائی اور چوڑائی ہے، اور شریعت نے اُس کی مقدار ہتھیلی کی گولائی کے برابر بتائی ہے۔[۱]

[۱] [ملخصاً، از: بہارِ شریعت، ج:۲، نجاستوں کا بیان]





## تیسری فصل {اخلاقیات، اسلامی حقوق وآداب}

### {کھانے کے دوران اِن باتوں سے بچیں}

**سوال ۱:** کھانا کھانے کے دوران کن باتوں سے بچنا چاہیے؟

**جواب:** دورانِ طعام اِن باتوں سے بچا جائے [۱] روٹی پر کوئی چیز نہ رکھی جائے [۲] ہاتھ اور چاقو کو روٹی سے نہ پوچھا جائے [۳] ٹیک نہ لگائی جائے [۴] زمین پر بایاں ہاتھ ٹیک کر کھانا بھی مکروہ ہے [۵] گرم کھانا نہ کھایا جائے [۶] کھانے کو پھونکنے یا سونگھنے سے بھی بچا جائے [۷] کھانے میں عیب نکالنا بری بات ہے [۸] روٹی کو چھری سے نہ کاٹے، ڈبل روٹی کاٹ سکتا ہے۔[۱]

### {پینے کے آداب}

**سوال ۲:** پانی پینے کا اسلامی طریقہ بیان فرمائیں!

**جواب:** پانی پینے کا اسلامی طریقہ یہ ہے کہ [۱] سر ڈھانک کر [۲] "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ" پڑھ کر [۳] داہنے ہاتھ سے [۴] تین سانس میں پیے [۵] ہر بار برتن کو منہ سے ہٹا کر سانس لے [۵] پہلی اور دوسری مرتبہ ایک ایک گھونٹ پیے اور تیسری سانس میں جتنا چاہے پی ڈالے [۶] پانی چوس کر پیے، یعنی غٹ غٹ بڑے بڑے گھونٹ نہ لے [۷] جب پی چکے تو "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ" کہے۔[۲]

[۱] [ملخصاً، از: بہارِ شریعت، ج:۳، حصہ:۱۶، کھانے کا بیان] [۲] [ملخصاً، از: بہارِ شریعت، ج:۳، حصہ:۱۶، کھانے کا بیان]

**سوال ۳:** بائیں ہاتھ سے پانی پینا، یا گلاس میں بچا ہوا پانی پھینک دینا کیسا ہے؟

**جواب:** بائیں ہاتھ سے پانی پینا عیسائیوں کی تہذیب ہے، اسلامی تہذیب یہی ہے کہ پانی ہمیشہ داہنے ہاتھ سے پیا جائے، اگر چہ کھانے کے دوران ہو، پینے کے بعد بچے ہوئے پانی کو پھینکنا بھی فضول خرچی ہے، یہ ہندوؤں کا طریقہ ہے، اسلام میں چھوت چھات نہیں، مسلمان کا جوٹھا دوسرا مسلمان پی سکتا ہے۔[1]

## حدیثِ پاک

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جسے بغیر علم کے کوئی فتویٰ دیا گیا، اُس کا گناہ فتویٰ دینے والے پر ہوگا اور جس نے جان بوجھ کر اپنے (مسلم) بھائی کو غلط مشورہ دیا تو اُس نے اُس کے ساتھ خیانت کی۔

(سنن ابوداؤد، ج:۲،ص:۵۱۵)

[1] [ملخصاً، از: بہارِ شریعت، ج:۳، حصہ:۱۶، پانی پینے کا بیان]





# چوتھی فصل {گوشۂ سیرتِ مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم}

**سوال ۱:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سب سے مشہور نام کیا ہے؟

**جواب:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سب سے مشہور نام "مُحَمَّد" ہے، جو ہستی تمام صفاتِ خیر [خوبیوں] کی جامع ہو، اور جس کی ہر لمحہ تعریف و توصیف کی جاتی ہو، اُسے "مُحَمَّد" کہا جاتا ہے، اللہ ربُّ العزت نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایسا ہی بنایا ہے۔[1]

**سوال ۲:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دوسرا مشہور نام کیا ہے؟

**جواب:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دوسرا مشہور نام "اَحْمَد" ہے، حضرت سیدنا موسیٰ اور حضرت سیدنا عیسیٰ علیہما الصلاۃ والسلام نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اِسی نام سے یاد کیا۔

**سوال ۳:** احمد کا معنیٰ و مفہوم کیا ہے؟

**جواب:** احمد، اسمِ تفضیل کا صیغہ ہے، جس کا معنیٰ ہے "اَحْمَدُ الْحَامِدِیْنَ" یعنی وہ ہستی جو ہر حمد [تعریف] کرنے والے سے زیادہ، اپنے رب کی حمد کرنے والی ہو۔ چوں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لمحہ لمحہ اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا سے آباد ہے اور بروزِ قیامت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ عز وجل کی ایسی ثنا بیان کریں گے، کہ تمام اولین و آخرین میں سے کسی نے بھی ویسی حمد و ثنا بیان نہ کی ہوگی، اِس لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نامِ گرامی "احمد" ہوا۔

**سوال ۴:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ماحی، حاشر اور عاقب کیوں کہا گیا؟

**جواب:** ماحی: اِس لیے نام ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ذریعے کفر کو مٹایا، حاشر سے اِس لیے موسوم ہوئے کہ اللہ تعالیٰ، حشر کے دن لوگوں کو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قدموں پر جمع فرمائے گا، اور عاقب نام اِس لیے منتخب ہوا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کوئی نبی نہیں۔[2]

[1] [ملخصاً، از: ضیاء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، جلد دوم، ص:۶۱/ ۶۲]
[2] [السنن للامام الترمذی، باب ماجآء فی اسماء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، رقم الحدیث:۳۰۷۵]

## پانچویں فصل {اَذْکَار و اَدْعِیَہ}

### {سُوْرَۃُ الفَاتِحَۃ}

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ○ اَلرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○ مٰلِكِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ ○ اِیَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاكَ نَسۡتَعِیۡنُ ○ اِہۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ ○ صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡہِمۡ ۙ۬ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡہِمۡ وَلَا الضَّآلِّیۡنَ ○

ترجمۂ کنز الایمان: سب خوبیاں اللہ کو، جو مالک سارے جہان والوں کا۔ بہت مہربان رحمت والا۔ روزِ جزا کا مالک۔ ہم تجھی کو پوجیں اور تجھی سے مدد چاہیں۔ ہم کو سیدھا راستہ چلا۔ راستہ اُن کا جن پر تو نے احسان کیا۔ نہ اُن کا جن پر غضب ہوا اور نہ بہکے ہوؤں کا۔ آمین

### {رُکُوع کی تسبیح}

سُبۡحٰنَ رَبِّیَ الۡعَظِیۡمِ۔

ترجمہ: میرا عظمت والا پروردگار [ہر عیب سے] پاک ہے۔





## چھٹی فصل {آیات واحادیث}

**آیت نمبر [۳]**

اللہ عزوجل نے فرمایا: لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ اِنَّ اللّٰہَ ہُوَ الۡغَنِیُّ الۡحَمِیۡدُ۔

ترجمۂ کنز الایمان: اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے، بے شک اللہ ہی بے نیاز ہے، سب خوبیوں سراہا۔[۱]

**آیت نمبر [۴]**

اللہ عزوجل نے فرمایا: رَبُّ الۡمَشۡرِقِ وَالۡمَغۡرِبِ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ فَاتَّخِذۡہُ وَکِیۡلًا۔

ترجمۂ کنز الایمان: وہ [اللہ] پورب کا رب اور پچھم کا رب، اُس کے سوا کوئی معبود نہیں، تو تم اُسی کو اپنا کارساز بناؤ۔[۲]

**حدیث نمبر [۳]**

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے فرمایا: لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ حِصۡنِیۡ، فَمَنۡ قَالَھَا دَخَلَ حِصۡنِیۡ وَمَنۡ دَخَلَ حِصۡنِیۡ اَمِنَ مِنۡ عَذَابِیۡ۔

ترجمہ: کلمۂ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰہِ میرا قلعہ ہے، جس نے اِسے پڑھ لیا وہ میرے قلعے میں داخل ہو گیا اور جو میرے قلعے میں داخل ہو گیا وہ میرے عذاب سے محفوظ ہو گیا۔[۳]

**حدیث نمبر [۴]**

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مَنۡ شَہِدَ اَنۡ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوۡلُ اللّٰہِ حَرَّمَ اللّٰہُ عَلَیۡہِ النَّارَ۔

ترجمہ: جو شخص اِس بات کی گواہی دیتا ہے کہ اللہ عزوجل کے سِوا کوئی خدا نہیں اور [حضرت] محمد [صلی اللہ علیہ وسلم] اللہ کے رسول ہیں، تو اللہ تعالیٰ اُس پر جہنم کی آگ کو حرام فرما دیتا ہے۔[۴]

[۱] [پارہ:۲۱، لقمان:۲۶] [۳] [الصواعق المحرقہ للامام ابن حجر المکی۔ حلیۃ الاولیاء للامام ابی نعیم، ج:۳، ص:۹۲۱، بحوالہ جامع الاحادیث، ج:۱، ص:۱۳]

[۲] [پارہ:۲۹، المزمل:۹] [۴] [الصحیح للامام مسلم، باب من لقی اللہ بالایمان وھو غیر شاک فیہ دخل الجنۃ وحرم علی النار، رقم الحدیث:۱۵۱۔ کنز العمال، ج:۱، ص:۴۷]

## ساتویں فصل {عام دینی معلومات}

**سوال ۱:** حجِّ بیت اللہ کن لوگوں پر فرض ہے؟

**جواب:** جو شخص اہل و عیال کے نان و نفقہ کے ساتھ، سفر کے جملہ اخراجات پر قادر ہو، اُس پر زندگی میں ایک مرتبہ حج کرنا فرض ہے، اب اگر وہ صحت مند بھی ہو، تو حج کے لیے خود جانا فرض ہے، ورنہ اپنی طرف سے کسی کو بھیج کر حجِّ بدل کرانا فرض ہے۔

**سوال ۲:** فریضۂ حج کہاں ادا ہوتا ہے؟

**جواب:** فریضۂ حج شہرِ مکۂ مکرمہ میں ادا ہوتا ہے، مکۂ مکرمہ کے سوا دنیا کے کسی بھی مقام پر حج نہیں ادا کیا جا سکتا۔

**سوال ۳:** اسلام کا رُکنِ اعظم کیا ہے؟

**جواب:** اسلام کا رکنِ اعظم، محبوبِ ربُّ العَالمین حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کرنا اور سچے دل سے اُن کا ادب و احترام کرنا ہے، کیوں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کے بغیر کوئی بھی عبادت مقبول نہ ہوگی، بلکہ ساری بندگیاں منہ پر ماردی جائیں گی۔





## آٹھویں فصل {معمولاتِ اہل سنت و جماعت}

**سوال ۱:** مسلکِ اعلیٰ حضرت، کیا کوئی نیا فرقہ ہے؟

**جواب:** یہ کوئی نیا فرقہ نہیں، بلکہ مسلکِ حق اہلِ سنت و جماعت ہی کا دوسرا نام ہے، بلفظِ دیگر، خود کو اہلِ سنت کہنے والے دیوبندیوں اور غیر مقلدین سے امتیاز کے لیے، صحیح اہلِ سنت و جماعت، اپنے مسلک کو، کبھی کبھی مسلکِ اعلیٰ حضرت کہہ دیتے ہیں، اِس میں کوئی حرج نہیں، کیوں کہ سیدنا سرکارِ اعلیٰ حضرت رضی اللہ عنہ نے چودھویں صدی میں، تمام گمراہ و بد دین فرقوں کا شاندار رد فرما کر، مسلکِ اہلِ سنت کی ایسی زبردست حمایت فرمائی کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ذاتِ گرامی سنیت کا علامتی نشان بَن گئی اور اِس مسلک کو آپ کی جانب منسوب کر دیا گیا۔

**سوال ۲:** عقائد و معمولاتِ اہلِ سنت کیا ہیں؟ بیان کریں!

**جواب:** اہلِ سنت کے عقائد و معمولات، قرآن و احادیث کا خلاصہ اور صحابہ و تابعین رضی اللہ تعالیٰ عنھم اجمعین کے افکار و خیالات اور اقوالِ زریں کا نچوڑ ہیں، گزشتہ چودہ سو سال سے زائد عرصے سے اہلِ سنت، اُنھی عقائد و معمولات پر قائم ہیں، اگرچہ بعض اعمال کی هَيْئَةِ كَذَائِيَّةْ [شکل و صورت] میں حالاتِ زمانہ کے لحاظ سے تبدیلی واقع ہوئی ہے، مگر اُن کی اَصل، کسی نہ کسی دلیلِ شرعی سے ضرور ثابت ہے۔

# تیسرا سبق

## پہلی فصل {ایمانیات، ایمان سے متعلق باتیں}

**سوال ۱:** اگر کوئی شخص ضروریاتِ دین کا علم [جانکاری] نہ رکھتا ہو تو کیا کرے؟

**جواب:** اُس پر فرض ہے کہ کسی مدرسے میں جا کر یا کسی سنی صحیح العقیدہ عالم کی صحبت میں رہ کر ضروریاتِ دین کا علم حاصل کرے اور سیکھنے کے دوران یہ ایمان رکھے کہ اسلام میں جو باتیں ہیں سب حق ہیں۔

**سوال ۲:** اگر کوئی شخص صرف زبان سے مسلمان ہونے کا دعوی کرے اور اُس کے دِل میں انکار ہو تو کیا اُسے مسلمان جانیں گے؟

**جواب:** نہیں، ہرگز نہیں، ایسا انسان بھی کافر ہے، ایسے شخص کو شریعت میں "منافق" کہا جاتا ہے۔[۱]

**سوال ۳:** اسلام کا تیسرا کلمہ کیا ہے؟ ترجمے کے ساتھ بتائیے!

**جواب:** سُبْحٰنَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۔ ترجمہ: اللہ عز و جلَّ ہر عیب سے پاک ہے اور سب تعریفیں اللہ کے لیے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی خدا نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے، گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی توفیق اللہ ہی کی جانب سے ہے، جو سب سے بلند عظمت والا ہے۔

۱ [ملخصاً، از: بہارِ شریعت، حصہ: ۱، ایمان و کفر کا بیان]





## دوسری فصل {فقہیات، فقہی مسائل}

**سوال ۱:** اگر کپڑے یا بدن پر نجاستِ خفیفہ لگ جائے تو اُسے کیسے پاک کیا جائے؟

**جواب:** نجاستِ خفیفہ جسم یا کپڑے کے جس حصے پر لگ جائے تو اگر اُس کی چوتھائی سے کم ہے تو معاف ہے، یعنی بغیر دھوئے نماز ہو جائے گی اور اگر چوتھائی یا اُس سے زیادہ ہے تو دھونا ضروری ہے، بغیر دھوئے نماز نہ ہوگی۔

**سوال ۲:** ایک مثال کے ذریعہ اِس مسئلہ کی وضاحت فرما دیں!

**جواب:** مثال کے طور پر آستین پر نجاستِ خفیفہ لگی ہے، تو اگر آستین کی چوتھائی سے کم ہے تو معاف ہے، ورنہ معاف نہیں، بغیر دھوئے نماز نہیں پڑھ سکتے۔[۱]

**سوال ۳:** نجس [ناپاک] کپڑے کو پاک کرنے کا طریقہ کیا ہے؟

**جواب:** اگر نجاست دَلدار ہے [یعنی سوکھنے سے جلد بن جاتی ہے] جیسے پاخانہ، تو اس کے دھونے میں کوئی گنتی مقرر نہیں ہے، اگر ایک ہی بار دھونے سے نجاست دور ہو گئی تو کپڑا پاک ہو جائے گا، ورنہ جتنی مرتبہ دھونے سے نجاست دور ہو اُتنی مرتبہ دھونا ضروری ہے، اور اگر نجاست پتلی ہے جیسے پیشاب، تو تین مرتبہ دھونے اور ہر مرتبہ پوری طاقت سے نچوڑنے سے کپڑا پاک ہو جائے گا۔ بہتے ہوئے پانی میں ایک مرتبہ دھو دینے سے بھی کپڑا پاک ہو جاتا ہے۔[۲]

۱ [ملخصاً، از: بہارِ شریعت، حصہ: ۲، نجاستوں کا بیان] ۲ [ملخصاً، از: بہارِ شریعت، حصہ: ۲، نجاستوں کا بیان]

## تیسری فصل {اخلاقیات، اسلامی حقوق وآداب}

### {جوتے اور موزے پہننے اور اتارنے کے آداب}

**سوال ۱:** جوتے اور موزے پہننے اور اتارنے کے آداب پر روشنی ڈالیں!

**جواب:** جوتے اور موزے پہننے کا اسلامی طریقہ یہ ہے کہ [۱] پہننے سے قبل "بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ" پڑھے [۲] پہلے دائیں پیر میں پہنے پھر بائیں میں۔ اور اتارنے کا طریقہ یہ ہے کہ [۱] "بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ" پڑھ کر [۲] پہلے بائیں پیر سے اتارے پھر دائیں سے۔[۱]

### {کپڑے پہننے اور اتارنے کے آداب}

**سوال ۲:** لباس پہننے اور اتارنے کے اسلامی آداب کیا ہیں؟

**جواب:** کرتا، پائجامہ، لنگی کوئی بھی لباس ہو، اُسے پہننے سے پہلے [۱] "بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ" پڑھیں، اور اگر نیا لباس پہنے تو اُس کی بھی دعا پڑھیں [۲] کرتا کھڑے ہوکر اور پائجامہ بیٹھ کر پہنیں [۳] کرتا کھڑے ہوکر اور پائجامہ بیٹھ کر اتاریں [۴] کرتا یا شرٹ پہنتے وقت پہلے دائیں آستین میں ہاتھ ڈالیں، پھر بائیں آستین میں، یوں ہی پاجامہ یا پینٹ پہنتے وقت پہلے دائیں پائنچے میں پیر ڈالیں، پھر بائیں میں [۵] اتارنے میں اِس کا الٹا کریں [۶] مردوں اور عورتوں کو ایک دوسرے کا لباس پہننا، ناجائز وحرام ہے۔[۲]

۱ [ماخوذ از اسلامی اخلاق وآداب، جوتا پہننے کا بیان] ۲ [ماخوذ از اسلامی اخلاق وآداب، لباس پہننے کا بیان]





### {اِسۡتِنۡجاء کے آداب}

**سوال ۳:** استنجا کرنے کا اسلامی طریقہ بتائیں!

**جواب:** استنجا [پاخانہ، پیشاب] کرنے کے آداب یہ ہیں [۱] سر ڈھانپ کر بیت الخلاء جائیں [۲] اندر جانے سے پہلے دعا پڑھیں [۳] داخل ہوتے وقت الٹا قدم پہلے رکھیں اور نکلتے وقت سیدھا قدم پہلے نکالیں [۴] قبلہ کی جانب نہ چہرہ کریں نہ پیٹھ [۵] شرم گاہ کی جانب نہ دیکھیں [۶] بلا حاجت شرم گاہ نہ چھوئیں [۷] بیٹھ کر قضائے حاجت کریں [۸] بائیں قدم پر زور دے کر بیٹھیں، کہ اِس سے اِجابت صاف ہوتی ہے [۹] بلا ضرورت پاخانہ و پیشاب کی طرف نظر نہ کریں [۱۰] قضائے حاجت سے فارغ ہونے کے بعد، پہلے پیشاب کا مقام دھوئیں، پھر پاخانے کا مقام [۱۱] بِلا وجہ دیر تک نہ بیٹھیں، کہ اِس سے بواسیر ہونے کا اندیشہ ہے [۱۲] کسی دینی مسئلے پر غور نہ کریں کہ یہ محرومی کا باعث ہے [۱۳] استنجا خانہ سے باہر آنے کی دعا پڑھیں۔[۱]

#### حدیثِ پاک

حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

دجّال بائیں آنکھ کا کانا ہوگا، بہت کثرت سے بال ہوں گے، اُس کے ساتھ جنت اور دوزخ ہوگی، اس کی جہنم حقیقت میں جنت ہوگی اور اس کی جنت حقیقت میں جہنم ہوگی۔ (مسلم، ج:۲، ص:۴۰۰)

۱ [ماخوذ: از استنجا کا طریقہ، مطبوعہ: دعوتِ اسلامی]

## چوتھی فصل {گوشۂ سیرتِ مصطفی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم}

**سوال ۱:** ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی ولادتِ باسعادت کس مبارک شہر میں ہوئی؟

**جواب:** ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی ولادتِ باسعادت عرب شریف کے مشہور شہر مَکَّۃُ الْمُکَرَّمَہ میں ہوئی۔

**سوال ۲:** حضور سیِّدِ عالَم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی پیدائش کس سَن میں ہوئی؟

**جواب:** مشہور قَول کے مطابق آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی وِلادتِ پُرنور ۱۲/ربیع الاوّل شریف، مطابق ۲۰/اپریل ۵۷۱ء بروزِ پیر [سوموار] قبلِ طلوعِ آفتاب ہوئی۔[۱]

**سوال ۳:** ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کس کیفیت وحالت کے ساتھ پیدا ہوئے؟

**جواب:** ہمارے نبی حضور احمدِ مصطفی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم جب اِس عالَمِ وجود میں رونق افروز ہوئے، تو آپ کی پیدائش عام بچوں کی طرح نہ تھی، بلکہ آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم پاکیزہ بدن، ختنہ کیے ہوئے، خوشبو میں بسے ہوئے، سجدے کی حالت میں پیدا ہوئے۔[۲]

**سوال ۴:** حضور رحمتِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے والد اور والدہ کے مبارک نام کیا ہیں؟

**جواب:** حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے والد کا نام، حضرت سیدنا عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے، اور آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کی والدۂ محترمہ کا نام، حضرت سیدتنا آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ہے۔

[۱] [ملخصاً وموضحاً، از: سیرتِ مصطفی، مصنفہ علامہ عبد المصطفیٰ اعظمی رحمۃ اللہ علیہ]
[۲] [ملخصاً وموضحاً، از: سیرتِ مصطفی، مصنفہ علامہ عبد المصطفیٰ اعظمی رحمۃ اللہ علیہ]





## پانچویں فصل {اَذْکار و اَدْعِیَہ}

### {رکوع سے اٹھنے کی دعا، یعنی تَسْمِیْع}

سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ۔

ترجمہ: اللہ رب العزت نے اُس کی سن لی جس نے اُس کی تعریف کی۔

### {قَوْمَہ کی دعا، یعنی تحمید}

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْدُ۔

ترجمہ: اے اللہ! اے ہمارے پالنہار! سب خوبیاں تیرے ہی لیے ہیں۔

### {سجدہ کی تسبیح}

سُبْحٰنَ رَبِّیَ الْاَعْلٰی۔

ترجمہ: میرا سب سے بلند رب [ہر عیب سے] پاک ہے۔

### {جَلْسَہ [دونوں سجدوں کے بیچ میں بیٹھنے] کی تسبیح}

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَعَافِنِیْ وَاھْدِنِیْ وَارْزُقْنِیْ۔

ترجمہ: اے اللہ عزّ وجلّ! مجھے بخش دے! مجھ پر رحم فرما! مجھے عافیت سے نواز! مجھے ہدایت پر قائم رکھ اور مجھے رِزق عطا فرما۔

## چھٹی فصل {آیات واحادیث}

### آیت نمبر [۵]

اللہ عزوجل نے فرمایا: لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يُحْيٖ وَ يُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ۔ ترجمۂ کنز الایمان: اُسی [اللہ] کے لیے ہے آسمانوں اور زمینوں کی سلطنت، جِلاتا ہے اور مارتا، اور وہ سب کچھ کرسکتا ہے۔[1]

### آیت نمبر [۶]

اللہ عزوجل نے فرمایا: اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ۔ ترجمۂ کنز الایمان: بے شک اللہ جانتا ہے آسمانوں اور زمینوں کا سب غیب، اور اللہ تمھارے کام دیکھ رہا ہے۔[2]

### حدیث نمبر [۵]

حبیبِ دوجہاں صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مَا مِنْ عَبْدٍ قَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ثُمَّ مَاتَ عَلٰى ذٰلِكَ اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ۔ ترجمہ: جو بندہ بھی کہے کہ اللہ کے سوا کوئی خدا نہیں اور پھر اِسی عقیدے پر انتقال کرے تو ضرور جنت میں داخل ہوگا۔[3]

### حدیث نمبر [۶]

رسولِ اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: لَا مَلِكَ اِلَّا اللّٰهُ۔ ترجمہ: اللہ رب العزت کے سوا کوئی بادشاہِ حقیقی نہیں۔[4]

[1] [پارہ:۲۷، الحدید:۲]
[2] [پارہ:۲۶، الحجرات:۱۸]
[3] [المسند للامام احمد بن حنبل، ج:۵، ص:۱۶۶۔ التفسیر لابن کثیر، ج:۲، ص:۲۸۷۔ الفتاوی الرضویہ للامام احمد رضا خان، ج:۳، ص:۳۶۴]
[4] [الصحیح للامام مسلم، کتاب الادب، ج:۲، ص:۲۰۸]





## ساتویں فصل {عام دینی معلومات}

**سوال ۱:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سچی محبت کی علامتیں کیا ہیں؟

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرنا، کثرت کے ساتھ آپ کا ذکر کرنا، آپ کا نامِ مبارک سن کر خوشی کے ساتھ درود پڑھنا، آپ کے روضۂ انور پر آنے کی تمنا کرنا، آپ سے منسوب ہر شے سے محبت کرنا، آپ کے دوستوں سے دوستی اور دشمنوں سے دشمنی رکھنا وغیرہ، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کی نشانیاں ہیں۔

**سوال ۲:** ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے نانا کا نام کیا ہے؟

**جواب:** ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے نانا کا نام وہب بن عبد مَناف ہے۔

**سوال ۳:** حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی نانی کا نام بتائیں؟

**جواب:** حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی نانی کا نام "اُمِّ حَبیبہ" ہے۔[1]

**سوال ۴:** مدنی تاجدار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی کنیت بیان کریں!

**جواب:** مَدَنی تاجدار صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی کنیت "ابو القاسم" ہے۔

[1] [اسلامیات مختصر سوال وجواب، ص:۵۲]

## آٹھویں فصل {معمولاتِ اہل سنت وجماعت}

**سوال ۱:** بعض معمولاتِ اہل سنت شمار کرائیں!

**جواب:** اہلِ سنت کے جو معمولات اُنھیں دوسرے فرقوں سے ممتاز کرتے ہیں، اُن میں سے بعض یہ ہیں [۱] ہم سنی، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جشنِ میلاد مناتے ہیں [۲] مسلمان مُردوں کے لیے ایصالِ ثواب کی محفل سجاتے ہیں [۳] اولیاے کرام کی نذر و نیاز کا اہتمام کرتے ہیں [۴] اللہ کی بارگاہ میں، اُس کے نیک بندوں کا وسیلہ پیش کرتے ہیں اور اُن سے استعانت [مدد طلب] کرتے ہیں [۵] آقاے کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو "یارسولَ اللہ" کہہ کر پکارتے ہیں [۶] مزاراتِ اولیا پر گنبد تعمیر کرتے ہیں وغیرہ۔

**سوال ۲:** اہلِ سنت کے بعض عقائد بیان کریں؟

**جواب:** اہلِ سنت کے بعض عقائد یہ ہیں [۱] اللہ عزوجل سے کِذب [جھوٹ] کا صادر ہونا، ناممکن ومحال ہے [۲] جو ہو چکا اور جو ہوگا، اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، اللہ عزوجل کی عطا سے جانتے ہیں [۲] ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حاضر و ناظر ہیں [۳] آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مخلوق میں رزق تقسیم فرماتے ہیں [۴] آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجبور و بے بس نہیں، بلکہ مالک ومختار ہیں [۵] حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور دیگر انبیاے کرام اپنی اپنی قبروں میں جسمانی حیات کے ساتھ زندہ ہیں [۶] حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے امتی کی فریاد سنتے اور اللہ عزوجل کے اِذن سے مدد فرماتے ہیں، وغیرہ۔





# چوتھا سبق

## پہلی فصل {ایمانیات، ایمان سے متعلق باتیں}

**سوال ۱:** ایمان وکفر میں کیا فرق ہے؟

**جواب:** ایمان روشنی ہے اور کفر تاریکی، ایمان کامیابی ہے، اور کفر ناکامی، ایمان سعادت مندی ہے اور کفر بدبختی، ایمان لانا فرض ہے اور کفر سے بچنا فرض، ایمان لانے والا ہمیشہ جنت میں رہے گا اور کفر پر مرنے والا ہمیشہ دوزخ کی آگ میں جلے گا۔

**سوال ۲:** ایمان کے بیان کی کتنی قسمیں ہیں؟

**جواب:** ایمان کے بیان کی دو قسمیں ہیں [۱] ایمانِ مُجمَل [۲] ایمانِ مُفَصَّل۔

**سوال ۳:** ایمانِ مجمل کی تشریح فرمائیں!

**جواب:** ایمان کے مختصر بیان کو ''ایمانِ مجمل،، کہتے ہیں، ترجمہ کے ساتھ ملاحظہ فرمائیں! آمَنْتُ بِاللّٰهِ كَمَا هُوَ بِأَسْمَآءِهٖ وَصِفَاتِهٖ وَ قَبِلْتُ جَمِيْعَ أَحْكَامِهٖ إِقْرَارٌ بِاللِّسَانِ وَ تَصْدِيْقٌ بِالْقَلْبِ۔ ترجمہ: میں اللہ رب العزت پر اُس طرح ایمان لایا جس طرح وہ اپنے ناموں اور صفتوں کے ساتھ ہے اور میں نے اُس کے تمام احکام قبول کیے، زبان سے اقرار بھی ہے اور دل سے تصدیق بھی۔

## دوسری فصل {فقہیات، فقہی مسائل}

**سوال ۱:** عبادت کی کتنی قسمیں ہیں؟

**جواب:** عبادت کی دو قسمیں ہیں [۱] عبادتِ مقصودہ [۲] عبادتِ غیرِ مقصودہ۔ وہ عبادت جو بالذات مقصود ہو کسی دوسری عبادت کے لیے وسیلہ نہ ہو، اُسے عبادتِ مقصودہ کہا جاتا ہے، جیسے: نماز، روزہ، حج، زکاۃ۔ اور وہ عبادت جو کسی دوسری عبادت کے لیے وسیلہ ہو، اُسے عبادتِ غیرِ مقصودہ کہا جاتا ہے، جیسے: وضو وغیرہ۔[۱]

**سوال ۲:** فرضِ اعتقادی کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** فرضِ اعتقادی وہ ہے جو دلیلِ قطعی سے ثابت ہو یعنی ایسی دلیل سے ثابت ہو جس میں کوئی شبہ نہ ہو۔ [فتاوٰی فقیہِ ملت، ج:۱، ص:۲۰۳] فرض کا کرنا ضروری ہوتا ہے، بلا عذر اُسے چھوڑنے والا فاسق اور جہنمی ہوتا ہے، جیسے: نماز، روزہ، حج، وغیرہ۔ فرض کا انکار کرنے والا کافر ہو جاتا ہے، بلکہ جو شخص انکار کرنے والے کے کافر ہونے میں شک کرے، وہ بھی کافر ہے۔

**سوال ۳:** فرضِ عملی کی وضاحت فرمائیں!

**جواب:** فرضِ عَمَلی اُس کو کہتے ہیں جس کی دلیل ایسی قطعی تو نہ ہو مگر ائمۂ مجتہدین مثلاً امام اعظم اور امام شافعی وغیرہما کی نظر میں اُس کی دلیلیں ایسی یقینی ہوں کہ اُس کے کیے بغیر انسان ذمہ سے بری نہ ہو، فرضِ عملی اگر کسی عبادت کے اندر ہے تو اُس کے کیے بغیر وہ عبادت باطل ہوگی۔[۲]

[۱] [ماخوذ از بہارِ شریعت، حصہ:۵، ص:۱۵۰]
[۲] [ملخصاً، از بہارِ شریعت، ج:۲، ص:۲۸۲]





## تیسری فصل {اخلاقیات، اسلامی حقوق و آداب}

### {گھر میں داخل ہونے کے آداب}

**سوال ۱:** گھر میں داخل ہونے کے اسلامی آداب پر روشنی ڈالیں!

**جواب:** گھر میں داخل ہوتے وقت [۱] دایاں قدم داخل کریں [۲] "بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ" پڑھیں [۳] داخل ہونے کی دعا پڑھیں [۴] گھر میں موجود تمام افراد کو "السَّلَامُ عَلَيۡكُمۡ" کہیں [۵] اگر گھر میں کوئی نہ ہو تو "اَلصَّلَاةُ وَالسَّلَامُ عَلَيۡكَ يَا رَسُوۡلَ اللّٰهِ! صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيۡهِ وَسَلَّمَ" کہیں۔

### {گھر سے نکلنے کے آداب}

**سوال ۲:** گھر سے باہر آنے کا صحیح طریقہ کیا ہے؟

**جواب:** گھر سے باہر نکلتے وقت [۱] پہلے بایاں قدم نکالیں [۲] "بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ" پڑھیں [۳] باہر نکلنے کی دعا بھی پڑھیں [۴] نکلنے سے پہلے، گھر میں موجود تمام لوگوں کو سلام کریں۔

## { سلام کرنے کے آداب }

**سوال ۳:** سلام کرنے کے آداب کیا ہیں؟

**جواب:** سلام کے آداب یہ ہیں [۱] ہر سنی صحیح العقیدہ کو سلام کریں، جان پہچان ہو، چاہے نہ ہو [۲] ملاقات کے وقت بات چیت کرنے سے پہلے سلام کریں [۳] سلام کرنے میں پہل کریں، سلام کے لیے دوسرے کا منہ نہ دیکھیں [۴] سلام کے لیے جمع کا لفظ یعنی "السَّلَامُ عَلَيْكُمْ" استعمال کریں، اگرچہ ایک ہی شخص کو سلام کیا ہو [۵] جواب دینے والا "وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ" کہے [۶] بہتر یہ ہے کہ السلام علیکم کے بعد "وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ" بھی کہیں [۷] دوسرے کے سلام کا فوراً جواب دیں، بلا وجہ تاخیر کرنا، گناہ ہے، توبہ کرنی ہوگی [۸] "سَلَامٌ عَلَيْكُمْ" کہے سے بچیں، کیوں کہ یہ رافضیوں کا طریقہ ہے۔ سلام کے مسائل واحکام میں کچھ تفصیل اور بھی ہے، جو کہ بڑی کتابوں میں درج ہے، وہاں سے معلوم کریں۔[۱]

### حدیثِ پاک

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مہدی میری اولاد میں سے ہے، روشن وکشادہ پیشانی ہوگی، ناک بلند ہوگی، وہ زمین کو اس طرح عدل وانصاف سے بھر دے گا جس طرح پہلے سے ظلم وستم سے بھری تھی، اور وہ سات برس تک زمین کا مالک رہے گا۔ (سنن ابوداؤد، ج:۲، ص:۵۸۸)

[۱] [ماخوذ: از اسلامی اخلاق وآداب، سلام کے آداب ومسائل]





## چوتھی فصل { گوشۂ سیرتِ مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم }

**سوال ۱:** والد کی جانب سے ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا شجرۂ نسب بیان فرمادیں!

**جواب:** حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا والد کی جانب سے شجرۂ نسب یہ ہے: [۱] حضرت مُحمَّدٌ صلی اللہ علیہ وسلم [۲] بْنُ عبدِ اللهِ [۳] بْنِ عبدِ المطلبِ [۴] بْنِ هاشِمٍ [۵] بنِ عبدِ مَنَافِ [۶] بن قُصَيّ [۷] بن كِلابِ [۸] بنِ مُرَّةَ [۹] بنِ كَعْبِ [۱۰] بنِ لُؤَيّ [۱۱] بنِ غَالِبِ [۱۲] بنِ فِهْرِ [۱۳] بنِ مَالِكِ [۱۴] بنِ النَّضْرِ [۱۵] بنِ كِنَانَةَ [۱۶] بنِ خُزَيْمَةَ [۱۷] بنِ مُدْرِكَةَ [۱۸] بنِ اِلْيَاسَ [۱۹] بنِ مُضَرَ [۲۰] بنِ نِزَارِ [۲۱] بنِ مَعَدّ [۲۲] بنِ عَدْنَانَ۔[۱]

**سوال ۲:** والدۂ محترمہ کی جانب سے، ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا شجرۂ نسب کیا ہے؟

**جواب:** والدۂ محترمہ سلام اللہ علیہا کی طرف سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا شجرۂ نسب یہ ہے [۱] حضرت سیدنا محمدُ [۲] بنُ آمِنَةَ [۳] بِنْتِ وَهَبِ [۴] بنِ عبدِ مَنَافِ [۵] بنِ زُهْرَةَ [۶] بنِ كِلَابِ [۷] بنِ مُرَّةَ۔ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے والدینِ کریمین کا نسب نامہ "کلاب بن مرۃ" پر مِل جاتا ہے۔ اور حضرتِ عدنان، حضرت سیدنا اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے ہیں۔[۲]

**سوال ۳:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خاندانی شرافت وعظمت پر روشنی ڈالیں!

**جواب:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خاندان عظمت وبزرگی میں پوری دنیا کے تمام خاندانوں سے افضل واعلیٰ ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بدترین جانی دشمن بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خاندانی وجاہت وعظمت اور شان وشوکت کا اعتراف کرتے تھے۔[۳]

[۱] [الصحیح للامام البخاری، کتاب مناقب الانصار، باب مبعث النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم]
[۲] [سیرتِ مصطفٰی، مصنفہ علامہ عبد المصطفیٰ علیہ الرحمہ، ۴۱/۴۲]
[۳] [ملخصاً وموضحاً، از سیرتِ مصطفی، مصنفہ علامہ عبد المصطفیٰ اعظمی رحمۃ اللہ علیہ]

## پانچویں فصل {اَذْکَار و اَدْعِیَہ}

### {تَشَھُّد یعنی اَلتَّحِیَّاتُ}

اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوٰتُ وَالطَّیِّبَاتُ ط اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّھَا النَّبِیُّ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَ بَرَکَاتُہٗ ط اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا وَ عَلٰی عِبَادِ اللّٰہِ الصَّالِحِیْنَ ط اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَ رَسُوْلُہٗ ط

ترجمہ: قَولی، فِعلی اور مالی، تمام عبادتیں اللہ ربُّ العزّت ہی کے لیے ہیں، اے نبی! آپ پر سلام ہو اور اللہ کی رحمتیں اور برکتیں۔ سلام ہو ہم پر اور اللہ کے نیک بندوں پر۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ ربُّ العِزّت کے سِوا کوئی معبودِ حقیقی نہیں اور میں شہادت دیتا ہوں کہ [حضرت سیدنا] محمد [صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم] اُس کے [خاص] بندے اور اُس کے رسولِ [مُعَظَّم] ہیں۔

**حدیثِ پاک**

حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:

کہ قیامت اس وقت آئے گی جب زمین پر کوئی اللہ اللہ کہنے والا نہیں رہ جائے گا۔

(جامع ترمذی، ج: ۲، ص: ۴۴)





## چھٹی فصل {آیات واحادیث}

### آیت نمبر [۷]

اللہ عزوجل نے فرمایا: اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَ صَدُّوْا عَنْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ثُمَّ مَاتُوْا وَھُمْ کُفَّارٌ فَلَنْ یَّغْفِرَ اللّٰہُ لَھُمْ ۔ ترجمۂ کنز الایمان: بے شک جنہوں نے کفر کیا اور اللہ کی راہ سے روکا، پھر کافر ہی مر گئے تو اللہ ہرگز اُنہیں نہ بخشے گا۔[۱]

### آیت نمبر [۸]

اللہ عزوجل نے فرمایا: اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوْا الصّٰلِحٰتِ لَھُمْ اَجْرٌ غَیْرُ مَمْنُوْنٍ۔ ترجمۂ کنز الایمان: بے شک جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے اُن کے لیے بے انتہا ثواب ہے۔[۲]

### حدیث نمبر [۷]

حضور رحمتِ عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لَا طَاعَۃَ لِاَحَدٍ فِیْ مَعْصِیَۃِ اللّٰہِ تَعَالٰی، اِنَّمَا الطَّاعَۃُ فِی الْمَعْرُوْفِ۔ ترجمہ: اللہ عزوجل کی نافرمانی میں کسی کی بھی اطاعت و پیروی نہیں کی جائے گی، اطاعت تو صرف نیکی میں کی جائے گی۔[۳]

### حدیث نمبر [۸]

حضور سرورِ کون و مکاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لَا طَاعَۃَ لِمَخْلُوْقٍ فِیْ مَعْصِیَۃِ الْخَالِقِ۔ ترجمہ: خالق [پیدا کرنے والے] کی نافرمانی میں کسی مخلوق کی اطاعت جائز نہیں۔[۴]

[۱] [پارہ: ۲۶، محمد: ۳۴]
[۲] [پارہ: ۲۴، حم السجدۃ: ۸]
[۳] [الصحیح للامام البخاری، کتاب الاحکام ج ۲ ص: ۱۰۵۸۔ ایضا کتاب المغازی ج ۲ ص: ۶۲۲]
[۴] [المسند للامام احمد بن حنبل ج ۱ ص: ۱۲۹۔ الجامع الصغیر للامام السیوطی ج ۲ ص: ۵۸۵]

## ساتویں فصل {عام دینی معلومات}

**سوال ۱:** صادق وامین کس شخصیت کے القاب ہیں؟

**جواب:** حضورِ پاک صاحبِ لولاک ﷺ کے۔ دس برس کی عمر شریف میں آپ ﷺ کو یہ القاب کفّارِ مکہ نے دیئے تھے۔

**سوال ۲:** ہمارے نبی ﷺ کا نکاح، حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے کس نے پڑھایا؟

**جواب:** حضور ﷺ کے چچا جناب ابوطالب نے۔[1]

**سوال ۳:** ہمارے نبی ﷺ کی مقدس بیٹیاں کتنی اور اُن کے نام کیا ہیں؟

**جواب:** حضور رحمتِ عالم ﷺ کی چار بیٹیاں ہیں، اُن کے اسمائے گرامی یہ ہیں [۱] حضرت سیدتنا زینب بنت محمد ﷺ [۲] حضرت سیدنا رقیہ بنت محمد ﷺ [۳] حضرت سیدنا اُمِّ کلثوم بنت محمد ﷺ [۴] حضرت سیدتنا فاطمہ بنت محمد ﷺ۔[2]

**سوال ۴:** حضور ﷺ کی سب سے بڑی اور سب سے چھوٹی بیٹی کا نام بتائیں!

**جواب:** سب سے بڑی بیٹی، حضرت سیدتنا زینب اور سب سے چھوٹی بیٹی حضرت سیدتنا فاطمہ رضی اللہ عنہما ہیں۔

[1] [اسلامیات، مختصر سوال وجواب، ص:۶۰]  [2] [سیرت النبی کی جھلکیاں، ص:۲۴]





## آٹھویں فصل {معمولاتِ اہلِ سنت وجماعت}

**سوال ۱:** ہم اہلِ سنت، اپنے آقا جناب محمد رسول اللہ ﷺ کا جشنِ میلاد کس دن مناتے ہیں؟

**جواب:** جشنِ میلاد کے لیے ہمارے یہاں دن کی کوئی تعیین نہیں، عاشقانِ مصطفی ﷺ کو سال میں جب بھی موقع ملتا ہے، اپنی بساط کے مطابق جشنِ میلاد کا اہتمام کرتے ہیں، البتہ ماہِ ربیع النور کی بارہ تاریخ کو ہم اہلِ سنت کی خوشیاں دیدنی ہوتی ہیں اور ہم اپنے محبوب ﷺ کی یاد میں بڑے ہی تزک واحتشام کے ساتھ مجالسِ میلاد کا خصوصی اہتمام کرتے ہیں۔

**سوال ۲:** ماہِ فاخر ربیع النور کی بارہ تاریخ کو جشنِ میلاد کا خصوصی اہتمام کیوں کیا جاتا ہے؟

**جواب:** کیوں کہ اِسی دن اللہ عزوجل کے پیارے حبیب، دوعالَم کے طبیب، حضور سید الانبیاء والمرسلین، خاتم النبیین، رحمۃ للعالمین ﷺ صبحِ صادق کے وقت، ساری مخلوق کو کفر وضلالت کی تاریکیوں سے نکالنے کے لیے سراپا رحمت بن کر تشریف لائے، اِس لیے مسلمانوں کے لیے یہ دن ''عیدوں کی عید،، کا درجہ رکھتی ہے، کہ ساری عیدیں، ساری رونقیں اور دنیا وآخرت کی جملہ مسرتیں [خوشیاں] اِسی عیدِ میلادِ مصطفی ﷺ کا صدقہ ہیں۔

# پانچواں سبق

## پہلی فصل {ایمانیات، ایمان سے متعلق باتیں}

**سوال ۱:** ایمانِ مفصل پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** ایمان کے تفصیلی بیان کو "ایمانِ مفصل" کہتے ہیں، ایمانِ مفصل یہ ہے: آمَنْتُ بِاللّٰہِ وَ مَلٰئِکَتِہٖ وَ کُتُبِہٖ وَ رُسُلِہٖ وَالْیَوْمِ الآخِرِ وَالْقَدْرِ خَیْرِہٖ وَشَرِّہٖ مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ۔ ترجمہ: میں ایمان لایا اللہ تبارک وتعالیٰ پر، اُس کے تمام فرشتوں پر، اُس کی [نازل کی ہوئی] تمام کتابوں پر، اُس کے تمام رسولوں پر، قیامت کے دن پر اور اِس پر کہ اچھی اور بُری تقدیر اللہ تبارک و تعالیٰ کی جانب سے ہے اور مرنے کے بعد [جسم کے ساتھ] دوبارہ زندہ کئے جانے پر۔

**سوال ۲:** کیا اُس کے لیے اولاد یا بیوی مان سکتے ہیں؟

**جواب:** نہیں، ہرگز نہیں، وہ، باپ، اولاد، بیوی اور ہر طرح کے عیب سے پاک ہے، جو شخص اُس کے لیے اِن باتوں کو ثابت مانے، کافر ہے۔[1]

> **حدیثِ پاک**
> حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن تین طرح کے لوگ شفاعت کریں گے، پہلے انبیاے کرام، پھر علماے دین، پھر شہداے اسلام۔ (سنن ابن ماجہ، ج:۲، ص:۳۲۰)

[1] [ملخصا از بہارِ شریعت، ج ۱ حصہ ۱/ عقائد متعلقۂ ذات وصفات اِلٰہی عزوجل]





**سوال ۳:** اللہ رب العزت پر ایمان لانے کا مفہوم واضح کریں!

**جواب:** اللہ رب العزت پر ایمان لانے کا مفہوم ومطلب یہ ہے کہ ہم یہ یقین رکھیں کہ [۱] وہ اکیلا ہے [۲] اُس کی ذات وصفات اور احکام میں کوئی اُس کا شریک نہیں [۳] وہ ہمیشہ سے ہے، ہمیشہ رہے گا [۴] ہمیں اور ساری کائنات کو اُسی نے پیدا فرمایا ہے [۵] صرف وہی عبادت کا حق دار ہے، اُس کے علاوہ کوئی بھی عبادت کا حق دار نہیں [۶] وہ ہر چیز کو دیکھتا اور سنتا ہے، کوئی بھی چیز یہاں تک کہ دل میں آنے والی باتیں بھی اُس سے چھپ نہیں سکتیں [۷] پوری کائنات اُس کی محتاج ہے، وہ کسی کا محتاج نہیں [۸] اُس کے لیے فنا [مرنا] نہیں، اُس کے علاوہ ہر چیز فانی [فنا ہو جانے والی] ہے [۹] زندگی دینا اور مارنا، عزت دینا اور ذلیل کرنا اُسی کے دستِ قدرت میں ہے [۱۰] اُس نے جو چاہا کیا، جیسا چاہتا ہے کرتا ہے اور جو چاہے گا کرے گا، اُس کے ارادے سے کوئی اُسے روک نہیں سکتا۔

> **حدیثِ پاک**
> حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنتیوں کی ایک سو بیس صفیں ہوں گی، اُن میں سے اَسّی صفیں اِس امت کی ہوں گی اور چالیس صفیں دوسری امتوں کی۔ (جامع ترمذی، ج:۲، ص:۸۱)

## دوسری فصل {فقہیات، فقہی مسائل}

**سوال ۱:** فرض کی کتنی قسمیں ہیں؟

**جواب:** دو قسمیں ہیں [۱] فرضِ عین [۲] فرضِ کفایہ۔ فرضِ عین وہ ہے جس کا ادا کرنا ہر عاقل و بالغ مسلمان پر ضروری ہے، جیسے نمازِ پنجگانہ وغیرہ، اور فرضِ کفایہ وہ ہے جس کا ادا کرنا ہر مسلمان پر لازم نہیں، بلکہ بعض لوگوں کے ادا کر لینے سے سب کی طرف سے ادا ہو جاتا ہے، لیکن اگر کسی نے بھی ادا نہ کیا تو سب گنہگار رہوں گے۔

**سوال ۲:** واجب کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** واجب وہ ہے جس کی ضرورت دلیلِ ظَنّی سے ثابت ہو[۱]

**سوال ۳:** سنت مُؤَکَّدَہ اور سنتِ غیرِ مُؤَکَّدَہ کا مطلب واضح کریئے!

**جواب:** سنتِ موکدہ وہ ہے جسے ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیشہ کیا ہو، البتہ بیانِ جواز کے لیے کبھی ترک بھی فرمایا ہو، اِس کو ادا کرنے میں بہت بڑا ثواب ہے، اِس کو چھوڑنے کی عادت ڈالنے والا عذابِ دوزخ کا حق دار ہوگا، جیسے فجر کی دو رکعت نماز سنت اور ظہر کی چار رکعت سنت وغیرہ۔ اور سنت غیرِ مُؤَکَّدَہ وہ عمل ہے جس پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیشگی نہیں فرمائی، اور نہ اُس کے کرنے کی تاکید فرمائی، لیکن شریعت نے اُس کے چھوڑنے کو ناپسند کیا ہو اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ عمل کبھی کیا ہو، جیسے عصر کی چار سنتیں[۲]

[۱] [ماخوذ از فتاوی فقیہِ ملت، ج ۱ ص: ۲۰۴]
[۲] [ماخوذ از فتاویٰ فقیہِ ملت، ج ۱ ص: ۲۰۴]





## تیسری فصل {اخلاقیات، اسلامی حقوق و آداب}

### {سونے کے آداب}

**سوال ۱:** سونے کے اسلامی آداب بیان فرما دیں!

**جواب:** سونے کے اسلامی آداب یہ ہیں [۱] جلد سوئیں، بلا شرعی مجبوری کے دیر تک نہ جاگیں [۲] سونے سے قبل وضو کر لیں، کیوں کہ حدیثِ پاک میں آیا ہے کہ وضو کر کے سونے والا "شہید" کی حیثیت سے مرتا ہے [۳] سونے کی دعا پڑھیں [۴] سوتے وقت سراُتَّر کی جانب اور پیر دَکھِّن کی جانب کریں [۵] جب تک نیند نہ آئے تب تک اللہ **عز و جل** کا ذکر کرتے رہیں یا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود پڑھتے رہیں [۶] پیٹ کے بَل نہ لیٹیں، کیوں کہ یہ اللہ عز وجل کو ناپسند ہے [۷] عصر کے بعد نہ سوئیں اور گھر میں تنہا نہ سوئیں[۱]

### {بیدار ہونے کے آداب}

**سوال ۲:** بیدار ہونے کے آداب پر روشنی ڈالیں؟

**جواب:** [۱] نمازِ فجر سے پہلے اٹھیں [۲] اٹھتے ہی چہرہ کعبہ شریف کی طرف کریں [۳] دونوں ہاتھوں کو چہرے پر ملیں [۴] اٹھنے کی دعا پڑھیں [۵] ماں، باپ اور گھر کے ہر فرد کو "اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ" کہیں [۶] دونوں ہاتھوں کو دھوئیں [۷] وضو کر کے مسجد میں جماعت سے نمازِ فجر ادا کریں۔

[۱] [ماخوذ، از اسلامی اخلاق و آداب، سونے کے آداب]

## {ہاتھ کے ناخن کاٹنے کے آداب}

**سوال ۳:** ہاتھ کے ناخن تراشنے کے آداب کیا ہیں؟

**جواب:** ہاتھ کے ناخن تراشنے کا اسلامی طریقہ یہ ہے کہ [۱] داہنے ہاتھ کی شہادت کی انگلی سے شروع کریں اور چھنگلی (چھوٹی انگلی) تک لے جائیں [۲] پھر بائیں ہاتھ کی چھنگلی سے شروع کر کے انگوٹھے تک لے جائیں۔ [۳] سب کے آخر میں داہنے ہاتھ کے انگوٹھے کا ناخن کاٹیں۔[1]

### حدیثِ پاک

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
اگر جنتیوں کی عورتوں میں سے کوئی عورت زمین کی طرف جھانکے تو آسمان سے زمین تک روشن ہو جائے اور زمین سے آسمان تک ساری فضا معطر (خوش بودار) ہو جائے، اس کے سر کی اوڑھنی دنیا و مافیھا سے بہتر ہے۔ (صحیح بخاری، ج:۲،ص:۹۷۲)

[1] [ماخوذ، از اسلامی اخلاق و آداب، حجامت بنوانے اور ناخن ترشوانے کا بیان]





## چوتھی فصل {گوشۂ سیرتِ مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم}

**سوال ۱:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک پیدائش کے وقت کیسے کیسے واقعات رونما [ظاہر] ہوئے؟

**جواب:** اُس وقت بڑے عجیب وغریب واقعات رونما ہوئے، مثلاً خانۂ کعبہ کے بُت اوندھے منہ گر پڑے، پورے عرب میں خوش حالی آئی، موسمِ بہار نے جنگلوں اور بیابانوں کو بھی رشکِ چمن بنا یا، ایسا نور ظاہر ہوا کہ آپ کی والدۂ محترمہ نے مکۂ مکرمہ سے ملکِ شام کے محلّات دیکھ لیے، اِن کے علاوہ اور بھی بہت سے حیرت انگیز واقعات رونما ہوئے۔

**سوال ۲:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک پیدائش سے قبل دنیا کے حالات کیسے تھے؟

**جواب:** حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت سے پہلے پوری دنیا، جہالت و تاریکی کے نرغے میں تھی، حضراتِ انبیاے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کی تعلیمات تقریباً ختم ہو چکی تھیں، یورپ، ایران، مصر، ہندوستان، روم اور عرب ہر طرف بت پرستی عام ہو چکی تھی اور ہر چہار جانب، ظلم و زیادتی اور بے حیائی کا غلبہ تھا۔

**سوال ۳:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والدِ بزرگوار حضرت سیدنا عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ کا وصال کب ہوا؟

**جواب:** ابھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نورِ مُبِین کو حضرتِ آمنہ، سلام اللہ علیہا کے شکمِ ناز میں مُنتقِل ہوئے، دو ہی مہینے ہونے پائے تھے، کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والدِ محترم اپنے والد کی ننہال "بنی نجّار" میں انتقال فرما گئے۔[1]

[1] [ملخصاً، از سیرتِ رسول اکرم، مصنفہ سید شجاعت علی، ص:۸]

## پانچویں فصل {اَذکار و اَدعِیہ}

### {دُرُودِ اِبراہیمی، یعنی تَشَہُّد کے بعد پڑھا جانے والا درود}

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلٰینَا مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَمَوْلٰینَا مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا اِبْرٰھِیْمَ وَ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا اِبْرٰھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

ترجمہ:

اے اللہ عزَّ و جل! درود بھیج ہمارے آقا و مولا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور اُن کی آل پر، جس طرح تو نے دُرود بھیجا ہمارے سردار حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃُ و السلام پر اور اُن کی آل پر، بے شک تو سراہا ہوا بزرگ ہے۔

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ مَوْلٰینَا مُحَمَّدٍ وَ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا وَ مَوْلٰینَا مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی سَیِّدِنَا اِبْرٰھِیْمَ وَ عَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا اِبْرٰھِیْمَ اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

ترجمہ:

اے اللہ عزَّ و جَل! بَرَکت نازل فرما! ہمارے آقا و مولیٰ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور اُن کی آل پر، جس طرح تو نے برکت نازل فرمائی ہمارے سردار حضرت ابراہیم علیہِ الصلاۃُ و السَّلام پر اور اُن کی آل پر، بے شک تو سراہا ہوا بزرگ ہے۔





## چھٹی فصل {آیات واحادیث}

### آیت نمبر [۹]

اللہ عزوجل نے فرمایا: وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ۔ ترجمۂ کنز الایمان: اور ہم نے [اے محبوب!] تمھارے لیے تمھارا ذکر بلند کر دیا۔[۱]

### آیت نمبر [۱۰]

اللہ عزوجل نے فرمایا: وَلَلْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى۔ ترجمۂ کنز الایمان: اور بے شک پچھلی [گھڑی] تمھارے لیے پہلی [گھڑی] سے بہتر ہے۔[۲]

### حدیث نمبر [۹]

حضور نورِ مجسَّم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک شخص کو "شہنشاہ" کہتے ہوئے سنا تو ارشاد فرمایا: اَللّٰهُ مَلِكُ الْمُلُوْكِ۔ ترجمہ: اللہ عزوجل ہی شہنشاہ ہے۔[۳]

### حدیث نمبر [۱۰]

ہادیِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اَلْاِسْلَامُ يَعْلُوْ وَلَا يُعْلٰى۔ ترجمہ: اسلام غالب رہے گا، مغلوب نہیں ہوگا۔[۴]

### حدیث نمبر [۱۱]

سیدِ دو جہاں صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اِنَّ الْاِسْلَامَ يَهْدِمُ مَا كَانَ قَبْلَهٗ۔ ترجمہ: یقیناً اسلام گزشتہ تمام گناہوں کو مِٹا دیتا ہے۔[۵]

[۱] [پارہ:۳۰، الانشراح:۴] [۳] [کنز العمال، ج:۱۶، ص:۵۹۶] [۴] [السنن للدارقطنی، ج:۲، ص:۳۹۵، بحوالہ جامع الاحادیث، ج:۱، ص:۴۳]
[۲] [پارہ:۳۰، الضحیٰ:۴] [۵] [الصحیح للامام مسلم، کتاب الایمان، ج:۱، ص:۶۸۷۔ جد الممتار، ج:۲، ص:۲۷۰]

## ساتویں فصل {عام دینی معلومات}

**سوال ۱:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے کتنے داماد ہیں؟

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے تین داماد ہیں۔

**سوال ۲:** سب سے بڑے داماد کا نام کیا ہے؟

**جواب:** سب سے بڑے داماد کا نام، حضرت ابو العاص بن ربیع، رضی اللہ عنہ ہے، یہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے شوہر ہیں۔

**سوال ۳:** منجھلے اور چھوٹے داماد کا نام بتائیں!

**جواب:** منجھلے داماد، حضرت عثمان بن عَفّان رضی اللہ عنہ ہیں، یہ حضرت رقیہ اور حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہما کے شوہر ہیں، اِسی لیے اِن کو "ذوالنُّوْرین" کہا جاتا ہے، اور سب سے چھوٹے داماد، مولائے کائنات، حضرت علی کرم اللہ وجہہ الکریم ہیں، یہ حضرت خاتونِ جنت فاطمہ الزہراء رضی اللہ عنہا کے شوہر ہیں[1]

**سوال ۴:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے شہزادوں کے اسمائے گرامی کیا ہیں؟

**جواب:** جواب: ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے شہزادوں کے مبارک نام یہ ہیں [۱] حضرت قاسم بن محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم [۲] حضرت عبد اللہ بن محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اِنھیں "طیب و طاہر" کہا جاتا ہے [۳] حضرت ابراہیم بن محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم۔

[1] [سیرت النبی کی جھلکیاں، ص: ۲۴]





## آٹھویں فصل {معمولاتِ اہل سنت و جماعت}

**سوال ۱:** کچھ لوگ کہتے ہیں کہ عیدیں سال میں دو ہی ہیں، یہ تیسری عید کہاں سے آگئی؟

**جواب:** ایسا کہنے والے نادان و احمق ہیں، یہ کہنا صحیح نہیں کہ سال میں صرف دو ہی عیدیں ہیں، در اصل "عید" عربی زبان کا لفظ ہے، جس کا معنی ہے "خوشی" لہٰذا ہر خوشی کے دن کو عید کا دن کہا جا سکتا ہے، جمعہ کے دن کو باقاعدہ حدیثِ پاک میں "عید کا دن" کہا گیا ہے[1]

ہاں عیدِ شرعی سال میں صرف دو ہیں [۱] عید [۲] بقرعید، اور ہم اہلِ سنت "یومِ میلادِ مصطفیٰ" کو عیدِ شرعی نہیں کہتے، بلکہ عیدِ مَسَرَّت و فرحت" کہتے ہیں، اگر ہم اِسے عیدِ شرعی کہتے یا مانتے، تو کوئی بدمذہب اعتراض کرتا۔

**سوال ۲:** قرآنِ کریم کی کسی آیت سے محفلِ میلاد کا ثبوت پیش کریں!

**جواب:** اللہ عزوجل نے قرآنِ کریم میں ارشاد فرمایا: وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ۔ ترجمہ: اور تمھارے رب نے تمھیں جو نعمتیں عطا فرمائی ہیں، اُن کا چرچہ کرتے رہو[2]

اِس آیتِ کریمہ میں رب تبارک وتعالیٰ نے اپنے بندوں کو یہ حکم دیا ہے، کہ وہ اُس کی نعمتوں کا چرچہ کرتے رہیں، اللہ رب العزت نے عام نعمتوں کی عَطا پر بھی اُن کا چرچہ کرنے کا حکم دیا ہے، حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تو اللہ عزوجل کی سب سے بڑی نعمت ہیں، تو کیا اُن کی آمد کا چرچہ نہیں کیا جائے گا؟ ہم محفلِ میلاد سجا کر، جلوس نکال کر، جشنِ چراغاں کر کے، اللہ کی سب سے بڑی نعمت "سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم" کی آمد کا چرچہ کرتے ہیں، قرآنِ کریم کی کئی آیتوں سے "جشنِ میلاد" کا ثبوت ملتا ہے۔

[1] [السنن لابن ماجہ، باب ما جآء فی الزینۃ یوم الجمعۃ، رقم الحدیث: ۱۰۹۸] [2] [پارہ: ۳۰، الضحیٰ: ۱۱]

# چھٹا سبق

## پہلی فصل {ایمانیات، ایمان سے متعلق باتیں}

**سوال ۱:** نبی کس ہستی کو کہا جاتا ہے؟

**جواب:** نبی اُس انسان کو کہا جاتا ہے جس کے پاس اللہ تعالیٰ نے مخلوق کی ہدایت و رہنمائی کے لیے وحی یعنی اپنا پیغام بھیجا ہو، خواہ فرشتے کے ذریعے یا فرشتے کے بغیر[1]

**سوال ۲:** رسول کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** رسول اُسے کہتے ہیں، جس کے پاس مخلوق کی ہدایت کے لیے اللہ کی وحی آئی ہو، مگر رسول کے لیے انسان ہونا ضروری نہیں، بلکہ رسول فرشتوں میں بھی ہیں اور انسانوں میں بھی، جب کہ نبی صرف انسانوں میں ہوئے ہیں[2]

**سوال ۳:** سب سے پہلے نبی اور سب سے پہلے رسول کا نام بتائیں!

**جواب:** سب سے پہلے نبی حضرت سیدنا آدم علیہ السلام ہیں اور سب سے پہلے رسول جو کافروں کی طرف بھیجے گئے، حضرت سیدنا نوح علیہ السلام ہیں[3]

[1] [ملخصاً، از بہارِ شریعت، ج:۱، حصہ:۱، عقائد متعلقہ نبوت]
[2] [ملخصاً از بہارِ شریعت، ج:۱، حصہ:۱، عقائد متعلقہ نبوت]
[3] [بہارِ شریعت، ج:۱، حصہ:۱، ص:۵۱]





## دوسری فصل {فقہیات، فقہی مسائل}

**سوال ۱:** مستحب اور مُباح کسے کہا جاتا ہے؟

**جواب:** مستحب وہ کام ہے جو شریعت کی نگاہ میں پیارا تو ہو، مگر اُس کو چھوڑنا بُرا نہ ہو، خواہ اُس کام کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے کیا ہو یا اُس کی ترغیب دی ہو، یا علمائے کرام نے اُس کو پسند کیا ہو، اگرچہ شریعت میں اُس کا ذکر نہ آیا ہو، مستحب کو کرنے میں ثواب ہے اور نہ کرنے میں کوئی عذاب نہیں، جیسے وضو میں کعبہ شریف کی طرف چہرہ کر کے بیٹھنا وغیرہ۔ اور مباح اُس کام کو کہتے ہیں جس کا کرنا اور نہ کرنا برابر ہو[1]

**سوال ۲:** حرام کیا ہے اور مکروہِ تحریمی کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** حرام وہ ہے جس کی مُمانعت دلیلِ قطعی سے ثابت ہو، اِس کا چھوڑنا ضروری ہوتا ہے، اور جان بوجھ کر ایک مرتبہ بھی کرنے والا فاسق و فاجر ہو جاتا ہے اور انکار کرنے والا کافر و بے دین ہو جاتا ہے، جیسے زنا کرنا وغیرہ، یہ فرض کا مقابل ہے۔ مکروہِ تحریمی وہ ہے جو ظنی دلیل سے ثابت ہو، اِس سے دور رہنا لازم و ضروری ہوتا ہے، یہ واجب کا مقابل ہے۔

**سوال ۳:** اِساءت، مکروہِ تنزیہی اور خلافِ اَولیٰ کی وضاحت فرما دیں!

**جواب:** اِساءت، وہ عمل ہے جس کا کرنا برا اور کرنے کی عادت بنا لینے والا عذابِ دوزخ کا مستحق ہوتا ہے، یہ سنت مؤکدہ کے مقابل ہے۔ [۲] مکروہِ تنزیہی، وہ ہے جس کا کرنا شریعت کو پسند نہیں، مگر اُس کے کرنے والے پر عذاب نہیں ہوگا، یہ سنت غیر مؤکدہ کے مقابل ہے۔ [۳] خلافِ اولیٰ وہ ہے جس کا نہ کرنا بہتر ہو، یہ مستحب کا مقابل ہے[2]

[1] [ماخوذ، از بہارِ شریعت، ج:۲، ص:۵]
[2] [ماخوذ، از بہارِ شریعت، ج:۲، ص:۶/۵]

## تیسری فصل {اخلاقیات، اسلامی حقوق وآداب}

### {پیر کے ناخن کاٹنے کے آداب}

**سوال ۱:** پاؤں کے ناخن کس انداز سے کاٹے جائیں؟

**جواب:** پاؤں کے ناخن ترشوانے کی کوئی ترتیب منقول نہیں ہے، بہتر یہ ہے کہ پاؤں کی انگلیوں میں خلال کرنے کی جو ترتیب ہے، اُسی ترتیب سے ناخن کاٹے جائیں، یعنی داہنے پاؤں کی چھنگلیا سے شروع کر کے انگوٹھے پر ختم کریں، پھر بائیں پاؤں کے انگوٹھے سے شروع کر کے چھنگلیا پر ختم کریں۔

**سوال ۲:** ناخن کاٹنے سے متعلق کچھ اہم مسائل کی نشان دہی فرمادیں!

**جواب:** جمعہ کے دن ناخن ترشوانا مستحب ہے، لیکن اگر زیادہ بڑھ گئے ہوں تو جمعہ کا انتظار نہ کریں، بلکہ پہلے ہی کاٹ لیں، کیوں کہ ناخن کا بڑھنا رزق میں تنگی پیدا کرتا ہے، دانت سے ناخن ہرگز نہ کُھٹکیں، کیوں کہ اِس سے برص [سفید داغ] کی بیماری میں مبتلا ہونے کا اندیشہ ہے، اگر ہر جمعہ کو نہ کاٹ سکیں تو پندرہویں دن کٹوالیں، اور اِس کی آخری مدت چالیس دن ہے، چالیس دن سے تجاوز نہ کریں، یہی حکم مونچھوں، ناف کے نیچے کے بالوں اور بغل کے بالوں کا ہے، کہ چالیس دن کے اندر اندر ضرور کاٹ لیں، ناپاکی کی حالت میں ناخن ترشوانا مکروہ ہے۔[1]

[1] [ماخوذ از اسلامی اخلاق وآداب، ناخن ترشوانے کا بیان]





### {داڑھی اور مونچھوں سے متعلق اسلامی آداب}

**سوال ۳:** داڑھی اور مونچھوں کے اسلامی آداب کی وضاحت فرمادیں!

**جواب:** داڑھی بڑھانا، حضراتِ انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کی سنتِ مبارکہ ہے، ہمارے آقا حضرت احمدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپ کے جاں نثار صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم کا طریقہ ہے، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مونچھیں کم کرنے اور داڑھی بڑھانے کا حکم دیا ہے، داڑھی منڈانا یا ایک مشت [مٹھی] سے کم رکھنا حرام ہے، اگر ایک مشت سے زیادہ ہو جائے، تو جتنی زیادہ ہو اُسے کٹوا سکتے ہیں، مونچھوں کو کم کرنا سنت ہے، یعنی اتنی کم ہوں کہ ابرو [بھوں] کی طرح ہو جائیں، اگر مونچھوں کے دونوں کناروں کے بال کچھ بڑے ہوں تو حرج نہیں۔[1]

> **حدیثِ پاک**
>
> حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
>
> دوزخ کی آگ کو ایک ہزار برس تک جلایا گیا یہاں تک کہ وہ سرخ ہوگئی، پھر اس کو ایک ہزار برس تک جلایا گیا یہاں تک کہ وہ سرخ ہوگئی، پھر اس کو ایک ہزار برس تک جلایا گیا یہاں تک کہ وہ سفید ہوگئی، پھر اسے ایک ہزار برس تک اور چلایا گیا یہاں تک کہ وہ کالی سیاہ ہوگئی، اب وہ سیاہ وتاریک ہے۔ (ترمذی، ج:۲، ص:۸۶)

[1] [ماخوذ، از اسلامی اخلاق وآداب، حجامت بنوانے اور ناخن ترشوانے کا بیان]

## چوتھی فصل {گوشۂ سیرتِ مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم}

**سوال ۱:** کِن خوش نصیب خواتین کوحضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کودودھ پِلانے کا شرف حاصل ہوا؟

**جواب:** ہمارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دوتین روز تک اپنی والدۂ محترمہ کا دودھ نوش فرمایا، اُس کے بعد چند دن ابولہب کی آزاد کردہ باندی حضرت ''ثُوَیبَہ'' کا دودھ پیا، پھر وِلادت کے ایک ہفتہ بعد ،حضرت سیدتنا حلیمہ سعدیہ کے سپرد کیے گئے ،اور تقریباً دوسال تک اُنھی کا دودھ نوش فرمایا، یہاں آپ کی بے شمار برکتیں ظاہر ہوئیں[1]۔

**سوال ۲:** کچھ بَرَکتوں پر روشنی ڈالیں!

**جواب:** چند برکتیں ملاحظہ فرمائیں![۱] حضرتِ حلیمہ کی کمزورسواری، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بیٹھنے کی برکت سے، نہایت تیزی کے ساتھ دوڑنے لگی۔[۲] ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دودھ پلانے سے پہلے، حضرت حلیمہ کی چھاتیوں میں برائے نام ہی دودھ تھا، مگر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لبہائے نازک کے لگتے ہی وہ خشک چھاتیاں دودھ سے لبالب بھر گئیں۔[۳] حضرت حلیمہ کی لاغر اور کمزور اونٹنی کی کھیری دودھ سے لبریز ہوگئی۔[۴] شام کے وقت، جب حضرت حلیمہ کی بکریاں چَر کر آتیں تو اُن کے پیٹ بھرے ہوتے اور اُن کی کھیریاں دودھ سے لبریز ہوتیں، حالاں کہ اُس علاقے میں گھاس کا ایک تنکا بھی نظر نہیں آتا تھا۔[۴] حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی برکت سے، بنی سعد کا ہر گھر مشک سے مہکنے لگا۔ [۵] حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیمار انسانوں اور جانوروں پر دستِ اقدس پھیرتے تو فوراً اُنھیں شفا مِل جاتی، وغیرہ[2]۔

**سوال ۳:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدۂ محترمہ کا وصال کب ہوا؟

**جواب:** جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر شریف چھ سال ہوئی، ،تو آپ کی والدۂ محترمہ آپ کو، آپ کے دادا کی ننھال ''بنوعَدِیْ''میں لے گئیں، جب واپس آئیں تو راستے میں مقامِ ''أبوَآء'' میں انتقال فرماگئیں[3]۔

۱ [سیرت النبی کی جھلکیاں، ص:۱۴]   ۲ [ملخصاً، از ضیاء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، حصہ دوم، ص:۶۹/۷۰]
۳ [سیرتِ رسولِ اکرم، مصنفہ سید شجاعت علی صاحب، ص:۹]





## پانچویں فصل {اَذکار و اَدعِیَہ}

### {دُعَاے مَاثورہ، دُرودِ ابراہیمی کے بعد پڑھی جانے والی دُعا}[۱]

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّ فِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ

ترجمہ: اے اللہ عزَّ و جَل! اے ہمارے پالنہار! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی دے اور آخرت میں بھی بھلائی نصیب فرما! اور ہمیں دوزخ کے عذاب سے محفوظ فرما!

### {دُعائے ماثورہ}[۲]

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ جَھَنَّمَ وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْیَا وَالْمَمَاتِ وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ۔

ترجمہ: اے اللہ عزَّ و جَل! میں عذابِ دوزخ، عذابِ قبر، زندگی اور موت کے فتنے اور مسیحِ دجال کے فتنے کے شرّ سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

### {دُعائے ماثورہ}[۳]

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْجَنَّةَ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ النَّارِ۔

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے جنت کا سوال کرتا ہوں اور دوزخ سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

## چھٹی فصل {آیات واحادیث}

**آیت نمبر[۱۱]**

اللہ عزوجل نے فرمایا: وَ مَا هُوَ عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ ۔ ترجمۂ کنزالایمان: اور یہ نبی غیب بتانے میں بخیل نہیں۔[۱]

**آیت نمبر[۱۲]**

اللہ عزوجل نے فرمایا: وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْماً ۔

ترجمۂ کنزالایمان: اور [اللہ نے] تمھیں سکھادیا جو کچھ تم نہ جانتے تھے۔[۲]

**حدیث نمبر[۱۲]**

اللہ کے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اَلدِّيْنُ النَّصِيْحَةُ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِأَئِمَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ وَ عَامَّتِهِمْ ۔ ترجمہ: دین یہ ہے کہ اللہ اور اُس کی کتاب اور اُس کے رسول پر سچے دل سے ایمان لائے اور سلاطینِ اسلام اور جملہ مسلمانوں کی خیرخواہی کرے۔[۳]

**حدیث نمبر[۱۳]**

ہمارے آقا جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وَاِنَّ مَا حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ كَمَا حَرَّمَ اللّٰهُ ۔ ترجمہ: یقیناً جس چیز کو اللہ کے رسول نے حرام کیا، وہ اللہ کے حرام کیے ہوئے کی طرح ہے۔[۴]

[۱] [پارہ:۳۰، التکویر:۲۴]     [۲] [پارہ:۵، النسآء:۱۱۳]

[۳] [الصحیح للامام البخاری، کتاب الایمان، ج:۱، ص:۱۳۔ الجامع للامام الترمذی، ابواب البر والصلۃ، ج:۲، ص:۱۴۔ الصحیح للامام مسلم، ج:۱، ص:۵۴]

[۴] [السنن لابی داؤد، کتاب العلم، ج:۲، ص:۹۱۔ السنن لابن ماجہ، ج:۱، ص:۳]





## ساتویں فصل {عام دینی معلومات}

**سوال ۱:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نو [۹] چچاؤں میں سے، کتنوں کو ایمان لانے کی توفیق ملی؟

**جواب:** صرف دو کو [۱] حضرت حمزہ بن عبدالمطلب [۲] حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔[۱]

**سوال ۲:** نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی چھ [۶] پھوپھیوں میں سے، کتنوں کو ایمان لانے کی سعادت ملی؟

**جواب:** حضرت صفیہ بنت عبدالمطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے سِوا کسی کو ایمان لانے کی توفیق نہیں ملی۔[۲]

**سوال ۳:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی مدتِ قیامِ دنیا میں کیا ہے؟

**جواب:** عالَمِ دنیوی میں ولادتِ مبارک سے، یومِ وفات تک، ۶۳ سال، چار دن [یعنی بائیس ہزار تین سو تیس دن]۔[۳]

**سوال ۴:** ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنے دنوں تک تبلیغ فرمائی؟

**جواب:** کُل آٹھ ہزار ایک سو چھپن [۸۱۵۶] دنوں تک۔[۴]

[۱] [سیرۃ النبی کی جھلکیاں، ص:۲۴]     [۲] [سیرۃ النبی کی جھلکیاں، ص:۲۵]

[۳] [سیرۃ النبی کی جھلکیاں، ص:۲۲]     [۴] [سیرۃ النبی کی جھلکیاں، ص:۲۲]

## آٹھویں فصل {معمولاتِ اہل سنت و جماعت}

**سوال ۱:** کیا صحابۂ کرام نے بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جشنِ میلاد منایا ہے؟

**جواب:** میلادِ مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سلیقہ ہم نے صحابۂ کرام ہی کی اداؤں سے سیکھا ہے، جلیل القدر صحابی حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب کسی محفل میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکرِ جمیل کرتے، تو پہلے غسل فرماتے، خوشبو لگاتے، نئے کپڑے پہنتے، عِمامہ شریف باندھتے، چادر سرِ مبارک پر رکھتے، اُن کے لیے ایک تخت بچھایا جاتا، آپ رضی اللہ عنہ اُس وقت باہر تشریف لا کر، اُس تخت پر بیٹھ کر نہایت خشوع و خضوع کے ساتھ، آقائے کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کریمہ سناتے، آپ سے پوچھا گیا: آپ اِتنا اہتمام کیوں کرتے ہیں؟ فرمایا: مجھے رسول اللہ کی تعظیم سے پیار ہے۔[۱]

**سوال ۲:** بد مذہب کہتے ہیں کہ ۱۲ / ربیع الاول حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یومِ وفات ہے، لہذا اِس دن خوشی نہیں، غم منانا چاہیے!

**جواب:** ہم خوشیاں اِس لیے مناتے ہیں کہ ہمیں خوشیاں منانے کا حکم دیا گیا ہے، اللہ رب العزت نے ارشاد فرمایا "فَلْيَفْرَحُوْا"۔ [مؤمنوں کو چاہیے کہ اللہ کے فضل اور اُس کی رحمت پر خوشیاں منائیں] اور، رنج و غم منانے سے منع کیا گیا ہے، لہذا وفات کے تین دن کے بعد، سوگ [غم] منانا جائز نہیں، اگر ۱۲ / ربیع الاول کو یومِ وفات تسلیم کر لیا جائے تو وفات کا غم تین دن کے بعد ختم ہو گیا، لیکن میلاد کی خوشی تو قیامت تک باقی رہے گی، آخر ہم وفات کا غم کیوں منائیں، جبکہ ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حَيَاتِيْ خَيْرٌ لَّكُمْ وَمَمَاتِيْ خَيْرٌ لَّكُمْ۔ ترجمہ: میری ظاہری حیات بھی تمھارے لیے بہتر ہے اور میرا وصال بھی تمھارے حق میں شاندار ہے۔[۲]

اور ہم وصال کا سوگ کیوں منائیں، جب کہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اَلْاَنْبِيَآءُ اَحْيَآءٌ فِيْ قُبُوْرِهِمْ۔ اللہ کے نبی اپنی اپنی قبروں میں زندہ ہیں۔[۳]

[۱] [مشکاۃ المصابیح، بحوالہ بدعت کی حقیقت، ص: ۱۷۸/ ۱۷۹] [۲] [مسند البزار، ج: ۵، ص: ۳۰۸، رقم الحدیث: ۱۹۲۵]
[۳] [مسند ابو یعلی، ج: ۶، ص: ۱۴۷]





# ساتواں سبق

## پہلی فصل {ایمانیات، ایمان سے متعلق باتیں}

**سوال ۱:** حضراتِ انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام کی تعداد پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** اُن کی تعداد کے بارے روایتیں مختلف ہیں، لہذا اُن کی تعداد مقرر کرنا، ناجائز ہے، کیوں کہ تعداد مقرر کرنے میں کسی نبی کو غیرِ نبی ماننے یا کسی غیرِ نبی کو نبی ماننے کا احتمال [شبہ] پیدا ہوگا اور یہ دونوں باتیں کفر ہیں، لہذا یوں کہا جائے گا کہ "انبیائے کرام علیہم السلام کم و بیش ایک لاکھ چوبیس ہزار ہیں"۔[۱]

**سوال ۲:** تمام نبیوں اور رسولوں میں سب سے افضل کون ہیں؟

**جواب:** ہمارے حضور سیدنا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام نبیوں اور رسولوں بلکہ پوری کائنات میں سب سے افضل و برتر ہیں۔

**سوال ۳:** آقائے کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد کِن نبیوں کا رُتبہ ہے؟

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بعد سب سے بڑا رتبہ حضرت سیدنا ابراہیم خلیل اللہ علیہ السلام کا ہے، اُن کے بعد حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیہ السلام کا، پھر حضرت عیسیٰ روح اللہ علیہ السلام کا، اور اِن کے بعد حضرت نوح علیہ السلام کا مرتبہ ہے، اِن پانچوں حضرات کو "اولو العزم پیغمبر"، کہا جاتا ہے۔[۲]

[۱] [ملخصاً از بہار شریعت، ج: ۱، حصہ: ۱، ص: ۵۲] [۲] [ملخصاً، از بہار شریعت، ج: ۱، حصہ: ۱، ص: ۵۴]

## دوسری فصل {فقہیات، فقہی مسائل}

**سوال ۱:** وضو میں کتنی باتیں فرض ہیں؟

**جواب:** وضو میں چار باتیں فرض ہیں [۱] منہ دھونا [۲] کہنیوں سمیت دونوں ہاتھ دھونا [۳] چوتھائی سر کا مسح کرنا [۴] ٹخنوں سمیت دونوں پاؤں دھونا۔

**سوال ۲:** وضو میں منہ، ہاتھ اور پیر دھونے کی کیفیت اور سر پر مسح کرنے کی مقدار بیان فرمائیں!

**جواب:** منہ اِس طرح دھوئیں کہ سر کے بال اگنے کی جگہ سے تھوڑی تک اور ایک کان کی لَو سے دوسرے کان کی لَو تک، ہر حصے پر کم سے کم ایک مرتبہ پانی بہہ جائے، کہنیوں سمیت دونوں ہاتھ اِس طرح دھوئے جائیں کہ ہر ہر حصے پر کم سے کم دو بوند پانی بہہ جائے اور کوئی حصہ ایک بال کے برابر بھی سوکھا نہ رہنے پائے، ورنہ وضو نہ ہوگا، اِسی طرح دونوں پیروں کو گٹوں سمیت اِس طرح دھوئیں کہ بال برابر بھی کوئی جگہ باقی نہ رہے، ورنہ وضو نہ ہوگا، سر کے بالوں کے ایک چوتھائی حصے کا مسح کرنا فرض ہے، سر پر بال نہ ہوں تو جِلد کے چوتھائی حصے کا مسح کرنا فرض ہے۔

**سوال ۳:** دھونے اور مسح کرنے میں کیا فرق ہے؟

**جواب:** کسی عضو کے دھونے کا مطلب یہ ہے کہ اس عضو کے ہر حصے پر کم سے کم دو بوند پانی بہہ جائے، بھیگ جانے یا تیل کی طرح پانی چپڑ لینے یا ایک آدھ بوند بہہ جانے کو دھونا نہیں کہتے اور نہ ہی اِس طرح سے وضو اور غسل ادا ہوتا ہے، اور کسی جگہ پر گیلا ہاتھ پھیرنے کو ''مسح'' کہتے ہیں۔[1]

[1] [ملخصاً، از بہار شریعت، حصہ: ۲، وضو کا بیان]





## تیسری فصل {اخلاقیات، اسلامی حقوق و آداب}

### {داڑھی میں گرہ لگانے کی حرمت کا بیان}

**سوال ۱:** داڑھی چڑھانا یا اُس میں گرہ [گانٹھ] لگانا یا اُس کا مذاق اڑانا کیسا ہے؟

**جواب:** داڑھی چڑھانا یا سکھوں کی طرح اُس میں گرہ لگانا ناجائز وحرام ہے، فرنچ کٹ داڑھی رکھنا بھی سخت ممنوع ہے، اور داڑھی کا مذاق اڑانا یا شریعت کے مطابق رکھنے والوں پر پھبتیاں کسنا، بہت ہی برا بلکہ ناجائز وحرام ہے، کم سے کم کسی سچے مسلمان سے اِس کی توقع نہیں کی جاسکتی۔

### {ناف کے نیچے اور بغل کے بالوں کو کاٹنے کا بیان}

**سوال ۲:** ناف کے نیچے اور بغل کے بالوں کا حکمِ شرعی کیا ہے؟

**جواب:** ہفتہ میں کم سے کم ایک بار نہانا، موئے زیرِ ناف بنانا اور بدن کو صاف ستھرا رکھنا مستحب ہے، اِس کے لیے جمعہ کا دن بہتر ہے، پندرہویں دن صاف کرنا بھی جائز ہے، مگر چالیس دن سے زائد گزار دینا مکروہ ہے، موئے زیرِ ناف ''استرے'' سے مونڈنا چاہیے اور ابتدا ناف کے نیچے سے کرنی چاہیے، بغل کے بالوں کو اکھاڑنا سنت ہے اور مونڈنا بھی جائز ہے۔[1]

[1] [ماخوذ، از اسلامی اخلاق و آداب، حجامت بنوانے کا بیان]

## {سر کے بالوں کے اسلامی آداب}

**سوال ۳:** سر کے بالوں کے اسلامی آداب کیا ہیں؟

**جواب:** سر کے بالوں کو منڈانا، ترشوانا یا زلفیں رکھنا، سب جائز و درست ہے، سر کے بالوں کے کچھ آداب یہ ہیں [۱] زُلف رکھیں تو کانوں کی لَو کے برابر رکھیں [۲] بال ترشوائیں تو پورے سر کے بال برابر ہوں، یعنی ایک جیسے ہوں، کچھ حصے کے بالوں کو چھوٹا اور کچھ حصے کے بالوں کو بڑا رکھنا درست نہیں [۳] عورتوں کی طرح بال بڑھانا، ناجائز ہے [۴] چوٹیاں گوندنا یا جوڑے بنانا مَردوں کے لیے ناجائز ہے [۵] آس پاس کے بالوں کو مونڈنا اور بیچ کے بالوں کو چھوڑنا جیسا کہ آج کل لوگ فیشن میں کرتے ہیں، مکروہ ہے [۶] عورتوں کو اپنے سر کے بال کٹوانا، ناجائز و گناہ ہے۔[۱]

### حدیثِ پاک

حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا:

دوزخ میں صرف بدنصیب داخل ہوگا، پوچھا گیا: یا رسول اللہ! بدنصیب کون ہے؟ بدنصیب وہ شخص ہے جس نے اللہ تعالیٰ کی رضا چاہنے کے لیے اس کی اطاعت نہیں کی اور اللہ تعالیٰ کے لیے گناہ کو نہیں چھوڑا۔ (مشکوۃ المصابیح، ص:۵۰۵)

[۱] [ماخوذ، از اسلامی اخلاق و آداب، حجامت بنوانے کا بیان]





## چوتھی فصل {گوشۂ سیرتِ مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم}

**سوال ۱:** ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے والدینِ کریمین کے ایمان کے سلسلہ میں اہلِ سنت کا مَوقِف کیا ہے؟

**جواب:** اہلِ سنت و جماعت کے محققین علما کا اِس بارے میں اتفاق ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ماں باپ دونوں یقیناً بلا شبہ مومن اور جنتی ہیں، اُن حضرات کو کافر کہنا بہت بڑی کم نصیبی بلکہ بہت بڑی جَسارَت ہے، حضرت امام ابوبکر ابن العربی سے پوچھا گیا کہ ایک شخص کہتا ہے کہ معاذ اللہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے والدین جہنم میں ہیں؟ آپ نے فرمایا: یہ شخص ملعون ہے، کیوں کہ اُس نے رسول اللہ کو تکلیف دی ہے اور جو رسول اللہ کو تکلیف دے وہ ملعون و مردود ہے۔[۱]

**سوال ۲:** والدۂ محترمہ کے انتقال فرما جانے کے بعد ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کس کی کَفالت میں رہے؟

**جواب:** والدۂ محترمہ کے وصال کے بعد، دادا جان حضرت عبد المطّلِبْ رضی اللہ عنہ کو ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی خدمت کا شرف حاصل ہوا، اُنھوں نے بڑی الفت و محبت کے ساتھ، حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی پرورش کی، جب ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم آٹھ برس کے ہوئے، تو دادا جان کا بھی انتقال ہو گیا اور اُن کی کَفالت کی ذمے داری، آپ کے چچا ابو طالب نے قبول کی اور اُنھوں نے کَفالت کا حق ادا کر دیا۔[۲]

**سوال ۳:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بچپن کی کچھ ادائیں بیان فرمادیں!

**جواب:** حضرت حلیمہ سعدیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو فرشتے جھولا جُھلاتے تھے، آپ اپنے جھولے سے چاند کی جانب اشارہ کرتے تو چاند آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی انگلی کے اشاروں پر حرکت کرتا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے عام بچوں کی طرح کبھی بھی اپنے کپڑوں میں بَول و براز نہیں کیا، بلکہ ہمیشہ ایک معیَّن وقت پر رفعِ حاجت فرماتے تھے، آپ بچپن میں کبھی بھی کھیل کود میں شریک نہ ہوئے، اگر بچے بُلاتے تو کہہ دیتے کہ میں کھیلنے کودنے کے لیے نہیں پیدا کیا گیا۔[۳]

[۱] [ملخصاً و موضحاً، از سیرتِ مصطفی، ص:۵۰/۵۳] [۲] [سیرتِ رسولِ اکرم، از سید شجاعت علی، ص:۹]

[۳] [ملخصاً، از سیرتِ مصطفی، ص:۶۷]

## پانچویں فصل {اَذکار و اَدعِیہ}

### {دُعائے قُنُوت، وِتر کی تیسری رکعت میں پڑھی جانے والی دعا}

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُكَ وَ نَسْتَغْفِرُكَ وَ نُؤْمِنُ بِكَ وَ نَتَوَكَّلُ عَلَیْكَ وَ نُثْنِیْ عَلَیْكَ الْخَیْرَ، وَنَشْكُرُكَ وَلَا نَكْفُرُكَ وَنَخْلَعُ وَ نَتْرُكُ مَنْ یَّفْجُرُكَ . اَللّٰھُمَّ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَ لَكَ نُصَلِّیْ وَ نَسْجُدُ وَاِلَیْكَ نَسْعٰی وَ نَحْفِدُ وَ نَرْجُوْا رَحْمَتَكَ وَ نَخْشٰی عَذَابَكَ اِنَّ عَذَابَكَ بِالْكُفَّارِ مُلْحِقٌّ۔

ترجمہ: اے اللہ عزَّ و جلَّ! ہم تجھ سے مدد چاہتے اور تجھ سے بخشش طلب کرتے ہیں، تجھ پر ایمان رکھتے اور تجھ پر بھروسا کرتے ہیں، تیری اچھی تعریف کرتے او تیرا شکر ادا کرتے ہیں اور تیری ناشکری نہیں کرتے، اور تیرے نافرمان کو چھوڑ کر اُس سے الگ تھلگ رہتے ہیں، اے اللہ! ہم تیری ہی عبادت کرتے اور تیرے ہی لیے سجدے کرتے ہیں، تیری ہی طرف دوڑتے اور خدمت کے لیے حاضر رہتے ہیں، اے اللہ! ہم تیری رحمت کے امیدوار اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہیں، بے شک تیرا عذاب کافروں کو ملنے والا ہے۔

**حدیثِ پاک**

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جس نے وضو کے شروع میں بسم اللہ نہیں پڑھا اس کا وضو کامل نہیں۔ (سنن ابن ماجہ، ج:۱، ص:۳۲)





## چھٹی فصل {آیات واحادیث}

**آیت نمبر [۱۳]**

اللہ عزوجل نے فرمایا: یٰۤاَیُّهَا النَّبِیُّ اِنَّاۤ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّ مُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا۔ ترجمۂ کنز الایمان: اے غیب کی خبریں بتانے والے (نبی)! بے شک ہم نے تمھیں بھیجا حاضر و ناظر اور خوش خبری دیتا اور ڈر سناتا۔[1]

**آیت نمبر [۱۴]**

اللہ عزوجل نے فرمایا: قَدْ جَآءَكُمْ مِّنَ اللّٰهِ نُوْرٌ وَّ كِتٰبٌ مُّبِیْنٌ۔ ترجمۂ کنز الایمان: بے شک تمھارے پاس اللہ کی طرف سے ایک نور آیا اور روشن کتاب۔[2]

**حدیث نمبر [۱۴]**

حضور مختارِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِیْ فَلَیْسَ مِنِّیْ۔
ترجمہ: جو میری سنت سے روگردانی کرے وہ میرے طریقے پر نہیں۔[3]

**حدیث نمبر [۱۵]**

حضور احمدِ مجتبیٰ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مَنْ لَمْ یَعْمَلْ بِسُنَّتِیْ فَلَیْسَ مِنِّیْ۔ ترجمہ: جو میری سنت پر عمل نہ کرے وہ مجھ سے نہیں۔[4]

[1] [پارہ:۲۲، الاحزاب:۴۰]
[2] [پارہ:۶، المائدۃ:۱۵]
[3] [الصحیح للامام البخاری، کتاب النکاح، ج۲ ص:۷۵۸۔ الصحیح للامام مسلم، کتاب النکاح، ج۱ ص:۴۴۹]
[4] [السنن للامام ابن ماجہ، کتاب النکاح، ج:۱، ص:۱۳۴]

## ساتویں فصل {عام دینی معلومات}

**سوال ۱:** مُعجِزہ کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** نبی سے اعلانِ نبوت کے بعد خلافِ عادت ظاہر ہونے والی بات کو "مُعْجِزَہ" کہتے ہیں۔

**سوال ۲:** اللہ رب العزت نے سب سے زیادہ معجزات کس نبی کو عطا فرمائے؟

**جواب:** اللہ رب العزت نے سب سے زیادہ معجزات ہمارے نبی احمد مصطفی محمد مصطفی ﷺ کو عطا فرمائے، اللہ عزوجل نے تمام نبیوں کے معجزات، حضور ﷺ کی ذاتِ گرامی میں جمع فرمائے اور آپ ﷺ کو مزید ایسے معجزات دیے، جو کسی نبی کے حصے میں نہ آئے۔

**سوال ۳:** ہمارے نبی ﷺ کے چند معجزات بیان فرمائیں!

**جواب:** ہمارے نبی ﷺ کے چند مشہور معجزات یہ ہیں: [۱] آپ ﷺ کی انگلی کے اشارے سے چاند دو ٹکڑے ہوا۔ [۲] آپ کی دعا سے ڈوبا ہوا سورج پلٹ آیا۔ [۳] ذرا سا کھانا کئی صحابۂ کرام نے سَیر ہو کر کھایا۔ [۴] صُلحِ حُدَیبِیّہ کے موقع پر تھوڑا سا پانی ۱۴۰۰ صحابۂ کرام کی پیاس بجھانے کا سبب بنا۔ [۵] ایک صحابی کی ہڈی ٹوٹ گئی، حضور نے لعابِ دہن لگا دیا، ٹوٹی ہوئی ہڈی جُڑ گئی۔ [۶] ایک غزوہ میں حضرت قتادہ بن نعمان کی آنکھ کا ڈھیلا باہر آ گیا، آپ ﷺ اُسے اپنے مقام پر رکھ کر اپنا لُعابِ دہن لگا دیا، آنکھ بالکل درست ہو گئی۔[1]

[1] [ملخصاً، از سیرت النبی کی جھلکیاں، ص: ۲۶]





## آٹھویں فصل {معمولاتِ اہل سنت و جماعت}

**سوال ۱:** ہمیں اپنے نبی ﷺ کا جشنِ میلاد کس انداز سے منانا چاہیے؟

**جواب:** ہمیں چاہیے کہ جشنِ میلاد کے موقع پر [۱] محفلیں سجائیں اور معتبر روایات کی روشنی میں حضور ﷺ کے فضائل و مناقب بیان کریں [۲] ایسے جلوس کا اہتمام کریں جو ہر طرح کی خرافات سے پاک ہو [۳] مسجدوں، مدرسوں، گھروں اور گلیوں کو سجائیں [۴] حضور ﷺ کی تعلیمات کو غیروں تک پہنچائیں [۵] حضور ﷺ کے ارشادات پر عمل کرنے کا پختہ ارادہ کریں [۶] غریبوں کو کثرت کے ساتھ خیرات دیں [۷] حضور ﷺ کے نام پر کسی غریب بچے کے تعلیمی اخراجات کا انتظام کریں [۸] آقائے دو جہاں ﷺ کی محبت میں اجنبیوں اور مسافروں کے کھانے اور پینے کا بندوبست کریں، اور ہر نیک کام کے ذریعے، اللہ عزوجل کی رضا حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

**سوال ۲:** جشنِ میلاد کی تقریبات میں کن باتوں سے پرہیز کرنا چاہیے؟

**جواب:** جشنِ میلاد منانے میں اِس بات کا خاص خیال رکھا جائے، کہ کوئی بھی کام شریعت کے خلاف نہ ہونے پائے مثلاً [۱] محفلِ میلاد کی بے حرمتی نہ ہونے پائے [۲] بغیر داڑھی والے خوب صورت بچوں سے نعتیں نہ پڑھوائی جائیں [۳] جلوسِ محمدی میں شور شرابا نہ کیا جائے [۴] ڈی جے کے استعمال سے مکمل پرہیز کیا جائے [۵] میوزک نُما نعتیں نہ بجائی جائیں [۶] کسی کو چڑھانے والے نعرے نہ لگائیں جائیں [۷] شبِ ولادتِ مصطفی [حضور ﷺ کی پیدائش کی رات] موٹر گاڑیوں کے ذریعے رِیس نہ لگائی جائے، اِن کے علاوہ ہر ناجائز کام سے بچا جائے۔

# آٹھواں سبق

## پہلی فصل {ایمانیات، ایمان سے متعلق باتیں}

**سوال ۱:** کیا انبیاے کرام علیہم السلام کے علاوہ کسی اور کے پاس وحی آسکتی ہے؟

**جواب:** ہرگز نہیں، غیرِ نبی کے پاس وحی نہ کبھی آئی نہ آئے گی، وحی کا آنا حضراتِ انبیاے کرام کے ساتھ خاص ہے، جو شخص اِسے غیرِ نبی کے لیے ممکن جانے، کافر ہے۔[1]

**سوال ۲:** کیا عبادت و ریاضت کے ذریعے کوئی شخص نبی بنا؟

**جواب:** کوئی بھی شخص عبادت و بندگی، اور ریاضت و مجاہدہ کے ذریعے نبی نہیں بنا، جو بھی نبی ہوا محض اللہ عز وجل کے فضل و کرم سے ہوا۔[2]

**سوال ۳:** کیا حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بعد کوئی نبی یا رسول آسکتا ہے؟

**جواب:** ہمارے آقا جنابِ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اللہ کے آخری رسول ہیں، اب قیامت تک کوئی نبی و رسول نہیں آسکتا، جو اِسے جائز مانے، کافر و مرتد ہے۔[3]

[1] [ملخصاً، از بہارشریعت، ج:۱، حصہ:۱، ص:۳۵] [2] [ملخصاً، از بہارشریعت، ج:۱، حصہ:۱، ص:۳۶]
[3] [ملخصاً، از بہارشریعت، ج:۱، حصہ:۱، ص:۶۳]





## دوسری فصل {فقہیات، فقہی مسائل}

**سوال ۱:** وضو میں کتنی باتیں سنت ہیں؟ بیان فرمادیں!

**جواب:** وضو میں یہ باتیں سنت ہیں [۱] نیت کرنا [۲] وضو شروع کرنے سے پہلے بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھنا [۳] دونوں ہاتھوں کو گٹوں تک تین مرتبہ دھلنا [۴] مسواک کرنا [۵] سیدھے ہاتھ سے تین مرتبہ کلی کرنا [۶] سیدھے ہاتھ سے تین مرتبہ ناک میں پانی ڈالنا [۷] الٹے ہاتھ سے ناک صاف کرنا [۸] ہاتھ اور پیر کی انگلیوں کا خِلَال کرنا [۹] ہر عضو کو تین تین بار دُھونا [۱۰] پورے سر کا مسح کرنا [۱۱] کانوں کا مسح کرنا [۱۲] ترتیب سے وضو کرنا، یعنی پہلے منہ کو، پھر دونوں ہاتھوں کو دھونا، اس کے بعد سر کا مسح کرنا اور سب سے آخر میں دونوں پیروں کو دھونا [۱۳] اعضاے وضو کو پےَ در پےَ دھلنا، یعنی اعضا کے سوکھنے سے پہلے وضو سے فارغ ہو جانا [۱۴] تمام مکروہ باتوں سے بچنا۔

**سوال ۲:** وضو کے چند مستحبات [مستحب و پسندیدہ باتوں] پر روشنی ڈالیں!

**جواب:** وضو کے چند مستحبات یہ ہیں [۱] ہاتھوں اور پیروں کو دھونے میں داہنے سے ابتدا کرنا [۲] انگلیوں کی پیٹھ سے گردن کا مسح کرنا [۳] اونچی جگہ بیٹھنا [۴] وضو کا پانی پاک جگہ گرانا [۵] دورانِ وضو اعضا پر ہاتھ پھیرنا [۶] خوب اطمینان سے وضو کرنا [۷] وضو کے قطروں سے کپڑوں کو بچانا [۸] کانوں کا مسح کرتے وقت بھیگی ہوئی چھوٹی انگلی کو کانوں کے سوراخوں میں داخل کرنا [۹] داہنے ہاتھ سے کلی کرنا [۱۰] بائیں ہاتھ سے ناک صاف کرنا [۱۱] بائیں ہاتھ سے پیر دھونا [۱۲] دونوں ہاتھوں سے منہ دھونا۔ اِن کے علاوہ بھی بہت سے مستحبات ہیں جن کی تفصیل بہارِ شریعت میں ہے۔[1]

[1] [ملخصاً، از بہارشریعت، حصہ:۲، وضو کا بیان]

## تیسری فصل {اخلاقیات، اسلامی حقوق و آداب}

### {عِمامہ شریف باندھنے کے آداب}

سوال ۱: عِمامہ شریف باندھنے کے سُنَن و آداب بیان فرمائیں!

جواب: عِمامہ باندھنا سنت ہے، خاص طور پر نماز میں، کیوں کہ جو نماز عِمامہ کے ساتھ پڑھی جاتی ہے، اُس کا ثواب بہت زیادہ ہوتا ہے، عِمامہ باندھتے وقت چند باتوں کا خیال رکھیں [۱] عِمامہ ٹوپی کے اوپر باندھیں [۲] عِمامہ کم سے کم سات ہاتھ اور زیادہ سے زیادہ بارہ ہاتھ کا ہونا چاہیے [۳] عِمامہ کا شِملہ پیٹھ پر دونوں شانوں [کندھوں] کے درمیان لٹکائیں [۴] شِملہ نہ بالکل چھوٹا ہو، اور نہ ہی اتنا بڑا کہ بیٹھنے میں دب جائے [۵] عِمامہ کو جس انداز سے باندھیں، اُسی اندا سے کھولیں [۶] کھولنے کے بعد اِدھر اُدھر نہ ڈالیں بلکہ ادب سے کسی محفوظ مقام پر رکھ دیں۔[۱]

### {مسجد کے آداب}

سوال ۲: مسجد کے آداب و مستحبات کیا ہیں؟

جواب: مسجد تشریف لائیں تو اِن باتوں کا خیال رکھیں [۱] اندر داخل ہونے سے پہلے دعا پڑھیں [۲] داہنا قدم پہلے رکھیں، [۳] داخل ہونے کے بعد، بیٹھنے سے پہلے دو رکعت نمازِ "تحیۃ المسجد" پڑھیں [۴] وضو کا پانی مسجد کے اندر نہ ٹپکنے دیں [۵] بلا حاجت مسجد کی چھت پر نہ جائیں [۶] مسجد میں دنیاوی باتیں ہرگز نہ کریں، کہ وہ نیکیوں کو ایسے کھا جاتی ہیں جیسے آگ لکڑی کو [۷] کسی نمازی کے آگے سے نہ گزریں [۸] کسی قسم کی خرید و فروخت نہ کریں [۹] مسجد میں سونے یا کھانے پینے سے مکمل پرہیز کریں [۱۰] نکلتے وقت کی دعا پڑھیں اور بایاں قدم رکھ کر باہر آئیں۔[۲]

[۱] [ماخوذ از اسلامی اخلاق و آداب، عِمامہ کا بیان]
[۲] [ماخوذ از اسلامی اخلاق و آداب، آدابِ مسجد و قِبلہ]





### {کعبۂ مقدّسہ کے آداب}

سوال ۳: کعبۂ مقدسہ کے آداب کیا ہیں؟ بیان فرمائیں!

جواب: خانۂ کعبہ روئے زمین کی پہلی مسجد اور تمام مسلمانوں کی عقیدتوں کا مرکز ہے، اُس سے متعلق چند اہم باتیں گوش گزار ہیں [۱] دِل و جان سے اُس کی تعظیم کریں [۲] ادب و احترام کے ساتھ اُس کا نامِ اقدس لیں [۳] اُس کی طرف پشت نہ کریں [۴] اُس کی طرف پیٹھ یا چہرہ کر کے پیشاب و پاخانہ نہ کریں [۵] تھوکتے وقت اُدھر رُخ نہ کریں [۶] اُس کی جانب پیر نہ کریں۔[۱]

**حدیثِ پاک**

حضرت عبداللہ ابن عباس سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
جو شخص صرف ثواب کی غرض سے سات سال تک اذان کہے اس کے لیے دوزخ سے نجات لکھی جاتی ہے۔ (سنن ابن ماجہ، ج:۱، ص:۵۳)

[۱] [ماخوذ، از اسلامی اخلاق و آداب، آدابِ مسجد و قِبلہ]

## چوتھی فصل {گوشۂ سیرتِ مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم}

**سوال ۱:** کیا بچپن میں ہمارے آقا ﷺ کی دعا سے بارش ہوئی تھی؟

**جواب:** جی ہاں، حضور ﷺ کے بچپن میں ایک مرتبہ عَرَب شریف میں بہت زبردست قحط [سوکھا] پڑا، لوگ عرب کے سردار، جنابِ ابوطالب کے پاس آکر فریاد کرنے لگے اور رو رو کر اپنی داستانِ غم سنانے لگے، سردارِ قریش ابوطالب حضور ﷺ کو اپنے ساتھ حرمِ کعبہ میں لائے اور اُن کے وسیلہ سے بارش کی دعا کی، دورانِ دعا حضور ﷺ نے انگلی کا اشارہ کیا، ایک دم چاروں طرف سے بادل نمودار ہوئے اور ایسا زور کا بارانِ رحمت برسا کہ عرب کی ساری سرزمین سیراب ہوگئی اور آپ ﷺ کی نگاہِ کرم سے سارا عرب خوش حال اور نہال ہوگیا۔[1]

**سوال ۲:** ہمارے نبی ﷺ کا ایک لقب "اُمِّی" ہے، آپ کو اُمّی کہے جانے کی وجہ کیا ہے؟

**جواب:** حضور ﷺ کو اُمِّی کہنے کی تین وجہیں ہیں [۱] آپ کو یا تو اِس لیے "اُمِّی" کہا گیا کہ آپ "اُمُّ القُریٰ" یعنی مکّۂ مکرّمہ کے رہنے والے ہیں۔ [۲] یا اِس وجہ سے "اُمِّی" کہا گیا کہ آپ نے دنیا میں کسی سے لکھنا پڑھنا نہیں سیکھا، اور یہ، حضور ﷺ کا عظیم الشان معجزہ ہے، کہ آپ نے دنیا میں کسی سے پڑھنا، لکھنا نہ سیکھا، پھر بھی اللہ رب العزت نے آپ کو اتنا علم عطا فرمایا کہ آپ کا سینہ اوّلین و آخرین کے علوم و معارف کا خزینہ بن گیا اور اُس نے آپ پر ایسی کتاب نازل کی جس میں ہر چیز کا روشن بیان ہے۔[2] [۳] یا تو اِس وجہ سے "اُمِّی" کہا گیا کہ آپ کائنات کی "اُمّ" یعنی اصل ہیں، یعنی اللہ نے سب سے پہلے آپ ﷺ کے نور کو پیدا فرمایا، پھر آپ کے نور سے کائنات کو پیدا فرمایا، جیسا کہ حدیثِ نوری میں، حضور ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے جابر! بے شک اللہ نے سب سے پہلے میرے نور کو پیدا فرمایا اور میرے نور سے کُل کائنات کو وجود بخشا۔[3]

[1] [ملخصاً، از سیرتِ مصطفی، ص: ۷۰] [2] [ملخصاً، از سیرتِ مصطفی، ص: ۶۹]
[3] [الجزءُ المفقود، ص: ۲۷]





## پانچویں فصل {اَذکار و اَدعِیَہ}

### {تلاوتِ قرآن کی دعا}

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ

ترجمہ: میں اللہ رب العزت کی پناہ مانگتا ہوں مردود شیطان سے۔

### {عِلم میں اضافے کی دعا}

اَللّٰھُمَّ رَبِّ زِدْنِیْ عِلْماً۔

ترجمہ: اے اللہ! اے میرے رب! میرے علم میں اضافہ فرما!

### {پانی پینے سے پہلے کی دعا}

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ترجمہ: اللہ کے نام سے شروع، جو بہت مہربان رحمت والا۔

### {پانی پینے کے بعد کی دعا}

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ۔

ترجمہ: سب خوبیاں اللہ عزّ و جل کو، جو مالک سارے جہان والوں کا۔

## چھٹی فصل {آیات واحادیث}

**آیت نمبر [۱۵]**

اللہ عزوجل نے فرمایا: وَمَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ۔ ترجمۂ کنزالایمان: اور [اے محبوب!] ہم نے تمہیں نہ بھیجا مگر رحمت سارے جہان کے لیے۔[۱]

**آیت نمبر [۱۶]**

اللہ عزوجل نے فرمایا: مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَ خَاتَمَ النَّبِیّٖنَ۔ ترجمۂ کنزالایمان: محمد [صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم] تمھارے مَردوں میں سے کسی کے باپ نہیں، ہاں اللہ کے رسول ہیں اور سب نبیوں میں پچھلے۔[۲]

**حدیث نمبر [۱۶]**

اللہ کے حبیب دو عالم کے طبیب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: مَنْ تَمَسَّكَ بِسُنَّتِیْ عِنْدَ فَسَادِ اُمَّتِیْ فَلَهٗ اَجْرُ مِأَةِ شَهِیْدٍ۔ ترجمہ: جو شخص اُس وقت میری سنت کو مضبوطی سے تھامے، جب کہ میری امت میں فساد رونما ہو چکا ہو، تو اُسے سَو شہیدوں کے برابر ثواب ملے گا۔[۳]

**حدیث نمبر [۱۷]**

حضور سرورِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: مَنْ وَقَّرَ صَاحِبَ بِدْعَةٍ اَعَانَ عَلٰی هَدْمِ الْاِسْلَامِ۔ ترجمہ: جس نے کسی بدعتی [بدمذہب] کی تعظیم کی، اُس نے اسلام کو ڈھانے پر مدد کی۔[۴]

[۱] [پارہ:۱۷، الانبیاء:۱۰۷]
[۲] [پارہ:۲۲، الاحزاب:۴۰]
[۳] [الترغیب والترہیب، ج:۱، ص:۸۰۔ الجامع الصغیر للامام السیوطی، ج:۲، ص:۵۲۲]
[۴] [کنزالعمال، ج:۱، ص:۲۱۹۔ التفسیر للقرطبی، ج:۷، ص:۱۳، بحوالہ جامع الاحادیث، ج:۱، ص:۶۳]





## ساتویں فصل {عام دینی معلومات}

**سوال ۱:** وہ کون سے نبی ہیں جن کے دستِ اقدس میں لوہا آکر موم کی طرح نرم ہو جاتا تھا؟

**جواب:** وہ سیدنا داؤد علیہ الصلاۃ والسلام ہیں، آپ جب لوہے کو ہاتھ میں لیتے تو وہ موم کی طرح نرم ہو جاتا تھا، پھر آپ اُس نرم لوہے سے زِرہیں، تلواریں اور دوسرے آلاتِ حرب بناتے تھے۔

**سوال ۲:** حضرت سیدنا موسیٰ کلیم اللہ علیہ الصلاۃ والسلام کا معجزہ کیا تھا؟

**جواب:** اللہ عزوجل نے اُنھیں ایک باکمال عَصا سے سرفراز فرمایا تھا، جو اَژدہا، بن کر فرعون کے جادوگروں کی، ٹنُوں رَسیاں نگل جانے کے باوجود، ویسا ہی رہا، نہ اس کی لمبائی میں اضافہ ہوا نہ چوڑائی میں، نہ اُس کے حجم میں زیادتی ہوئی نہ وزن میں۔ اور جب حضرت موسی کلیم اللہ نے اُسے دریائے نیل پر مارا، تو اُس کے درمیان ایک وسیع وعریض شاہراہ بن گئی۔

**سوال ۳:** حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو اللہ عزوجل نے کِن معجزات سے سرفراز فرمایا؟

**جواب:** حضرت سیدنا عیسیٰ علیہ السلام، کسی مادر زاد اندھے کی آنکھوں پر ہاتھ پھیرتے، تو اُس کی آنکھوں میں نور، اتر آتا، کسی اَبرص [سفید داغ والے] کے جسم پر، دستِ اقدس پھیرتے، تو فوراً اُسے شفا مِل جاتی اور اگر مُردے کو ٹھوکر مارتے، تو وہ اٹھ کر لوگوں سے باتیں کرنے لگتا۔

## آٹھویں فصل {معمولاتِ اہلِ سنت و جماعت}

**سوال ۱:** ایصالِ ثواب کسے کہتے ہیں؟

**جواب:** ایصالِ ثواب کا مطلب ''مرنے والے سنی مسلمان کو اپنی نیکیوں کا ثواب پہنچانا''، ہے، اور یہ اہلِ سنت و جماعت کے معمولات میں سے ہے کہ جب اُن کے یہاں کسی کا انتقال ہو جاتا ہے، تو وہ، قرآن خوانی کا اہتمام کر کے، غریبوں، فقیروں کو کھانا کھلا کر، یا صدقات و خیرات کر کے، اِن سب کا ثواب مُردے کو پہنچاتے ہیں۔

**سوال ۲:** ایصالِ ثواب [فاتحہ] کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

**جواب:** ایصالِ ثواب جائز و مستحسن ہے۔[1]

خود قرآن و سنت نے اِسے پسند فرمایا ہے، اِس کے جائز ہونے پر دلائل موجود ہیں، درسِ نظامی کی مشہور کتاب شرحِ عقائد میں ہے: زِندوں کا مُردوں کے لیے دعا کرنا یا زِندوں کا مُردوں کی طرف سے صدقہ کرنا، مُردوں کے لیے نفع بخش ہے۔[2]

**سوال ۳:** ایصالِ ثواب [فاتحہ] کے جائز و درست ہونے پر قرآنِ کریم کی کوئی آیت پیش کریں!

**جواب:** اللہ رب العزت نے فرمایا: وَيَسْتَغْفِرُونَ لِلَّذِينَ آمَنُوا۔ ترجمہ: اور فرشتے مسلمانوں کے لیے بخشش کی دعائیں کرتے ہیں۔[3]

اِس سے ثابت ہوا کہ فرشتوں کی دعا کا فائدہ مؤمنوں کو پہنچتا ہے، اگر یہ کام اللہ عزوجل کو پسند نہ ہوتا تو اللہ کے مقرب فرشتے کبھی یہ کام نہ کرتے، اس آیت کے علاوہ درجنوں آیتوں سے ایصالِ ثواب کا ثبوت ملتا ہے۔

[1] [دینِ مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم ص: ۴۹۵] [2] [شرح العقائد النسفیۃ، ص: ۱۶۳]
[3] [پارہ: ۲۴، المؤمن: ۷]





# نواں سبق

## پہلی فصل {ایمانیات، ایمان سے متعلق باتیں}

**سوال ۱:** نبیوں اور رسولوں کے بارے میں کیسا عقیدہ رکھنا ضروری ہے؟

**جواب:** اِن حضرات کے بارے میں یہ عقیدے رکھے جائیں [۱] اللہ عزوجل نے اِنھیں ہر طرح کے عیب و گناہ سے پاک رکھا [۲] اعلانِ نبوت سے پہلے یا بعد میں، کبھی بھی کسی نبی سے کوئی گناہ یا کوئی غلط بات صادر نہیں ہوئی، کیوں کہ اِنھیں معصوم پیدا کیا گیا ہے [۳] اِنھیں مخلوق میں سب سے اونچا مقام و مرتبہ دیا گیا ہے [۴] اِنھیں تمام برے اخلاق سے منزّہ پیدا کیا گیا [۵] اِنھیں ایسی باتوں سے بھی پاک رکھا گیا، جن سے لوگ نفرت کرتے ہوں [۶] اِنھیں ایسی کامل عقل سے نوازا گیا ہے کہ بڑے سے بڑے فلسفی، سائنٹسٹ اور حکیم کی عقلِ کامل بھی کسی نبی کی عقل کے لاکھویں حصے تک نہیں پہنچ سکتی۔[1]

**سوال ۲:** کیا اللہ تعالیٰ نے نبیوں کو علمِ غیب [غیب کی باتوں کا علم] عطا فرمایا ہے؟

**جواب:** جی ہاں! اللہ رب العزت نے اپنے نبیوں کو علمِ غیب عطا فرمایا ہے، زمین و آسمان کا ہر ذرّہ ہر نبی کے پیشِ نظر [نگاہوں کے سامنے] ہے۔[2]

**سوال ۳:** اللہ عزوجل اور انبیاے کرام علیہم السلام کے علمِ غیب میں کیا فرق ہے؟

**جواب:** دونوں کے علمِ غیب میں زمین و آسمان سے بھی زیادہ فرق ہے، بس اتنا سمجھ لیں کہ اللہ کا علم ذاتی ہے، کسی کی عطا سے نہیں، جب کہ نبیوں کا علمِ غیب، عطائی ہے، رب تعالیٰ کی عطا سے ہے۔ اور یہ عینِ اسلام ہے، کیوں کہ جو شخص نبیوں کا علمِ غیب، ذاتی مانے وہ کافر ہے اور جو شخص ان کے علمِ غیب کا بالکل انکار کر دے وہ بھی کافر ہے۔[3]

[1] [ملخصاً، از بہار شریعت، ج: ۱، حصہ: ۱، عقائد متعلقۂ نبوت] [2] [ملخصاً از بہار شریعت، ج: ۱، حصہ: ۱، عقائد متعلقۂ نبوت]
[3] [ملخصاً، از بہار شریعت، ج: ۱، حصہ: ۱، عقائد متعلقۂ نبوت]

## دوسری فصل {فقہیات، فقہی مسائل}

**سوال ۱:** مسح کرنے کا سنت طریقہ کیا ہے؟ بیان کریں!

**جواب:** مسح اِس طرح کرنا چاہیے کہ ”پہلے انگوٹھے اور کلمے کی انگلی کے علاوہ ایک ہاتھ کی تینوں انگلوں کا سرا دوسرے ہاتھ کی تینوں انگلیوں کے سرے سے ملالیں، پھر اُنھیں پیشانی کے بال یا کھال پر رکھ کر گُدّی تک اِس طرح لے جائیں کہ ہتھیلیاں سر سے جدا رہیں، پھر گدی سے ہتھیلیوں کے ذریعے مسح کرتے ہوئے دونوں ہاتھوں کو سامنے کی طرف لائیں، اس کے بعد کلمے کی انگلی کے پیٹ سے کان کا مسح کریں اور انگوٹھے کے پیٹ سے کان کے باہری حصے کا اور تمام انگلیوں کی پیٹھ سے گردن کا مسح کریں۔

**سوال ۲:** مسواک کیسی اور کس چیز کی ہونی چاہیے؟

**جواب:** مسواک ہاتھ کی چھوٹی انگلی کے برابر موٹی اور زیادہ سے زیادہ ایک بالشت لمبی ہونی چاہیے، اتنی چھوٹی نہ ہو کہ مسواک کرنا ہی دشوار ہو جائے، مسواک نہ بہت نرم ہو اور نہ بہت سخت، مسواک ”پیلو، زیتون، یا نیم،، وغیرہ کڑوی لکڑی کی ہونی چاہیے۔

**سوال ۳:** مسواک کرنے کا صحیح طریقہ بیان فرمادیجیے!

**جواب:** مسواک داہنے ہاتھ سے استعمال کرنا چاہیے، اُسے اِس طرح ہاتھ میں لینا چاہئے کہ چھوٹی انگلی مسواک کے نیچے اور بیچ کی تین انگلیاں اوپر اور انگوٹھا سرے پر نیچے ہو اور مُٹھی بندھی ہوئی نہ ہو، کم سے کم تین مرتبہ داہنے، بائیں اور اوپر نیچے کے دانتوں میں مسواک کرنا چاہیے اور ہر بار اُسے دھولینا چاہیے[۱]

۱ [ملخصاً، از بہار شریعت، ج:۲، وضو کا بیان]





## تیسری فصل {اخلاقیات، اسلامی حقوق وآداب}

### {تلاوتِ قرآن کے آداب}

**سوال ۱:** قرآنِ پاک کی تلاوت کے اسلامی آداب کیا ہیں؟

**جواب:** تلاوتِ کلامُ اللہ کے آداب یہ ہیں [۱] باوضو قبلہ رو ہوکر بیٹھیں [۲] قرآنِ مقدس کو کسی اونچی جگہ مثلاً رحل یا ٹپائی یا پاک وصاف تکیہ پر رکھیں، پاؤں پر ہرگز نہ رکھیں [۳] تلاوت کے آغاز میں ”تَعَوُّذ وَ تَسْمِیَة“ [اعوذ باللہ و بسم اللہ] پڑھیں [۴] اطمینان وسکون کے ساتھ تجوید کی رعایت کرتے ہوئے تلاوت کریں [۵] دورانِ تلاوت دل و دماغ قرآنِ کریم ہی کی جانب متوجہ رکھیں [۶] اگر آس پاس بیٹھے ہوئے لوگوں میں سے کوئی بھی متوجہ نہ ہو، تو آہستہ آواز سے پڑھیں اور اگر لوگ سننے کے لیے متوجہ ہوں تو بلند آواز سے پڑھیں [۷] دورانِ تلاوت کہیں جانا ہو تو قرآنِ مقدس بند کردیں [۸] اگر یاد کرنے کے لیے پڑھیں تو ثواب کی بھی نیت کریں [۹] قراءت کے دوران، پان، تمباکو وغیرہ کھانے سے مکمل گریز کریں [۱۰] ترجمہ کے ساتھ پڑھنے کے لیے کسی معتبر سنی عالمِ دین کا ترجمہ منتخب کریں۔

**حدیثِ پاک**
حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
پاکیزگی نصف ایمان ہے۔ (مسلم شریف، ج:۱، ص:۱۱۸)

## {زیور پہننے کے آداب}

**سوال ۲:** مرد کتنا زیور استعمال کر سکتا ہے؟

**جواب:** مرد صرف چاندی کی ایک انگوٹھی پہن سکتا ہے، جو کہ ساڑھے چار ماشہ سے کم ہو، چاندی کی دو انگوٹھی پہننا، یا سونا، لوہا، پیتل، تانبا، یا کسی اور دھات کی انگوٹھی پہننا مرد پر حرام ہے، بعض مرد سونے کی انگوٹھی پہنتے ہیں، یوں ہی کچھ لوگ ایک سے زائد چاندی کی انگوٹھیاں پہنتے ہیں اور کچھ نادان لوہے کی انگوٹھی یا چھلہ پہنتے ہیں، یہ سب گناہ گار ہیں، اِن پر اِس طرح کی انگوٹھیوں کو اتارنا لازم ہے۔

**سوال ۳:** عورتیں کتنا زیور پہن سکتی ہیں؟

**جواب:** عورتیں سونے اور چاندی کے زیورات جتنا پہننا چاہیں پہن سکتی ہیں، البتہ اُن کے لیے کسی اور دھات کے زیورات پہننا جائز نہیں۔[1]

آج کل ''آرٹیفیشل ''، زیورات کا چلن بڑھ رہا ہے، خواتین اُنھیں بڑے شوق سے پہنتی ہیں، حالاں کہ نہ اُن کا پہننا درست ہے، نہ خریدنا اور نہ بیچنا۔

[1] [ماخوذ از اسلامی اخلاق و آداب، انگوٹھی اور زیور کا بیان]





## چوتھی فصل {گوشۂ سیرتِ مصطفیٰ ﷺ}

**سوال ۱:** نو دَس سال کی عمر میں حضور ﷺ کا کسبِ مَعاش کیا تھا؟

**جواب:** ہمارے نبی ﷺ کے چچا جناب ابو طالب کی مالی حالت تسلی بخش نہ تھی، اہل و عیال کی کثرت کے سبب گزر بسر بڑی مشکل سے ہو پاتی تھی، اِس لیے جب حضور ﷺ نو، دَس برس کے ہوئے، تو آپ نے بعض لوگوں کی بکریاں اُجرت پر چَرانا شروع کر دیں، تاکہ اپنے چچا کا ہاتھ بٹا سکیں، حضرت امام بخاری نے حضرت ابو ہریرہ سے روایت کی کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ رب العزت نے جس نبی کو بھی بھیجا ہے، اُس نے بکریاں چرائیں ہیں، صحابہ نے عرض کیا: حضور! آپ نے بھی؟ فرمایا: میں بھی قَرارِیط [قیراط کی جمع، دینار کی چھٹے حصے کی چوتھائی کو کہتے ہیں] کے عِوض مکہ والوں کی بکریاں چَرایا کرتا تھا۔[1]

**سوال ۲:** حضور ﷺ کے سفرِ شام اور بُحَیْرِی [یا بَحِیْرَا] راہب کے بارے میں کچھ بتائیے!

**جواب:** جب حضور ﷺ کی عمرِ پاک بارہ برس کی ہوئی، تو آپ، اپنے چچا ابو طالب کے ساتھ تجارتی قافلے میں، ملکِ شام کی طرف روانہ ہوئے، ملکِ شام کی طرف، آپ کا یہ پہلا سفر تھا، جب قافلہ ''بُصریٰ'' نامی شہر پہنچا اور آپ نے بُحَیری راہب [عیسائی سادھو] کے پاس قیام کیا، تو اُس نے آپ ﷺ کو اُن نشانیوں کے ذریعے پہچان لیا جو ''توریت''، ''انجیل'' میں اُس نے پڑھی تھیں، وہ، دیکھتے ہی حضور ﷺ پر، پروانہ وار فدا ہو گیا اور حضور ﷺ کا ہاتھ تھام کر کہنے لگا:

[1] [ملخصاً، از ضیاء النبی ﷺ، حصہ دوم، ص: ۱۰۳]

یہ سارے جہاں کے سردار ہیں، اللہ اِنھیں سارے عالم کے لیے رحمت بنا کر بھیجے گا۔[1]

**سوال ۳:** ملکِ شام کے دوسرے سفر پر روشنی ڈالیں!

**جواب:** جب ہمارے آقا محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی عمر شریف ۲۵ / برس کی ہوئی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی صداقت و امانت دور دور تک پھیل گئی، لوگ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو ''امین'' اور ''صادق'' جیسے عظیم الشان اَلقاب سے یاد کرنے لگے، آپ کی شہرت سن کر، مکہ مکرمہ کی ایک نہایت شریف و مُعَزَّز خاتون، حضرت سیدتنا خدیجہ سلام اللہ علیہا نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو اپنا مالِ تجارت لے کر ملکِ شام جانے کی پیش کش کی اور کہا کہ جو رقم میں دوسروں کو دیتی ہوں اُس سے دگنی زائد رقم میں آپ کو دوں گی، آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اِس درخواست کو منظور فرمایا اور اُن کا تجارتی سامان لے کر [دوسری مرتبہ] ملکِ شام تشریف لے گئے۔[2]

**حدیثِ پاک**

حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص فجر کی نماز کے لیے گیا وہ ایمان کا جھنڈا لے کر گیا اور جو صبح سویرے بازار کی طرف گیا، وہ شیطان کا جھنڈا لے کر گیا۔ (سنن ابن ماجہ، ج:۱، ص:۱۶۱)

[1] [ملخصاً و موضحاً، از سیرتِ رسول اکرم، ص:۹۔ و سیرتِ مصطفی، ص:۷۱]
[2] [ملخصاً، از سیرتِ مصطفی، ص:۷۵، و سیرت رسول اکرم، ص:۱۰]





# پانچویں فصل {اَذْکار و اَدْعِیَہ}

## {سوتے وقت کی دعا}

اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْیٰى وَاِلَیْكَ النُّشُوْرُ۔

ترجمہ: اے اللہ! میں تیرے ہی نام پر مرتا [سوتا] اور جیتا [جاگتا] ہوں، اور تیری ہی جانب پلٹنا ہے۔

## {جاگتے وقت کی دعا}

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ۔

ترجمہ: سب خوبیاں اُس اللہ عز و جل کے لیے، جس نے ہمیں موت [نیند] کے بعد زندگی [بیداری] نصیب فرمائی اور ہمیں اُسی کی طرف پلٹنا ہے۔

## {کپڑے پہننے کی دعا}

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ کَسَانِیْ ھٰذَا وَرَزَقَنِیْهِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّةٍ۔

ترجمہ: تمام تعریفیں اُس اللہ کے لیے، جس نے مجھے یہ لباس پہنایا، اور میری طاقت و قوت کے بغیر مجھے یہ [جوڑا] نصیب کیا۔

## {بلندی پر چڑھنے کی دعا}

اَللّٰهُ اَکْبَرُ۔

ترجمہ: اللہ عز و جل سب سے بڑا ہے۔

## {بلندی سے اترنے کی دعا}

سُبْحٰنَ اللّٰهِ۔

اللہ کریم ہر عیب سے پاک ہے۔

## چھٹی فصل {آیات واحادیث}

### آیت نمبر [۱۷]

اللہ عز وجل نے فرمایا: وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِيْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۔ ترجمۂ کنز الایمان: اور اللہ کی شان یہ نہیں کہ اے لوگو! تمھیں غیب کا علم دے دے اور اللہ چُن لیتا ہے اپنے رسولوں سے جسے چاہے۔[1]

### آیت نمبر [۱۸]

اللہ عز وجل نے فرمایا: اَلرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ۔ ترجمۂ کنز الایمان: رحمٰن نے اپنے محبوب [محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم] کو قرآن سکھایا۔[2]

### حدیث نمبر [۱۸]

اللہ کے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: اَهْلُ الْبِدَعِ كِلَابُ اَهْلِ النَّارِ ۔ ترجمہ: گمراہ لوگ دوزخیوں کے کتے ہیں۔[3]

### حدیث نمبر [۱۹]

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اَهْلُ الْبِدَعِ شَرُّ الْخَلْقِ وَالْخَلِيْقَةِ ۔ ترجمہ: بدعتی لوگ [مثلاً وہابی، دیوبندی اور رافضی وغیرہم] تمام لوگوں اور تمام جانوروں سے بدتر [برے] ہیں۔[4]

### حدیث نمبر [۲۰]

آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: لَا تُجَالِسُوْا اَهْلَ الْقَدْرِ وَلَا تُفَاتِحُوْهُمْ ۔

ترجمہ: تقدیر کا انکار کرنے والوں کے پاس مت بیٹھو اور نہ ہی اُن سے کلام [بات] کرو۔[5]

[1] [پارہ: ۴، آلِ عمران: ۱۷۹] [2] [پارہ: ۲۷، الرحمٰن: ۱] [3] [کنز العمال للمتقی، ج: ۱، ص: ۲۲۳]
[4] [حلیۃ الاولیاء للامام ابی نعیم، ج: ۸، ص: ۲۹۱۔ کنز العمال للامام المتقی، ج: ۱، ص: ۲۱۸]
[5] [السنن للامام ابی داؤد، ج: ۲، ص: ۶۴۹۔ المستدرک للامام حاکم، ج: ۱، ص: ۸۵]





## ساتویں فصل {عام دینی معلومات}

**سوال ۱:** آسمانی کتابیں کن کتابوں کو کہا جاتا ہے؟

**جواب:** اللہ رب العزت نے جو کتابیں حضراتِ انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام پر نازل کیں، اُنھیں ''آسمانی کتابیں'' کہا جاتا ہے۔

**سوال ۲:** اللہ رب العزت نے انبیاے کرام علیہم الصلاۃ والسلام پر کتابیں کیوں نازل کیں؟

**جواب:** اللہ رب العزت نے انسانوں کی ہدایت و رہ نمائی کے لیے ''کتابیں'' نازل کیں۔

**سوال ۳:** کتنی آسمانی کتابیں مشہور و معروف ہیں؟

**جواب:** چار آسمانی کتابیں معروف و مشہور ہیں [۱] توریت شریف [۲] زبور شریف [۳] انجیل شریف [۴] قرآنِ مقدس۔

**سوال ۴:** ان چاروں کتابوں میں سب سے پہلے کون سی آسمانی کتاب کس پیغمبر پر نازل ہوئی؟

**جواب:** سب سے پہلے توریت شریف حضرت سیدنا موسیٰ کلیم اللہ علیہ الصلاۃ والسلام پر نازل ہوئی۔

## آٹھویں فصل {معمولاتِ اہل سنت و جماعت}

**سوال ۱:** کیا اَحادیثِ کریمہ سے بھی ایصالِ ثواب کا ثبوت ملتا ہے؟

**جواب:** بہت سی حدیثوں سے ایصالِ ثواب کا ثبوت ملتا ہے، ایک حدیثِ پاک کا ترجمہ ملاحظہ فرمائیں؛
ایک صحابیِ رسول، حضرت سعد بن عُبادہ رضی اللہ عنہ نے حضور رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہِ بے کس پناہ میں حاضر ہوکر عرض کیا: یارسولَ اللہ! میری ماں "اُمِّ سَعْد" کا وصال ہوگیا ہے، میں اُن کے ثواب کے لیے کون سا صدقہ کروں؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: پانی بہترین صدقہ ہے۔ تو حضرت سعد نے ایک کنواں کھُدوایا اور اُس کے قریب جا کر کہا: اِس کنویں کا ثواب سعد کی ماں کے لیے ہے۔[۱]

**سوال ۲:** اِس حدیثِ پاک سے کتنی باتیں ثابت ہوئیں؟

**جواب:** اِس حدیثِ پاک سے یہ باتیں ثابت ہوئیں [۱] میّت کو اپنے نیک عمل کا ثواب، خصوصاً صدقاتِ مالیہ کا ثواب بخشنا سنتِ صحابہ ہے [۲] پانی کی خیرات کرنا زیادہ افضل ہے، اِسی لیے سنی حضرات محرم وغیرہ میں پانی کی سبیلیں لگاتے ہیں [۳] جس چیز کا ثواب پہنچایا جائے، اُسے اپنے سامنے رکھنا درست ہے، اِسی لیے فاتحہ کے وقت کھانا وغیرہ سامنے رکھتے ہیں [۴] کسی چیز پر مَیّت کا نام آجانے سے وہ چیز حرام نہیں ہوجاتی، جیسا کہ بدمذہب بکواس کرتے ہیں، کیوں کہ حضرت سعد نے کنویں پر اپنی ماں کا نام لیا تھا۔

[۱] [السنن للامام ابی داود، باب فی فضل سقی المآء، رقم الحدیث: ۱۶۸۳]





# دسواں سبق

## پہلی فصل {ایمانیات، ایمان سے متعلق باتیں}

**سوال ۱:** کیا حضراتِ انبیاے کرام علیہم السلام اپنی اپنی قبروں میں آج بھی زندہ ہیں، جس طرح وصال سے پہلے زندہ تھے؟

**جواب:** جی ہاں! بلکہ اُن حضرات کی زندگی شہیدوں کی زندگی سے بہت ہی ارفع واعلیٰ ہے، وہ کھاتے پیتے ہیں، جہاں چاہیں، جاتے آتے ہیں، لوگوں کی فریاد سنتے اور اُن کی مدد فرماتے ہیں، اللہ عز و جل کے وعدہ کے سچ ہونے کے لیے اُنھیں صرف ایک آن [لمحہ] کے لیے موت آئی، پھر ہمیشہ کے لیے جسمانی زندگی عطا کردی گئی۔[۱]

**سوال ۲:** خَاتَمُ النَّبِیِّیْن کس پیغمبر کو کہا جاتا ہے؟

**جواب:** خاتم النبیین ہمارے آقا و سردار حضور احمدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مبارک لقب ہے، کیوں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب سے آخری نبی ہیں، یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ذاتِ گرامی پر نبیوں کی آمد کا سلسلہ ختم ہو چکا ہے، اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا زمانۂ نبوت سب نبیوں کے زمانے کے بعد ہے، آپ کے بعد قیامت تک کوئی نبی نہیں آسکتا۔[۲]
جو، یہ بکواس کرے کہ "خاتم النبیین" کا معنی یہ ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم "نبی بالذات" ہیں، اور اگر آپ کے زمانے کے بعد کوئی نبی آجائے تو بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خاتمیت پر فرق نہیں پڑے گا، تو وہ کافر ہے۔

**سوال ۳:** کیا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی خاص قوم کی طرف نبی بنا کر بھیجے گئے؟

**جواب:** جی نہیں! بلکہ آقاے کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تمام انسانوں، جناتوں، فرشتوں اور تمام مخلوق کے لیے نبی بنا کر بھیجا گیا ہے، یعنی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کُل جہان کے لیے نبی ہیں، کسی خاص مخلوق کے لیے نہیں۔[۳]

[۱] [ملخصاً، از بہار شریعت، ج:۱، حصہ:۱، ص:۵۸]
[۲] [ملخصاً، از بہار شریعت، ج:۱، حصہ:۱، ص:۶۳]
[۳] [ملخصاً، از بہار شریعت، ج:۱، حصہ:۱، ص:۶۱]

## دوسری فصل {فقہیات، فقہی مسائل}

**سوال ۱:** وضو میں کون کون سی باتیں مکروہ [ناپسندیدہ] ہیں؟

**جواب:** وضو میں بہت سی باتیں مکروہ ہیں، جن سے بچنا چاہیے، اُن میں سے چند یہ ہیں [۱] وضو کرنے کے لیے ناپاک مقام پر بیٹھنا [۲] وضو کا پانی ناپاک جگہ ڈالنا [۳] مسجد کے اندر وضو کرنا [۴] قبلہ کی طرح تھوکنا یا کلی کرنا [۵] بِلا ضرورت، دنیاوی باتیں کرنا [۶] ضرورت سے زیادہ پانی خرچ کرنا [۷] منہ پر پانی مارنا [۸] صرف ایک ہاتھ سے منہ دھونا [۹] الٹے ہاتھ سے کلی کرنا یا ناک میں پانی ڈالنا [۱۰] سیدھے ہاتھ سے ناک صاف کرنا [۱۱] وضو کے قطروں کو اپنے کپڑوں پر یا مسجد میں ٹپکنے دینا۔ یہ یاد رکھیے کہ وضو کی کسی سنت کو چھوڑنا مکروہ ہے۔[۱]

**سوال ۲:** وضو کرنا کب فرض ہے اور کب واجب؟

**جواب:** اگر وضو نہ ہو تو [۱] نماز پڑھنے [۲] سجدۂ تلاوت کرنے [۳] نمازِ جنازہ پڑھنے [۴] اور قرآنِ مقدس چھونے کے لیے وضو کرنا فرض ہے۔ خانۂ کعبہ کا طواف کرنے کے لیے وضو کرنا واجب ہے۔

**سوال ۳:** وضو کرنا کب سنت ہے اور کب مستحب؟

**جواب:** اِن اُمور کے لیے وضو کرنا سنت ہے [۱] اذان و اقامت کے لیے [۲] جمعہ وعیدین کے خطبے کے لیے [۳] حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے روضۂ اقدس کی زیارت کے لیے [۳] وقوفِ عرفہ اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کے لیے وغیرہ۔

اور اِن امور میں وضو کرنا مستحب ہے [۱] زبانی قرآنِ مقدس پڑھنے کے لیے [۲] علمِ دین پڑھنے اور پڑھانے کے لیے [۳] دینی کتابیں چھونے کے لیے [۴] شرم گاہ چھو جانے کے بعد [۵] جھوٹ بولنے، گالی بکنے، غیبت کرنے اور قہقہہ لگانے کے بعد، وغیرہ۔[۲]

[۱] [ملخصاً، از بہار شریعت، ج: ۲، وضو کا بیان]   [۲] [ملخصاً، از بہار شریعت، حصہ: ۲، وضو کا بیان]





## تیسری فصل {اخلاقیات، اسلامی حقوق و آداب}

### {انگوٹھی پہننے کے آداب}

**سوال ۱:** انگوٹھی پہننے کے آداب بیان فرما دیں!

**جواب:** انگوٹھی پہننے کے اسلامی آداب یہ ہیں [۱] مرد اگر انگوٹھی پہنے تو اُس کا نگینہ، ہتھیلی کی طرف رکھے اور عورتیں نگینہ ہاتھ کی پشت کی طرف رکھیں [۲] انگوٹھی داہنے یا بائیں جس ہاتھ میں چاہیں پہن سکتے ہیں [۳] انگوٹھی چھنگلیا میں پہنیں تو زیادہ بہتر ہے [۴] انگوٹھی کے نگینے پر کسی انسان یا جاندار کی تصویر نہ ہو۔

**سوال ۲:** کیا مَرد چاندی کی کئی نگینوں والی انگوٹھی پہن سکتا ہے؟

**جواب:** ایک سے زیادہ نگینوں والی انگوٹھی مرد کے لیے ناجائز ہے، مردوں کو چاندی یا کسی اور دھات کے چھلے پہننا بھی ناجائز ہے، البتہ عورتیں سونے اور چاندی کے چھلے پہن سکتی ہیں، اِسی طرح مرد کا اپنے ہاتھ اور پاؤں میں مہندی لگانا یا لگوانا حرام و ناجائز ہے، مگر عورتیں اپنے ہاتھوں اور پیروں میں لگا سکتی ہیں یا دوسری عورتوں سے لگوا سکتی ہیں۔

### {دانت کو سونے کے تار سے باندھنے کا بیان}

**سوال ۳:** کیا ملتے ہوئے دانتوں کو سونے کے تار سے بندھوا سکتے ہیں؟

**جواب:** جی ہاں! بندھوا سکتے ہیں، اِسی طرح اگر کسی کی ناک کٹ گئی ہو تو وہ سونے کی ناک لگوا سکتا ہے۔[۱]

[۱] [ملخصاً، از اسلامی اخلاق و آداب، انگوٹھی اور زیور کا بیان]

## چوتھی فصل { گوشۂ سیرتِ مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم }

**سوال ۱:** نَسطورا راہب کا واقعہ بیان فرمائیں!

**جواب:** جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت خدیجہ سلام اللہ علیہا کا سامانِ تجارت لے کر، اُن کے غلام، حضرت مَیْسَرَہ، کے ہمراہ، ملکِ شام پہنچے، تو شہرِ بُصرٰی میں نسطورا راہب کی خانقاہ کے قریب، ایک درخت کے نیچے قیام فرمایا، نسطورا نے میسرہ سے پوچھا: درخت کے نیچے آرام کرنے والا کون ہے؟ میسرہ نے حضور کا تعارف پیش کیا، اُس نے کہا: اِس درخت کے نیچے سوائے نبی کے کوئی نہیں ٹھہرا، اُس کے بعد نسطورا نے کچھ علامتیں پوچھیں، جن کا میسرہ نے صحیح جواب دیا، نسطورا نے جواب سننے کے بعد پورے اطمینان ویقین کے ساتھ کہا: بلا شبہ یہ نبی ہیں، اے میسرہ! تم اِن کا ساتھ نہ چھوڑنا، کاش کہ مجھے اِن کا زمانہ مِل جاتا![1]

**سوال ۲:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نکاح حضرت خدیجہ سے کب اور کیسے ہوا؟

**جواب:** جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کامیاب تجارت کے بعد، ملکِ شام سے تشریف لائے، تو حضرت خدیجہ نے بالا خانہ پر بیٹھ کر دیکھا کہ بادل آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سایہ کیے ہوئے ہے، میسرہ سے پوچھنے پر پتہ چلا کہ بادل، راستہ بھر آپ پر سایہ فگن رہا، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اِس عظمت وشان کو ملاحظہ کرنے کے بعد، اُنھوں نے آپ کو نکاح کا پیغام دیا، جسے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بخندہ پیشانی قبول فرمایا اور حضرت خدیجہ کو اپنی زوجیت کا شرف بخشا، نکاح کے وقت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمرِ مبارک ۲۵ سال اور حضرت خدیجہ کی عمرِ پاک ۴۰ سال تھی۔[2]

[1] [ملخصاً، از سیرتِ مصطفی، ص:۷۵۔ سیرت رسول اکرم، ص:۱۱]
[2] [ملخصاً، از سیرتِ مصطفی، ص:۷۶/۷۷، وسیرت رسول اکرم، ص:۱۱]





**سوال ۳:** حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کتنی اولاد ہوئیں؟

**جواب:** سوائے حضرت ابراہیم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تمام اولاد حضرت خدیجہ ہی کے بَطَن سے ہوئیں، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت خدیجہ سے بڑی محبت فرماتے تھے، یہاں تک کہ اُن کی زندگی میں آپ نے دوسرا نکاح نہیں فرمایا، حضرت خدیجہ نے بھی خدمت کا حق ادا کیا اور اپنی ساری دولت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قدموں پر قربان کردی۔[1]

### حدیثِ پاک

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
جب تمھارے بچے سات سال کے ہوجائیں تو ان کو نماز پڑھنے کا حکم دو اور جب دس سال کے ہوجائیں تو ان کو مار کر نماز پڑھاؤ اور ان کے سونے کی جگہیں الگ کردو۔
(سنن ابوداؤد، ج:۱، ص:۷۱)

[1] [ملخصاً، از سیرتِ مصطفی، ص:۷۹۔ وسیرت رسول اکرم، ص:۱۱]

## پانچویں فصل {اَذْکَار و اَدْعِیَه}

### {کوئی بھی حلال چیز کھانے سے پہلے کی دعا}

بِسْمِ اللّٰہِ وَعَلٰی بَرَکَۃِ اللّٰہِ۔

ترجمہ: اللہ رحیم کے نام سے اور اللہ کریم کی برکت پر [کھاتا ہوں]

### {کھانے کے شروع میں دعا پڑھنا بھول جائے تو یاد آنے پر یہ دعا پڑھے}

بِسْمِ اللّٰہِ اَوَّلَہٗ وَاٰخِرَہٗ۔

ترجمہ: اللہ کے نام سے کھاتا ہوں، شروع میں بھی اور آخر میں بھی۔

### {کھانے کے بعد کی دعا}

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ۔

ترجمہ: سب خوبیاں اللہ عزوجل کے لیے، جس نے ہمیں کھلایا، پلایا اور مسلمان بنایا۔

### {دعوت کھانے کے بعد کی دعا}

اَللّٰھُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِیْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِیْ۔

ترجمہ: اے اللہ! جس شخص نے مجھے کھلایا، تو اُسے کھلا اور جس نے مجھے پلایا، تو اُسے سیراب فرما۔





## چھٹی فصل {آیات واحادیث}

### آیت نمبر [۱۹]

اللہ عزوجل نے فرمایا: لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ وَتُعَزِّرُوْہُ وَتُوَقِّرُوْہُ وَتُسَبِّحُوْہُ بُکْرَۃً وَّاَصِیْلاً۔ ترجمۂ کنز الایمان: تاکہ اے لوگو! تم اللہ اور اُس کے رسول پر ایمان لاؤ! اور رسول کی تعظیم وتوقیر کرو! اور صبح وشام اللہ کی پاکی بولو! [۱]

### آیت نمبر [۲۰]

اللہ عزوجل نے فرمایا: عَالِمُ الْغَیْبِ فَلَا یُظْھِرُ عَلٰی غَیْبِہٖ اَحَدًا اِلَّا مَنِ ارْتَضٰی مِنْ رَّسُوْلٍ۔ ترجمۂ کنز الایمان: غیب کا جاننے والا [اللہ]، تو وہ اپنے غیب پر کسی کو مسلط نہیں کرتا، سوائے اپنے پسندیدہ رسولوں کے۔[۲]

### حدیث نمبر [۲۱]

حضور سرورِ دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: مَنْ جَامَعَ الْمُشْرِكَ وَسَكَنَ مَعَہٗ فَھُوَ مِثْلُہٗ۔
ترجمہ: جو مشرکوں کے ساتھ رہے [اور اُن سے دوستیاں کرے] وہ بھی اُنھی جیسا ہے۔[۳]

### حدیث نمبر [۲۲]

حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: مَنْ کَثَّرَ سَوَادَ قَوْمٍ فَھُوَ مِنْھُمْ وَمَنْ رَضِیَ عَمَلَ قَوْمٍ کَانَ شَرِیْكَ مَنْ عَمِلَ بِہٖ۔ ترجمہ: جو کسی قوم کا جتھا بڑھائے وہ انھی میں سے ہے اور جو کسی قوم کا کوئی کام پسند کرے وہ اُس کام کرنے والوں کا شریک ہے۔[۴]

[۱] [پارہ:۲۶، فتح:۹]    [۲] [پارہ:۲۹، الجن:۲۶]
[۳] [السنن للامام أبي داؤد، کتاب الجهاد، ج:۱، ص:۳۸۵۔ الجامع الصغیر للامام السیوطی، ج:۲، ص:۵۲۳]
[۴] [اتحاف السادۃ للامام الزبیدی، ج:۶، ص:۱۲۶، بحوالہ جامع الاحادیث، ج:۱، ص:۸۴]

## ساتویں فصل {عام دینی معلومات}

**سوال ۱:** توریت شریف کے بعد کون سی کتاب، کس رسول پر نازل ہوئی؟

**جواب:** توریت شریف کے بعد زبور شریف، حضرت سیدنا داؤد علیہ الصلاۃ والسلام پر نازل ہوئی۔

**سوال ۲:** زَبور شریف کے بعد کون سی کتاب کس نبی پر نازل ہوئی؟

**جواب:** زَبور کے بعد، انجیل شریف حضرت سیدنا عیسیٰ روح اللہ علیہ الصلاۃ والسلام پر نازل ہوئی۔

**سوال ۳:** سب سے آخر میں کون سی کتاب، کس پیغمبر پر نازل کی گئی؟

**جواب:** سب سے آخری کتاب، قرآنِ مقدس، ہمارے نبی حضرت محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نازل کی گئی۔

**سوال ۴:** قرآن کریم کتنی مُدَّت میں نازل ہوا؟

**جواب:** قرآنِ مجید حاجت وضرورت کے مطابق، تھوڑا تھوڑا کر کے تقریباً ۲۳ رسال کی مدت میں نازل ہوا[۱]

[۱] [تفسیر کشاف، ج:۴،ص:۷۷۱، سورۂ قدر کی تفسیر]





## آٹھویں فصل {معمولاتِ اہل سنت وجماعت}

**سوال ۱:** تیجہ، دسواں، بیسواں، چالیسواں، خواجہ غریب نواز کی چھٹی، غوثِ پاک کی گیارہویں، شبِ براءت کا حلوہ، حضرت امام عالی مقام کا کھچڑا وغیرہ کہاں سے ثابت ہے؟

**جواب:** یہ سب ایصالِ ثواب کی مختلف صورتیں ہیں، چوں کہ ایصالِ ثواب قرآن وحدیث سے ثابت ہے، لہٰذا ایصالِ ثواب کی تمام صورتیں جائز ٹھہریں، صرف نام رکھنے یا دن متعین کرنے سے کوئی چیز ناجائز نہیں ہو جاتی۔ انکار کرنے والے دکھائیں کہ قرآن وحدیث میں ''تیجہ، دسواں، چالیسواں وغیرہ،، سے کہاں منع کیا گیا ہے؟ ان شاء اللہ عز و جل یہ لوگ قیامت تک نہیں دکھا سکیں گے۔

**سوال ۲:** جس انداز سے سنی حضرات فاتحہ دلاتے ہیں، کیا قرآن وحدیث میں اِس کا کہیں کوئی ثبوت ہے؟

**جواب:** جس انداز سے سنی حضرات فاتحہ دلاتے ہیں، اِس کے جائز ہونے کی سب سے مضبوط دلیل یہ ہے کہ قرآن وحدیث میں کہیں بھی اِس طرح فاتحہ دلانے سے منع نہیں کیا گیا۔ شریعت کا منع نہ کرنا ہی جائز ہونے کی دلیل ہے، شریعت اصول بتاتی ہے، انداز نہیں سکھلاتی، آج نئے نئے انداز سے مدارس، خانقاہیں اور مسافر خانے بنائے جاتے ہیں اور سب مسلمان اِنھیں کارِ ثواب [نیکی کا کام] سمجھتے ہیں، لیکن کوئی شخص یہ ثابت نہیں کرسکتا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اِنھیں اِس طرح بنایا، یا بنانے کا حکم دیا۔ اب اگر کوئی یہ کہے کہ جس طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں مسجدیں تعمیر ہوتی تھیں، ویسی ہی بنائی جائیں، پختہ اور خوب صورت مسجدیں بنانا، ناجائز وحرام ہے تو یقیناً آپ اُسے مجنون کہنے میں جھجھک محسوس نہیں کریں گے۔

# گیارھواں سبق

## پہلی فصل {ایمانیات، ایمان سے متعلق باتیں}

**سوال ۱:** کیا تمام انسانوں پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی فرماں برداری فرض ہے؟

**جواب:** یقیناً! بلکہ صرف انسان ہی نہیں، تمام مخلوقات پر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت وفرماں برداری فرض ہے۔[۱]

**سوال ۲:** کیا کوئی شخص آقائے کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جیسا ہوسکتا ہے؟

**جواب:** نہ کوئی شخص حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جیسا ہوا، نہ ہے اور نہ کبھی ہوسکتا ہے، جو، کسی صفتِ خاصّہ میں کسی کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا مثل بتائے، وہ گمراہ یا کافر ہے۔[۲]

**سوال ۳:** کیا حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نامِ اقدس کے بعد درود شریف لکھنے کی بجائے "صلعم" یا "ص" لکھ سکتے ہیں؟

**جواب:** جب بھی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا نامِ اقدس آئے تو مکمل درودِ پاک لکھنا یا پڑھنا چاہیے، بلکہ بعض علما فرماتے ہیں کہ جتنی بار نام آئے اُتنی بار درود شریف لکھنا یا پڑھنا واجب وضروری ہے، درود کو مختصر کر کے صرف "صلعم" یا "ص" کے ذریعے درود کی طرف اشارہ کرنا جائز نہیں۔[۳]

[۱] [ملخصاً، از بہارِ شریعت، ج:۱، حصہ:۱، ص:۶۲]
[۲] [ملخصاً از بہارِ شریعت، ج:۱، حصہ:۱، ص:۶۶]
[۳] [ملخصاً، از بہارِ شریعت، ج:۱، حصہ:۱، ص:۷۷]





## دوسری فصل {فقہیات، فقہی مسائل}

**سوال ۱:** کِن کِن چیزوں سے وضو ٹوٹ جاتا ہے؟

**جواب:** اِن چیزوں سے وضو ٹوٹ جاتا ہے [۱] پاخانہ اور پیشاب کرنا [۲]، وَدِی، مَذِی اور مرد وعورت کے آگے کے مقام سے کیڑے یا پتھری کا نکلنا [۳] رِیاح کا خارج ہونا [۴] وضو اور غسل میں جن مقامات کو دُھلا جاتا ہے، وہاں سے خون، پیپ یا زرد [پیلا] پانی کا نکل کر بَہہ جانا، یا اُس میں بہنے کی صلاحیت کا ہونا [۵] منہ بھر اُلٹی کرنا، جب کہ الٹی میں خالص بلغم کے علاوہ کچھ اور نکلے [۷] غفلت کے ساتھ سونا [۶] بے ہوش اور پاگل ہو جانا [۷] اتنا نشہ آ جانا کہ پیر لڑکھڑانے لگیں [۱۰] رکوع وسجود والی نماز میں قہقہہ لگا کر ہنسنا۔ اِن تمام باتوں سے وضو ٹوٹ جاتا ہے، مگر قہقہے سے صرف وضو ہی نہیں ٹوٹتا، بلکہ نماز بھی فاسد ہو جاتی ہے۔

**سوال ۲:** وہ چیزیں بتائیے جن کے پائے جانے سے وضو نہیں ٹوٹتا!

**جواب:** اِن چیزوں سے وضو نہیں ٹوٹتا [۱] مرد اور عورت کے آگے کے مقام سے ہوا نکلے [۲] بدن سے اِتنا خون نکلے جو بہنے کے قابل نہ ہو [۳] خون بہنے کے قابل تو ہو، مگر ایسی جگہ بہے جس کا وضو یا غسل میں دھونا فرض نہ ہو، مثلاً آنکھ کے اندر دانہ تھا، دانہ پھوٹا اور خون آنکھ کے اندر ہی پھیل گیا، اور باہر نہیں آیا [۴] خالص بلغم کی قَے [الٹی] ہو، خواہ کتنی ہی کیوں نہ ہو [۵] منہ بھر سے کم قَے ہو [۶] اونگھنے یا بیٹھے بیٹھے جھونکے لینے سے۔ اِن تمام باتوں سے وضو نہیں ٹوٹتا۔

**سوال ۳:** جن چیزوں سے وضو نہیں ٹوٹتا، کیا وہ پاک ہیں؟

**جواب:** جی ہاں! جن چیزوں کے نکلنے سے وضو نہ ٹوٹے وہ پاک ہیں، جیسے وہ خون جو بہہ کر نہ نکلے اور وہ الٹی جو منہ بھر سے کم ہو، البتہ جن چیزوں کے نکلنے سے وضو ٹوٹ جائے وہ ناپاک ہیں۔[۱]

[۱] [ملخصاً، از بہارِ شریعت، ج:۲، وضو کا بیان]

## تیسری فصل {اخلاقیات، اسلامی حقوق وآداب}

### {مصافحے کا حکم}

**سوال ۱:** مصافحے کا شرعی حکم اور ثواب کیا ہے؟

**جواب:** اپنے مسلمان بھائی سے دونوں ہاتھوں سے مصافحہ کرنا سنت ہے، اِس کا ثواب تواتر سے ثابت ہے، حدیثوں میں اِس کی بڑی فضیلت آئی ہے، ایک حدیث میں یہاں تک آیا کہ جو مسلمان اپنے مسلمان بھائی سے مصافحہ کرے اور کسی کے دل میں دوسرے کے لیے عداوت نہ ہو تو ہاتھ جدا ہونے سے پہلے اللہ عزوجل دونوں کے گزشتہ گناہوں کو معاف فرمادے گا۔[1]

### {مصافحے کا طریقہ}

**سوال ۲:** مصافحے کا طریقہ کیا ہے؟

**جواب:** مصافحہ یہ ہے کہ ایک شخص اپنی ہتھیلی، دوسرے کی ہتھیلی سے ملائے، صرف انگلیوں کے چھو جانے یا ایک ایک ہاتھ ملانے کا نام مصافحہ نہیں ہے، سنت یہ ہے کہ دونوں ہاتھوں سے مصافحہ کیا جائے اور دونوں کے ہاتھوں کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو، جتنی بار ملاقات ہو ہر بار ہاتھ ملانا مستحب ہے۔

**سوال ۳:** مصافحہ کتنے طریقوں سے کیا جاسکتا ہے؟

**جواب:** حدیثوں سے دو طریقے ثابت ہیں [۱] ہر ایک کا ایک ہاتھ دوسرے کے دونوں ہاتھوں کے درمیان میں ہو، یہی طریقہ زیادہ رائج ہے [۲] ہر ایک اپنا داہنا ہاتھ دوسرے کے داہنے ہاتھ سے اور بایاں ہاتھ دوسرے کے بائیں ہاتھ سے ملائے اور انگوٹھے کو دبائے، کیوں کہ انگوٹھے میں ایک ایسی رگ ہے جس کو دبانے سے محبت پیدا ہوتی ہے۔[2]

[1] [کنز العمال، کتاب الصحبۃ، رقم الحدیث: ۲۵۳۵۸] [2] [ملخصاً، از اسلامی اخلاق وآداب، مصافحہ ومعانقہ کا بیان]





## چوتھی فصل {گوشۂ سیرتِ مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم}

**سوال ۱:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے کس عمر میں خانۂ کعبہ کی تعمیرِ جدید میں حصہ لیا؟ قدرے تفصیل سے بیان کریں!

**جواب:** جب حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی عمر شریف پینتیس برس کی ہوئی تو آپ نے خانۂ کعبہ کی تعمیر میں حصہ لیا، اِس کی تفصیل کچھ یوں بیان کی جاتی ہے کہ اُس وقت ایک زبردست بارش کے سبب، ایسا زوردار سیلاب آیا کہ حرمِ کعبہ کی پوری عمارت منہدم ہوگئی، قریش نے اُس کی تعمیرِ نَو کا ارادہ کیا اور پہاڑوں سے پتھر اٹھا کر لانے لگے، حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم بھی اپنے چچا حضرت عباس کے ساتھ اِس میں شریک ہوئے۔[1]

**سوال ۲:** حجرِ اسود کو دیوار میں نصب کرنے کے لیے، قبیلوں کے درمیان رونما ہونے والے جھگڑے کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے کس حسنِ تدبیر سے ختم فرمایا؟

**جواب:** کعبۂ مقدسہ کی عِمارت جب حجرِ اسود تک پہنچ گئی، تو اُسے دیوار میں نصب کرنے سے متعلق قبیلوں میں سخت اختلاف رونما ہوا، ہر قبیلہ یہ چاہتا تھا کہ یہ شرف اُسے حاصل ہو، اِس کے لیے وہ لوگ لڑنے مرنے پر آمادہ ہوگئے، بالآخر قریش کے ایک تجربہ کار بوڑھے شخص نے یہ فیصلہ کیا کہ، کل جو شخص سب سے پہلے حرمِ کعبہ میں داخل ہو، اُس کو پَنچ مان لیا جائے، وہ جو فیصلہ کرے، سب اُسے تسلیم کریں، اِس رائے پر سب نے اتفاق کیا، خدا کی شان کہ دوسرے دن صبح کو جو شخص حرمِ کعبہ میں سب سے پہلے داخل ہوا، وہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم تھے، آپ کا رخِ زیبا دیکھتے ہی سب پکار اُٹھے کہ ہم

[1] [ملخصاً، از سیرتِ مصطفی، ص: ۸۰ وسیرتِ رسولِ اکرم، ص: ۱۲ وسیرۃ النبی کی جھلکیاں، ص: ۱۵]

اِن کے فیصلے پر راضی ہیں، حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ایک چادر پر حجرِ اسود رکھ کر تمام قبیلوں کے سرداروں کو بلایا، سب نے چادر کے ایک ایک کونے کو پکڑ کر اُسے اٹھایا، جب چادر اوپر اُٹھ گئی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنے ہاتھوں سے حجرِ اسود کو نصب فرما دیا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی اِس بے مثال حکمت و دانائی سے ایک بہت بڑی جنگ ٹل گئی۔[۱]

**سوال ۳:** جب ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی عمر شریف کا چالیسواں سال شروع ہوا، تو آپ کی ذاتِ اقدس میں کون سا انقلاب رونما ہوا؟

**جواب:** جب ہمارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی مقدس زندگی کا چالیسواں سال شروع ہوا، تو آپ خَلوَت پسند ہو گئے اور تنہائی میں ذوق و شوق سے خدا کی عبادت کرنے لگے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم دن رات خالقِ کائنات کے تصور میں مُستَغرَق رہنے لگے، اُن دنوں ایک نئی بات یہ بھی ظاہر ہوئی کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو اچھے اچھے خواب نظر آنے لگے اور خواب میں جو کچھ نظر آتا، اُس کی تعبیر صبحِ صادق کی طرح ظاہر ہو جایا کرتی تھی۔[۲]

[۱] [ملخصاً، از سیرتِ مصطفی، ص: ۸۰/۸۱ و سیرتِ رسولِ اکرم، ص: ۱۲/۱۳ و سیرۃ النبی کی جھلکیاں، ص: ۱۵]
[۲] [الصحیح للامام البخاری، ج: ۱، ص: ۱۔ و سیرتِ مصطفی، ص: ۸۹]





# پانچویں فصل {اَذکار و اَدعِیَہ}

## {دودھ پینے کی دعا}

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ۔

ترجمہ: اے اللہ عزو جل! ہمارے لیے اِس میں برکت نازل فرما اور ہمیں مَزید عطا فرما!

## {روزہ افطار کرنے کے بعد کی دعا}

اَللّٰھُمَّ لَكَ صُمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ

ترجمہ: اے اللہ! میں نے تیرے لیے روزہ رکھا، میں تجھ پر ایمان لایا، میں نے تجھ پر بھروسا کیا اور تیرے ہی رزق سے افطار کیا۔

## {وضو سے پہلے کی دعا}

بِسْمِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى دِيْنِ الْاِسْلَامِ۔

ترجمہ: عظمت والے اللہ کے نام سے شروع، اور سب خوبیاں اُس اللہ کو، جس نے [ ہمیں ] دینِ اسلام پر قائم رکھا۔

## چھٹی فصل {آیات واحادیث}

**آیت نمبر [۲۱]**

اللہ عزوجل نے فرمایا: یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَرْفَعُوْۤا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ النَّبِیِّ۔

ترجمۂ کنز الایمان: اے ایمان والو! اپنی آوازیں اونچی نہ کرو اِس غیب بتانے والے نبی کی آواز سے۔[۱]

**آیت نمبر [۲۲]**

اللہ عزوجل نے فرمایا: لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَیْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا۔

ترجمۂ کنز الایمان: رسول کے پکارنے کو آپس میں ایسا نہ ٹھہرالو جیسا تم میں ایک، دوسرے کو پکارتا ہے۔[۲]

**حدیث نمبر [۲۳]**

حضور احمدِ مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اِذَا قَالَ الرَّجُلُ لِاَخِیْهِ: یَا کَافِرُ! فَقَدْ بَآءَ بِهَا اَحَدُهُمَا۔ ترجمہ: جب کوئی شخص اپنے مسلمان بھائی کو "اے کافر" کہے گا تو اُس کی بات یقیناً اُن دونوں میں سے کسی ایک کی طرف پلٹے گی۔[۳]

**حدیث نمبر [۲۴]**

تاجدارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لَا صَغِیْرَةَ مَعَ الْاِصْرَارِ وَلَا كَبِیْرَةَ مَعَ الْاِسْتِغْفَارِ۔ ترجمہ: بار بار کرنے سے کوئی گناہ صغیرہ نہیں رہ جاتا [بلکہ کبیرہ ہو جاتا ہے] اور کوئی گناہ [سچی] توبہ کے بعد کبیرہ نہیں رہ جاتا [بلکہ معاف کر دیا جاتا ہے]۔[۴]

[۱] [پارہ:۲۶، الحجرات:۲] [۲] [پارہ:۱۸، النور:۶۳] [۳] [الصحیح للامام البخاری، کتاب الادب، ج:۲، ص:۹۰۱]
[۴] [تاریخ دمشق للامام ابن عساکر، ج:۲، ص:۲۰۹، بحوالہ جامع الاحادیث، ج:۱، ص:۱۲۶]





## ساتویں فصل {عام دینی معلومات}

**سوال ۱:** قرآنِ مقدس کس زبان میں ہے؟

**جواب:** قرآنِ مقدس عَربی زبان میں ہے۔

**سوال ۲:** کیا قرآن کریم کو کسی اور زبان میں پڑھا یا لکھا جا سکتا ہے۔

**جواب:** نہیں، قرآنِ کریم کو عربی کے علاوہ کسی بھی زبان میں لکھا یا پڑھا نہیں جا سکتا، ہاں! اُس کا ترجمہ ہر زبان میں پڑھنا اور لکھنا جائز ہے۔

**سوال ۳:** کیا قرآن مقدس کا نزول، صرف حصولِ برکت کے لیے ہوا ہے؟

**جواب:** نہیں، اِس کا نزول صرف حصولِ برکت کے لیے نہیں ہوا، بلکہ اِس کے نزول کا بنیادی مقصد، انسانیت کی صحیح رہ نمائی کرنا ہے، لہذا ہر مسلمان پر قرآنی اَحکام وہدایات پر عمل کرنا لازم وضروری ہے۔

**سوال ۴:** قرآنِ مجید کی جامع ومانع تعریف کریں؟

**جواب:** قرآنِ مجید، اللہ ربُّ العالمین کا وہ مُعجِزانہ کلام ہے، جو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر، حضرت سیدنا جبریل علیہ السلام کے واسطے سے نازل ہوا، جو مَصَاحِفْ میں مَکْتُوْبْ [لکھا ہوا] اور ہمارے سینوں میں محفوظ ہے اور ہم تک تَوَاتُر کے ساتھ مَنْقُوْلْ ہے، اور جس کی شروعات سورۃ الفاتحۃ سے اور اختتام سورۃ الناس پر ہے۔[۴]

[۴] [ملخصاً، از شرحِ عقائد، ص:۷۷]

## آٹھویں فصل {معمولاتِ اہل سنت وجماعت}

**سوال ۱:** کیا کسی مسلمان کے انتقال پر کھانے کی دعوت کرنا یا اُڑانا جائز ہے؟

**جواب:** کسی کے انتقال پر دعوت کرنا جائز نہیں، اُس وقت جو کھانا دعوت کے لیے تیار کیا جائے، مالدار اُسے نہیں کھا سکتے، اُسے صرف فقرا کھائیں، ہاں میت کے ایصالِ ثواب کے لیے، دسویں، بیسویں، چالیسویں، چھ ماہی یا برسی میں جو کھانا تیار کیا جاتا ہے، بہتر ہے کہ مالدار لوگ اُسے بھی نہ کھائیں، لیکن اگر کھالیا، تو کوئی حرج نہیں اور فقیروں کے لیے اُس میں کچھ بھی مضائقہ نہیں، بلکہ درحقیقت وہی اُس کے حق دار ہیں۔[۱]

یوں ہی تیجہ وغیرہ کے چنے مالدار نہ لے اور اگر لے ہی لے تو کسی فقیر کو دے دے، خود نہ کھائے۔[۲]

**سوال ۲:** کیا حضرات انبیائے کرام علیہم الصلاۃ والسلام اور اولیائے کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین کی نذر کا کھانا مالدار کھا سکتے ہیں؟

**جواب:** جو کھانا اِن حضرات کی بارگاہ میں نذر کیا جائے، وہ تبرک ہے، اُسے کھانا باعثِ برکت ہے، کیوں کہ جو چیز اللہ والوں کی جانب منسوب کی جاتی ہے، اُس میں برکت آجاتی ہے، اُسے بلا تکلف امیر وغریب سبھی کھا سکتے ہیں، ایسے کھانے کی تعظیم کرنا بھی جائز و درست ہے۔

۱ [ملخصاً، از فیضانِ اعلیٰ حضرت، ص:۱۰۵۱] ۲ [فتاویٰ رضویہ، ج:۴، ص:۲۲۵]





# بارھواں سبق

## پہلی فصل {ایمانیات، ایمان سے متعلق باتیں}

**سوال ۱:** کیا معراج کی رات ہمارے آقا جناب محمد رسول اللہ ﷺ نے اپنے ماتھے کی نگاہوں سے رب تبارک وتعالیٰ کا دیدار کیا؟

**جواب:** بالکل، حضور ﷺ نے شبِ معراج اپنے ماتھے کی نگاہوں سے پروردگارِ عالم کے حسنِ ازلی کا دیدار اس انداز سے کیا کہ دیدار کرانے والی ذات نے داد و تحسین سے نوازا۔[۱]

**سوال ۲:** کیا کوئی ذات ایسی بھی ہے جس کی رضا خود خالقِ عالم چاہتا ہے؟

**جواب:** جی ہاں! وہ ذاتِ گرامی کوئی اور نہیں بلکہ ہم سب کے آقا، ساری کائنات کے داتا، حضور ﷺ کی ذاتِ گرامی ہے، اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ کو اپنا محبوبِ اکبر [سب سے بڑا محبوب] قرار دیا ہے، ساری کائنات اللہ عزوجل کی رضا چاہتی ہے، مگر اللہ عزوجل خود حضور ﷺ کی رضا چاہتا ہے۔[۲]

**سوال ۳:** اللہ تعالیٰ نے سب سے زیادہ علم، اِختیار، حُسن اور دوسرے کمالاتِ عالیہ کس نبی کو عطا فرمائے؟

**جواب:** اللہ تعالیٰ نے سب سے زیادہ کمالات ہمارے نبی حضور ﷺ کو عطا فرمائے، حضرت آدم علیہ السلام سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک، تمام نبیوں کے کمالات حضور ﷺ کی تنہا ذات میں جمع فرمائے، نیز حضور ﷺ کو ایسے کمالات سے نوازا جو کسی نبی کے حصے میں نہ آئے۔[۳]

۱ [ملخصاً، از بہار شریعت، ج:۱، حصہ:۱، ص:۶۸] ۲ [ملخصاً، از بہار شریعت، ج:۱، حصہ:۱، ص:۶۶]
۳ [ملخصاً، از بہار شریعت، ج:۱، حصہ:۱، ص:۶۳/ ۶۴]

## دوسری فصل {فقہیات، فقہی مسائل}

**سوال ۱:** غُسل میں کتنی باتیں فرض ہیں؟

**جواب:** غسل میں تین باتیں فرض ہیں، اگر اُن میں سے ایک بھی ترک کیا تو غسل نہیں ہوگا [۱] کلی کرنا [۲] ناک میں پانی چڑھانا [۳] پورے بدن پر پانی بَہانا۔

**سوال ۲:** تینوں فرائض کِس انداز سے ادا کئے جائیں؟

**جواب:** کُلّی اِس طرح کرنا چاہیے کہ منہ کے ہر پُرزے، ہر کونے، ہونٹ سے حلق تک ہر جگہ پانی پہنچ جائے، صرف تھوڑا پانی منہ میں لے کر اُگل دینے سے فرض ادا نہ ہوگا، منہ کے اندرونی تمام حصوں تک پانی پہنچانا فرض ہے۔ ناک میں پانی اِس طرح ڈالا جائے کہ دونوں نتھنوں کی نرم جگہ تک پہنچ جائے، بال برابر بھی جگہ دھلنے سے رہ گئی تو وضو نہ ہوگا۔ بدن کو اِس طرح دُھلا جائے کہ سر کے بالوں سے، پیر کے تلووں تک، جسم کے ہر پُرزے اور ہر رُونگٹے پر پانی بہہ جائے، صرف پانی مَل لینے سے غسل نہ ہوگا۔

**سوال ۳:** کیا غسل میں عورتوں پر بالوں کی چوٹی کھولنا ضروری ہے؟

**جواب:** چوٹی کھولنا ضروری نہیں، بلکہ ہر بال کی جڑ تر کرنا ضروری ہے، لیکن اگر چوٹی ایسی سخت گُندھی ہو کہ بغیر کھولے جڑیں تر نہ ہوں گی، تو چوٹی کھولنا بھی ضروری ہے، ہاں مرد نے اگر چوٹی باندھ رکھی ہے، تو اُس پر فرض ہے کہ چوٹی کھول کر بالوں کی نوک سے جڑ تک پانی پہنچائے، اگر مرد نے چوٹی نہ کھولی تو اُس کا غسل نہ ہوگا[1]

[1] [ملخصاً، از بہار شریعت، ج: ۲: غسل کا بیان]





## تیسری فصل {اخلاقیات، اسلامی حقوق و آداب}

### {چھینک کے آداب}

**سوال ۱:** چھینک کے آداب کیا ہیں؟

**جواب:** چھینک کے آداب یہ ہیں [۱] جب چھینک آئے تو "اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ" کہنا چاہیے [۲] سننے والے پر فوراً جواب دینا، یعنی "یَرْحَمُكَ اللّٰهُ" کہنا واجب ہے [۳] چھینک کا جواب ایک بار دینا واجب ہے، دوبارہ چھینک آئے تو جواب دینا واجب نہیں، البتہ مستحب ہے۔ [۴] جواب اِس طرح دینا واجب ہے کہ چھینکنے والا سُن لے [۵] کسی کو خطبہ کے وقت چھینک آئے، تو سننے والا جواب نہ دے۔ [۶] دیوار کے پیچھے کسی کو چھینک آئی اور اُس نے "الحمد للہ" کہا، تو سننے والا جواب دے [۷] چھینکنے والے کو چاہیے کہ "الحمد للہ" بلند آواز سے کہے، تاکہ کوئی سن کر جواب دے [۸] اگر چھینک کا جواب کچھ لوگوں نے دے دیا تو سب کی جانب سے ہو گیا، مگر بہتر یہ ہے کہ سب لوگ جواب دیں۔

**سوال ۲:** اگر کافر کو چھینک آئے اور وہ "الحمد للہ" کہے تو کیا اُس کا بھی جواب دیا جائے؟

**جواب:** جی ہاں، کافر کی چھینک کا جواب دیا جائے، مگر اُس کے جواب میں "الحمد للہ"، نہیں، بلکہ "یَھْدِیْكَ اللّٰهُ" کہا جائے [یعنی اللہ عزوجل تمھیں ہدایت دے]

**سوال ۳:** کیا عورت اور مرد ایک دوسرے کی چھینک کا جواب دے سکتے ہیں؟

**جواب:** مرد، بوڑھی عورت کی چھینک کا جواب دے سکتا ہے اور جوان عورت کی چھینک کا جواب اِس طرح دے کہ وہ سن نہ سکے، مرد کو چھینک آئے تو عورت دھیرے سے جواب دے[1]

[1] [ملخصاً، از اسلامی اخلاق و آداب، چھینک کا بیان]

## چوتھی فصل {گوشۂ سیرتِ مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم}

**سوال ۱:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جمالِ ظاہری کی شان کیا تھی؟

**جواب:** اللہ رب العزت نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کائنات میں سب سے زیادہ حسین وخوب صورت پیدا فرمایا۔ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام لوگوں کی نگاہوں میں بڑے جلیل القدر اور عظیم الشان دکھائی دیتے تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چہرہ اِس طرح چمکتا تھا، جیسے چودھویں کا چاند۔ بس یوں سمجھ لیں کہ اللہ خلّاقِ دوعالَم نے حسن کی ساری رَعنائیاں اور جَمال و زِیبائی کی جملہ دِلرُبائیاں آپ کی ذاتِ اقدس واطہر میں جمع کر دی تھیں، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جیسا نہ کوئی ہوا، نہ ہے اور نہ کبھی ہوسکتا ہے۔[۱]

**سوال ۲:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طہارت ونظافت [جسمانی پاکیزگی] کیسی تھی؟

**جواب:** جسم کتنا ہی حسین وجمیل کیوں نہ ہو اگر وہ پاکیزہ نہ ہو تو اُس کا سارا حسن و جمال غارت ہو جاتا ہے، اللہ عزوجل نے اپنے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو حسن و جمال میں بے نظیر بنانے کے ساتھ ساتھ، آپ کی لَطافت ونَظافَت کا بھی بھرپور اہتمام فرمایا، چناں چہ خادمِ رسول، حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، آپ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے کوئی مشک اور عَنبر ایسا نہیں سونگھا، جس کی خوشبو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مہک سے زیادہ پاکیزہ ہو۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جن گلیوں سے گزر جاتے، وہ مہک جاتیں، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جس سے مصافحہ کر لیتے اُس کا ہاتھ دن بھر مہکتا رہتا، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پسینے سے، مشک وعنبر سے بہتر خوشبو آتی۔[۲]

[۱] [ملخصاً، از ضیاء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، حصہ دوم، ص:۱۶۸/۱۶۹]
[۲] [ملخصاً، از ضیاء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، حصہ دوم، ص:۱۷۶/۱۷۷]





**سوال ۳:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بلند کِردار پر روشنی ڈالیے!

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیاتِ مبارکہ کا لمحہ مکارمِ اخلاق کا مُرَقَّعہ تھا۔ عَدَالت [انصاف کرنا] صَدَاقَت [سچ بولنا] شُجَاعَت [بہادری] سَخَاوت، حق گوئی، غریب نوازی، یتیم پروری [یتیموں کی پرورش کرنا] صلہ رحمی، پڑوسیوں کی پاسداری، رشتے داروں کی دِل جوئی، مظلوموں کی دادرَسی، عَفو و دَرگُزَر [معاف کر دینا] شفقت ورافت، شرم وحَیا، وغیرہ وہ خوبیاں ہیں، جن میں کوئی بھی مخلوق، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہمسری [برابری] کا دعویٰ نہیں کرسکتی۔[۳]

### حدیثِ پاک

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
جو شخص صدق دل اور اعتقادِ صحیح کے ساتھ رمضان میں قیام کرے یعنی تراویح پڑھے تو اُس کے اگلے (گزرے ہوئے) گناہ بخش دیے جائیں گے۔ (مسلم، ج:۱، ص:۲۵۹)

[۳] [ملخصاً، از ضیاء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، حصہ دوم، ص:۱۷۸]

## پانچویں فصل {اَذْکَار و اَدْعِیَہ}

### {وضو کے بعد کی دعا}

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ۔

ترجمہ: اے اللہ! مجھے خوب توبہ کرنے والوں اور خوب پاکی حاصل کرنے والوں میں بنادے۔

### {مسجد میں داخل ہونے کی دعا}

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ۔

ترجمہ: اے اللہ! میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے!

### {مسجد سے نکلنے کی دعا}

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ۔

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے تیرا فضل مانگتا ہوں۔





## چھٹی فصل {آیات واحادیث}

### آیت نمبر [۲۳]

اللہ عز وجل نے فرمایا: یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا اَطِیْعُوا اللہَ وَ اَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ وَلَا تُبْطِلُوْا اَعْمَالَکُمْ۔ ترجمۂ کنزالایمان: اے ایمان والو! اللہ کا حکم مانو اور رسول کا حکم مانو، اور اپنے عمل باطل نہ کرو۔[۱]

### آیت نمبر [۲۴]

اللہ عز وجل نے فرمایا: وَلَسَوْفَ یُعْطِیْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰی۔ ترجمۂ کنزالایمان: اور بے شک قریب ہے کہ [اے محبوب!] تمھارا رب تمھیں اتنا دے گا کہ تم راضی ہو جاؤ گے۔[۲]

### حدیث نمبر [۲۵]

حضور دانائے غیوب صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: اَلَا اُخْبِرُکُمْ بِاَکْبَرِ الْکَبَآئِرِ؟ قَالُوْا: بَلٰی، یَا رَسُوْلَ اللہِ! قَالَ: اَلْاِشْرَاكُ بِاللہِ وَعُقُوْقُ الْوَالِدَیْنِ وَشَھَادَۃُ الزُّوْرِ، قَالَ: فَمَا زَالَ رَسُوْلُ اللہِ ﷺ یَقُوْلُھَا حَتّٰی قُلْنَا: لَیْتَہٗ سَکَتَ۔ ترجمہ: کیا میں تمھیں کبیرہ گناہوں میں سے سب سے بڑے گناہوں کے بارے میں نہ بتادوں؟ صحابۂ کرام نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! کیوں نہیں! سرکار علیہ الصلاۃ والسلام نے ارشاد فرمایا: اللہ کے ساتھ شرک کرنا، والدین کی نافرمانی کرنا اور جھوٹی گواہی دینا، [یہ سب، گناہِ کبیرہ میں سب سے بڑے ہیں] راوی کا بیان ہے کہ آقائے کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مسلسل اِسی طرح فرماتے رہے، یہاں تک کہ [خوف زدہ ہوکر] ہم کہنے لگے کہ کاش! حضور خاموش ہو جاتے۔[۳]

[۱] [پارہ:۲۶ محمد:۳۳] [۲] [پارہ:۳۰، ضحیٰ:۵]
[۳] [الجامع للامام الترمذی، الشھادات، ج:۲، ص:۵۴]

## ساتویں فصل {عام دینی معلومات}

**سوال ۱:** قرآنِ کریم کے کتنے نام ہیں؟

**جواب:** قرآنِ کریم کے متعدد [کئی] نام ہیں، اُن میں سے چند یہ ہیں:

[۱] الکتاب [۲] الفرقان [۳] التنزیل [۴] الذِّکر [۵] النُّور وغیرہ۔[۱]

**سوال ۲:** قرآنِ مجید مخلوق ہے یا نہیں؟

**جواب:** قرآنِ کریم اللہ کا کلام ہے، مخلوق نہیں ہے۔[۲]

**سوال ۳:** کیا قرآنِ کریم میں کمی بیشی ممکن ہے؟

**جواب:** نہیں، ہرگز نہیں، قرآن مقدس ہر طرح کی کمی اور زیادتی سے محفوظ ہے اور قیامت تک یوں ہی محفوظ رہے گا، اِس کی حفاظت کا وعدہ کرتے ہوئے رب تبارک وتعالیٰ نے ارشاد فرمایا: اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ۔ ترجمہ: بے شک ہم نے ہی قرآن نازل کیا اور بے شک ہم ہی اِس کے محافظ ہیں۔[۳]

**سوال ۴:** جو شخص قرآنِ مجید میں کمی یا بیشی [زیادتی] یا دونوں کا عقیدہ رکھے، اُس کا کیا حکم ہے؟

**جواب:** جو شخص یہ عقیدہ رکھے کہ قرآنِ کریم میں کمی ہوگئی یا اضافہ واقع ہوگیا، تو وہ دائرۂ اسلام سے باہر ہے، کیوں کہ یہ شخص اللہ عزوجل کو معاذ اللہ کاذب کہہ رہا ہے، اور اللہ عزوجل کی جانب کِذب [جھوٹ] کی نسبت کرنے والا بلکہ اُس کے لیے کِذب کو ممکن جاننے والا بھی کافر و بے دین ہے۔

[۱] [جنرل اسلامی معلومات، ص:۱] [۲] [شرح عقائد، ص:۷۷] [۳] [الحجر:۹]





## آٹھویں فصل {معمولاتِ اہل سنت وجماعت}

**سوال ۱:** ایصالِ ثواب کا طریقہ کیا ہے؟

**جواب:** ایصالِ ثواب اتنا آسان کام ہے کہ ہر شخص کر سکتا ہے، صرف اتنا کہہ دینا یا دِل میں نیت کر لینا کافی ہے کہ: اے میرے ربّ! میں نے تیری توفیق وعطا سے قرآنِ مقدس کی جو بھی تلاوت کی، یا میں نے جو بھی نیک عمل کیا، اُس کا ثواب اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صدقے میں میرے فلاں رشتے دار [جس کو بخشنا چاہیں، اُس کا نام لیں] کو پہنچا دے۔ ان شاء اللہ، ثواب پہنچ جائے گا۔

**سوال ۲:** آج کل سنیوں کے یہاں فاتحہ دلانے کا کون سا طریقہ رائج ہے؟

**جواب:** آج کل سنی مسلمانوں کے یہاں، کھانے پر، فاتحہ دلانے کا جو طریقہ رائج ہے وہ بھی ماشاء اللہ بہت اچھا ہے، یہ طریقہ بھی نہایت آسان ہے، جن کھانوں کا ثواب مُردے کو پہنچانا ہو، اُن میں سے کچھ یا سب کھانا سامنے رکھ لیں، بہتر ہے کہ ایک گلاس میں پانی بھی رکھ لیں، اب "تعوّذ و تسمیة" [اعوذ باللہ و بسم اللہ] پڑھ کر، ایک بار "سورۃ الکافرون" پڑھیں! اُس کے بعد "بسم اللہ" پڑھ کر تین بار "سورۃ الاخلاص" پڑھیں! پھر "بسم اللہ" پڑھ کر ایک مرتبہ "سورۃ الفلق" اور ایک مرتبہ "سورۃ الناس" کی تلاوت کریں! اِن سے فارغ ہو کر "بسم اللہ" کے ساتھ "سورۃ الفاتحة" کی تلاوت کریں! اور "وَلَا الضَّآلِّيْنَ" کے بعد "اٰمین" کہیں! اب "بسم اللہ" پڑھ کر سورۂ بقرہ کی "الٓمٓ" سے "هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ" تک تلاوت کریں! اِس کے بعد "وَاِلٰهُكُمْ" والی پانچ آیتیں پڑھیں! پھر دعا مانگیں۔

# تیرھواں سبق

## پہلی فصل {ایمانیات، ایمان سے متعلق باتیں}

**سوال ۱:** کیا ہمارے سردار جناب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سایہ تھا؟

**جواب:** جی نہیں، ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سایہ نہ تھا، حدیث کی مشہور کتاب ''مصنَّفِ عبدالرزاق'' میں حضرت امام عبدالرزاق نے، حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی یہ حدیث روایت کی ہے کہ "لَمْ یَکُنْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ ظِلٌّ وَلَمْ یَقُمْ مَعَ شَمْسٍ قَطُّ اِلَّا غَلَبَ ضَوْءُهٗ ضَوْءَ الشَّمْسِ وَلَمْ یَقُمْ مَعَ سِرَاجٍ قَطُّ اِلَّا غَلَبَ ضَوْءُهٗ ضَوْءَ السِّرَاجِ" ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسمِ اقدس کا سایہ نہ تھا، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بھی آفتاب کی روشنی میں کھڑے ہوتے تو آپ [کے حسن و جمال] کی چمک، آفتاب کی روشنی پر غالب آجاتی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بھی چراغ کے سامنے کھڑے ہوتے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چمک دمک چراغ کی روشنی کو مغلوب کر دیتی تھی۔[1]

**سوال ۲:** حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق مسلمانوں کو کیسا عقیدہ رکھنا چاہیے؟

**جواب:** آقائے کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے متعلق یہ عقائد رکھنا لازم وضروری ہے [۱] حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم آخری نبی ہیں [۲] آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام مخلوقات سے افضل واعلیٰ ہیں [۳] کوئی بھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مثل نہیں ہوسکتا [۴] آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت دین کی بنیاد ہے [۵] آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ایمان لائے بغیر اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کیے بغیر کوئی عمل مقبول نہیں [۶] آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حاضر و ناظر ہیں [۷] آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو علمِ غیب پر مطلع کیا گیا ہے [۸] آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کمالاتِ انبیا کے جامع ہیں [۹] آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بعطائے الٰہی کل کائنات کے بادشاہ ہیں [۱۰] آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جسے جو چاہیں دیں، جس سے جو چاہیں لیں، جو چاہیں حرام فرمادیں، جو چاہیں حلال کر دیں اور جس سے جو فرض چاہیں معاف فرمادیں [۱۱] آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شانِ اقدس میں معمولی گستاخی بھی کفر ہے۔

[1] [الجزءُ المفقود مترجم بنامِ حقیقتِ محمدی، ص:۶۹]





## دوسری فصل {فقہیات، فقہی مسائل}

**سوال ۱:** غسل کی سنتیں کیا کیا ہیں؟ بیان فرمادیں!

**جواب:** غسل میں یہ باتیں سنت ہیں [۱] غسل کی نیت کرنا [۲] دونوں ہاتھوں کو گٹوں تک تین مرتبہ دھونا [۳] استنجا کی جگہ دھونا، نجاست لگی ہو یا نہ لگی ہو [۴] بدن میں جہاں بھی نجاست لگی ہو اُسے دور کرنا [۵] نماز کی طرح وضو کرنا [۶] بدن پر تیل کی طرح پانی ملنا، سردی کے موسم میں اِس کا زیادہ خیال رکھا جائے [۷] داہنے مونڈھے پر، پھر بائیں مونڈھے پر، پھر سر اور پورے بدن پر تین تین مرتبہ پانی بہانا [۸] نہاتے وقت قبلہ کی طرف منہ نہ کرنا [۹] ایسی جگہ نہانا جہاں کوئی دیکھ نہ سکے [۱۰] نہاتے وقت کسی قسم کی باتیں نہ کرنا، یہاں تک کہ کوئی دعا بھی نہ پڑھنا۔

**سوال ۲:** کیا ننگے بدن نہانا جائز ہے؟

**جواب:** اگر احتیاط کی جگہ ہے کہ اسے کوئی دیکھ نہیں سکتا، تو نہا سکتا ہے، کوئی حرج نہیں، اور اگر ایسی جگہ نہا رہا ہے جہاں اُسے لوگ دیکھ سکتے ہیں، تو ناف سے گھٹنے تک کے اعضا کا چھپانا ضروری ہے۔[1]

**سوال ۳:** اگر کوئی شخص نہر یا تالاب میں نہائے، تو تین تین بار دھونے کی سنتیں کیسے ادا کرے؟

**جواب:** اگر نہر میں ایک مقام پر تھوڑی دیر ٹھہر جائے تو تین بار دھونے کی سنتیں بھی ادا ہوجائیں گی اور وضو بھی ہوجائے گا، اور تالاب میں اعضا کو تین مرتبہ حرکت دینے سے یا جگہ بدلنے سے تین مرتبہ دھونے کی سنت ادا ہوجائے گی۔

[1] [ملخصاً، از بہارِ شریعت، حصہ:۲، غسل کا بیان]

# تیسری فصل {اخلاقیات، اسلامی حقوق وآداب}

## {ہمارے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے حقوق}

**سوال ۱:** ہمارے سرکار احمدِ مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے، ہم پر کیا حقوق ہیں؟

**جواب:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہی کے صدقے میں کل کائنات پیدا کی گئی، جو ملا اور جو کچھ ملے گا، سب اُنھیں کا صدقہ ہے، اِس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حقوق کما حقہ بیان نہیں کیے جا سکتے، بس حصولِ برکت کے لیے چند حقوق بیان کئے جاتے ہیں۔ **پہلا حق:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے، اپنے ماں باپ، بھائی بہن، آل واولاد بلکہ کل کائنات سے زیادہ محبت کرنا۔ **دوسرا حق:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی فرماں برداری کرنا، یعنی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس چیز کا حکم دیا اُسے کرنا اور جس چیز سے منع فرمایا، اُسے ترک کرنا، **تیسرا حق:** آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے دوستوں سے محبت اور دشمنوں سے نفرت کرنا، **چوتھا حق:** جو چیزیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی جانب منسوب ہیں اُن کی تعظیم کرنا۔

**سوال ۲:** اِن کے علاوہ کچھ اور حقوق بیان فرمائیں!

**جواب:** جی ملاحظہ فرمائیں! **پانچواں حق:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر کثرت کے ساتھ درود پڑھنا، **چھٹا حق:** آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذکر سے خوش ہونا، **ساتواں حق:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضری کی تمنا کرنا، **آٹھواں حق:** حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے گستاخ کو اپنی زندگی سے دودھ سے مکھی کی طرح نکال کر پھینک دینا، **نواں حق:** آپ کے یومِ پیدائش پر خوشیاں منانا اور جشنِ میلاد





منعقد کرنا۔ دراصل حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سچی محبت کرنا ہی بنیادی حق ہے، باقی جملہ حقوق اِسی کی فرع اور شاخیں ہیں۔

**سوال ۳:** محبتِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر کوئی ایک حدیث پیش فرما دیں!

**جواب:** حضرت انس بن مالک سے مروی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى اَكُوْنَ أَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ وَّلَدِهٖ وَ وَالِدِهٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ۔ ترجمہ: تم میں سے کوئی شخص اُس وقت تک مؤمن نہیں ہوسکتا جب تک میں اُس کے نزدیک اُس کی اولاد، اُس کے والد اور تمام لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں [۱]۔

> حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم جب نماز شروع فرمانے کے لیے تکبیر کہتے تو اپنے دستِ مبارک کو اٹھاتے یہاں تک کہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے انگوٹھے کانوں کی لو کے قریب ہو جاتے پھر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم آخرِ نماز تک رفع یدین نہ فرماتے۔ (طحاوی، ج:۱ ۱۳۱)

[۱] [الصحیح للامام مسلم، ج:۱، رقم الحدیث: ۱۷۸۔ والصحیح للامام البخاری، ج:۱، رقم الحدیث: ۱۴]

## چوتھی فصل {گوشۂ سیرتِ مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم}

**سوال ۱:** قبلِ بعثت ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کس جگہ اللہ عزوجل کی عبادت کیا کرتے تھے؟

**جواب:** مکۂ مکرمہ سے تقریباً تین میل کی دوری پر ''جبلِ حرا'' نامی پہاڑ کے اوپر، ایک غار ہے، جس کو غارِ حِرا کہا جاتا ہے، ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اکثر و بیشتر کئی کئی دنوں کا کھانا، پانی ساتھ لے جا کر، اُسی غار میں رب تبارک وتعالیٰ کی عبادت میں غرق رہا کرتے تھے، جب توشہ ختم ہوجاتا تو کبھی آپ خود ہی گھر آ کر، سَتُّو وغیرہ کھانے کا سامان لے جاتے اور کبھی حضرت خدیجہ سلام اللہ علیہا پہنچا دیا کرتی تھیں، یہ نورانی غار آج بھی اپنی اصل حالت میں موجود ہے اور اہلِ عشق ومحبت کی آنکھوں کو نور اور دلوں کو سُرُور فراہم کر رہی ہے۔[۱]

**سوال ۲:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر نزولِ وحی کا آغاز کیسے ہوا؟

**جواب:** جب ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر شریف چالیس سال کی ہوگئی، تو آپ کو مَنصَبِ بِعْثَت سے سرفراز کیا گیا، ایک دن حسبِ معمول آپ غارِ حرا میں مصروفِ عبادت تھے کہ حضرت جبریلِ امین حاضرِ خدمت ہو کر عرض گزار ہوئے: اِقْرَأْ یعنی پڑھیے! آپ نے فرمایا: مَا اَنَا بِقَارِی۔ یعنی میں پڑھنے والا نہیں، اِس جواب پر اُس فرشتے نے آپ کو دو مرتبہ پوری قوت سے دبا کر کہا: اِقْرَأْ! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہی جواب دیا۔ تیسری مرتبہ اُس فرشتے نے کہا: اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ ۔ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۔ اِقْرَأْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ۔ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ۔ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ ۔ ترجمہ: اپنے رب کے نام سے پڑھیے! جس نے آپ کو پیدا

[۱] [ملخصاً، از سیرتِ مصطفی، ص:۸۹ و سیرتِ رسولِ اکرم، ص:۱۳]





کیا، اُس نے انسان کو خونِ بستہ سے پیدا کیا، پڑھیے! اور آپ کا رب بہت ہی کریم ہے، جس نے قلم سے سکھایا، انسان کو وہ سکھایا جو وہ نہیں جانتا تھا۔ [پارہ:۳۰، اقرأ: ۱ تا ۵] جب آپ نے اپنے رب کا نام سنا تو فوراً پڑھنا شروع کر دیا، اِس طرح آپ پر نزولِ وحی کا آغاز ہوا۔[۱]

**سوال ۳:** گھر واپس آنے کے بعد، حضرت خدیجہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کس طرح تسلی دی؟

**جواب:** اُنھوں نے کہا: خدا کی قسم! اللہ تعالیٰ آپ کو کبھی رسوا نہیں کرے گا، آپ تو رشتے داروں کے ساتھ بہترین سلوک کرتے ہیں، دوسروں کا بار خود اٹھاتے ہیں، خود کما کر مفلسوں اور محتاجوں کو عَطا فرماتے ہیں، مسافروں کی مہمان نوازی کرتے ہیں اور سب کی مصیبتوں میں کام آتے ہیں۔[۲]

### حدیثِ پاک

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص مجھ پر ایک بار درود بھیجے گا خدائے تعالیٰ اس پر دس مرتبہ رحمت نازل فرمائے گا اور اس کے دس گناہوں کو معاف فرمائے گا اور اس کے دس درج بلند فرمائے گا۔
(سنن نسائی، ج:۱، ص:۱۹۱)

[۱] [ملخصاً، از سیرتِ مصطفی، ص:۹۰ و سیرتِ رسولِ اکرم، ص:۱۳/ ۱۴]
[۲] [ملخصاً، از سیرت مصطفی، ص:۹۰]

## پانچویں فصل {اَذْکَار و اَدْعِیَہ}

### {آبِ زم زم پینے اور ہر نماز کے بعد کی دعا}

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ عِلْماً نَّافِعاً وَّرِزْقاً وَّاسِعاً وَّشِفَآءً مِّنْ کُلِّ دَآءٍ۔

ترجمہ: اے اللہ! میں تجھ سے نفع دینے والے علم، کشادہ رزق اور ہر بیماری سے شفا کا طلب گار ہوں۔

### {گھر سے نکلتے وقت کی دعا}

بِسْمِ اللہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللہِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ۔

ترجمہ: اللہ عزوجل ہی کا نام لے کر نکلتا ہوں، میں نے اللہ عزوجل پر بھروسا کیا اور گناہ سے بچنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی قوت صرف اللہ عزوجل ہی کی مدد سے ہے۔

### {گھر میں داخل ہونے کی دعا}

بِسْمِ اللہِ وَلَجْنَا وَعَلَی اللہِ رَبِّنَا تَوَکَّلْنَا۔

ترجمہ: ہم اللہ عزوجل ہی کے نام کے ساتھ داخل ہوئے اور ہم نے اپنے پالنہار اللہ ہی پر بھروسا کیا۔





## چھٹی فصل {آیات واحادیث}

### آیت نمبر [۲۵]

اللہ عزوجل نے فرمایا: یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَقُوْلُوْا رَاعِنَا وَقُوْلُوا انْظُرْنَا وَاسْمَعُوْا وَلِلْکٰفِرِیْنَ عَذَابٌ اَلِیْمٌ۔ ترجمۂ کنز الایمان: اے ایمان والو! [میرے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں] "راعنا" مت کہو اور یوں عرض کرو کہ حضور! ہم پر نظر رکھیں! اور پہلے ہی سے بغور سنو! اور کافروں کے لیے دردناک عذاب ہے۔[۱]

### آیت نمبر [۲۶]

اللہ عزوجل نے فرمایا: وَالَّذِیْنَ یُؤْذُوْنَ رَسُوْلَ اللہِ لَھُمْ عَذَابٌ اَلِیْمٌ۔ ترجمۂ کنز الایمان: اور جو رسول اللہ کو ایذا [تکلیف] دیتے ہیں اُن کے لیے دردناک عذاب ہے۔[۲]

### حدیث نمبر [۲۶]

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مَلْعُوْنٌ مَنْ یَعْمَلُ عَمَلَ قَوْمِ لُوْطٍ۔ ترجمہ: ملعون ہے وہ جو قومِ لوط کا کام [یعنی لواطت] کرے۔[۳]

### حدیث نمبر [۲۷]

حضور فخرِ بنی آدم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لَیْسَ الْمُؤْمِنُ بِالطَّعَّانِ وَلَا اللَّعَّانِ وَلَا الْفَاحِشِ وَلَا الْبَذِیِّ۔ ترجمہ: مسلمان طعنہ دینے والا، لعنت کرنے والا، بے حیا اور فحش گو نہیں ہوتا۔[۴]

[۱] [پارہ:۱، البقرۃ:۱۰۴] [۲] [پارہ:۱۰، التوبہ:۶۱]
[۳] [الجامع الصغیر للامام السیوطی، ج:۲، ص:۵۰۱ والمسند للامام احمد بن حنبل، ج:۱، ص:۲۱۷]
[۴] [الجامع الصغیر للامام السیوطی، ج:۲، ص:۴۶۵ والمستدرک للامام حاکم، ج:۱، ص:۱۲]

## ساتویں فصل {عام دینی معلومات}

**سوال ۱:** مَکّی اور مَدَنی سورتوں کا کیا مطلب ہے؟

**جواب:** جو آیتیں یا سورتیں، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر ہجرت سے پہلے نازل ہوئیں، وہ مکی کہلاتی ہیں اور جو آیتیں یا سورتیں ہجرت کے بعد نازل ہوئیں، اُنھیں مدنی کہا جاتا ہے۔

**سوال ۲:** قرآنِ کریم میں کتنے پارے ہیں؟

**جواب:** قرآنِ کریم میں کُل تیس [۳۰] پارے ہیں۔

**سوال ۳:** قرآنِ مجید میں کُل کِتنی سورتیں ہیں؟

**جواب:** قرآنِ مجید میں ایک سو چودہ [۱۱۴] سورتیں ہیں۔

**سوال ۴:** قرآنِ کریم میں کتنے رکوع ہیں؟

**جواب:** قرآنِ کریم میں پانچ سو چالیس [۵۴۰] رکوع ہیں۔

**سوال ۵:** قرآنِ مقدس میں کتنی آیتیں ہیں؟

**جواب:** اکثر علما کے نزدیک قرآنِ کریم کی کُل آیتیں چھ ہزار چھ سو چھیاسٹھ [۶۶۶۶] ہیں۔





## آٹھویں فصل {معمولاتِ اہل سنت و جماعت}

**سوال ۱:** سورۂ بقرہ ،هُمُ الْمُفْلِحُوْن تک، سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** اِس سے مراد سورۂ بقرہ کی ابتدائی یہ آیتیں ہیں: الٓمّٓ ذٰلِكَ الْكِتَابُ لَارَيْبَ فِيْهِ ۔ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۔ اَلَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَ مِمَّا رَزَقْنَاهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۔ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَا اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَا اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۔ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۔ اُوْلٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَ اُوْلٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۔

**سوال ۲:** وَاِلٰهُكُمْ والی پانچ آیتوں سے کیا مراد ہے؟

**جواب:** اِس سے مراد قرآنِ مقدس کی یہ آیتیں ہیں [۱] وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ (پارہ:۲، البقرۃ:۱۶۳) [۲] اِنَّ رَحْمَةَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ (پارہ:۸، الاعراف:۵۶) [۳] وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ (پارہ:۱۷، الانبیآء:۱۰۷) [۴] مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَ خَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ۔ وَكَانَ اللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْماً (پارہ:۲۲، الاحزاب:۴۰) [۵] اِنَّ اللّٰهَ وَ مَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ۔ (پارہ:۲۲، الاحزاب:۵۶)

**سوال ۳:** اِن کے بعد کیا پڑھنا چاہئے؟

**جواب:** آیتِ درود [پانچویں آیت] کے بعد کوئی بھی درود شریف پڑھیے! مثلاً اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰينَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا وَ مَوْلٰينَا مُحَمَّدٍ وَّ بَارِكْ وَسَلِّمْ ۔
درودِ پاک پڑھنے کے بعد، یہ آیتِ کریمہ پڑھیے! سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۔ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ۔ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (پارہ:۲۳، الصّٰفّٰت:۱۸۲)

# چودھواں سبق

## پہلی فصل {ایمانیات، ایمان سے متعلق باتیں}

**سوال ۱:** کیا تمام انبیائے کرام علیہم السلام اللہ عزوجل کی بارگاہ میں عزت و وجاہت والے ہیں؟

**جواب:** جی ہاں، تمام نبیوں اور رسولوں کو اللہ عزوجل کی بارگاہ میں عظیم الشان عزت و وجاہت حاصل ہے، اُنھیں معاذ اللہ، اللہ کی نزدیک چمار کی طرح کہنا کھلی گستاخی اور کلمۂ کفر ہے۔[1]

**سوال ۲:** شفاعتِ کبریٰ کی وضاحت فرمائیں!

**جواب:** قیامت کے دن شفاعتِ کبریٰ حضور ﷺ کے ساتھ خاص ہے، یعنی جب تک آپ ﷺ شفاعت کی ابتدا نہ فرمائیں گے، کسی کو بھی بارگاہِ الٰہی میں شفاعت کرنے کی جرأت نہ ہوگی، بلکہ حقیقت یہ ہے کہ دوسرے سبھی حضرات، حضور ﷺ کی بارگاہ میں شفاعت لائیں گے اور حضور ﷺ اللہ کی بارگاہ میں شفاعت لے جائیں گے، یہی شفاعتِ کبریٰ ہے۔

**سوال ۳:** کیا یہ شفاعت مومن و کافر، نیک و بد سب کے لیے ہوگی؟

**جواب:** ہاں! یہ شفاعت سب کے لیے ہوگی، کہ میدانِ حشر میں جب سب لوگ حساب کے انتظار میں ہوں گے، وہ وقت بڑا سخت ہوگا، لوگ تمنا کریں گے کہ جلد حساب ہو، جنت ملے چاہے دوزخ، سب لوگ اِس بلا سے نجات حضور ﷺ کے صدقے میں پائیں گے۔[2]

۱ [ملخصاً، از بہارِ شریعت، ج:۱، حصہ:۱، ص:۶۵] ۲ [ملخصاً، از بہارِ شریعت، ج:۱، حصہ:۱، عقائد متعلقۂ نبوت]





## دوسری فصل {فقہیات، فقہی مسائل}

**سوال ۱:** مُوجِباتِ غُسل کیا ہیں، یعنی کن باتوں سے غسل فرض ہوتا ہے؟

**جواب:** غسل پانچ چیزوں کی وجہ سے فرض ہوتا ہے [۱] منی کے نکلنے سے [۲] احتلام سے [۳] دخول سے [۴] حیض سے فارغ ہونے سے [۵] نفاس کے ختم ہونے سے۔

**سوال ۲:** منی کسے کہتے ہیں، اِس کے نکلنے سے کب غسل فرض ہوتا ہے۔

**جواب:** شہوت [خواہش] کے وقت آلۂ تناسل سے اُچھل کود کے ساتھ جو گاڑھا سفید پانی نکلتا ہے، اُسے منی کہتے ہیں، اِس کے نکلنے کے بعد آلۂ تناسل ڈھیلا پڑ جاتا ہے اور کمزوری محسوس ہونے لگتی ہے، اور شہوت کے ساتھ بغیر اچھل کود کے جو سفید پتلا پانی نکلتا ہے اُسے مَذی کہتے ہیں اور پیشاب کرنے کے بعد یا بھاری بھرکم بوجھ اٹھانے سے جو پتلا پانی نکلتا ہے، اُسے وَدِی کہتے ہیں، مذی اور ودی کے نکلنے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے اور منی اپنی جگہ سے شہوت کے ساتھ جدا ہو کر عضو سے نکلے، تو غسل فرض ہو جاتا ہے، یعنی انسان ناپاک ہو جاتا ہے۔

**سوال ۳:** اگر بغیر شہوت کے منی کا خروج ہوا، تو کیا غسل فرض ہوگا؟

**جواب:** اگر بغیر شہوت [مزے] کے منی نکلی، مثلاً بوجھ اٹھانے سے نکل گئی، یا بہت زیادہ پتلی ہو جانے کے سبب پیشاب کے ساتھ، یا یوں ہی بلا شہوت نکل گئی، تو غسل فرض نہیں ہوگا، البتہ وضو ٹوٹ جائے گا۔[1]

۱ [ملخصاً، از بہارِ شریعت، حصہ:۲، غسل کا بیان]

## تیسری فصل {اخلاقیات، اسلامی حقوق و آداب}

### {ائمہ اور علما کے حقوق}

**سوال ۱:** مسلمانوں پر ائمہ [اماموں] اور علما کے کیا کیا حقوق ہیں؟ بیان فرمائیں!

**جواب:** علمائے کرام اور مساجد کے ائمہ حضرات، دین کے خادم، اسلام کے مبلغ اور مسلمانوں کے رہ نما ہوتے ہیں، اِس لیے اُن کے بھی حقوق ہیں، جن کی ادائیگی مسلمانوں کو بہر حال کرنی چاہیے، یہاں چند حقوق بیان کیے جاتے ہیں۔[۱] دل و جان سے اُن کی تعظیم و توقیر کی جائے [۲] دینی خدمات پر اُنھیں اُتنی تنخواہ دی جائے، جس سے اُن کے تمام اخراجات بحسن و خوبی پورے ہو سکیں [۳] اُن سے بدگمانی پیدا نہ کی جائے [۴] ضرورت کے وقت اُن کی مالی امداد کی جائے۔تا کہ یہ حضرات ٹینشن فری ہو کر دینِ متین کی خدمت انجام دے سکیں۔

**سوال ۲:** اِن حضرات کی خدمت کا شرف کیسے حاصل کیا جا سکتا ہے؟

**جواب:** مصیبت کے وقت خفیہ طریقے سے اِن کی مدد کی جائے، مثلاً [۱] رہنے کا کوئی ٹھکانہ نہ ہو، تو گھر کا انتظام کیا جائے [۲] بیمار ہو جائیں، تو اُن کے علاج کا بندوبست کر دیا جائے [۳] بچوں کی شادی ہو، تو اُس کے اخراجات برداشت کیے جائیں [۴] اِن کے بچوں کی اسکولی فیس ادا کی جائے، وغیرہ، دین کی جڑیں اُسی وقت سے کمزور ہوئی ہیں جب سے مسلمانوں نے اپنے اِن رہ نماؤں کی ناقدری شروع کر دی ہے۔

**سوال ۳:** علما کی فضیلت پر کوئی ایک حدیثِ پاک بیان فرما دیں!

**جواب:** حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ آقائے کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کل قیامت کے دن تین قسم کے لوگ شفاعت کریں گے [۱] انبیائے کرام [۲] پھر عُلمائے اِسلام [۳] پھر شُہدائے عِظام[1]

[1] [مشکاۃ المصابیح، ص:۴۹۵]





## چوتھی فصل {گوشۂ سیرتِ مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم}

**سوال ۱:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسلام کی تبلیغ کا آغاز کب کیا؟

**جواب:** سورۂ اِقْرَأ کی پہلی پانچ آیتیں نازل ہونے کے بعد، کچھ دنوں تک وَحیِ اِلٰہی کا سلسلہ موقوف رہا، پھر یہ آیتیں نازل ہوئیں "یٰۤاَیُّهَا الْمُدَّثِّرُ ۔ قُمْ فَاَنْذِرْ ۔ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ ۔ وَثِیَابَكَ فَطَهِّرْ ۔ وَالرُّجْزَ فَاهْجُرْ ۔ ترجمہ: اے چادر پوش! اُٹھیے! اور ڈر سنائیے! اور اپنے رب کی بڑائی بیان کیجیے! اور اپنے کپڑے پاک رکھیے! اور پلیدی کو چھوڑ دیجیے!

اِن آیتوں کے نازل ہونے کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خُفیہ طریقے پر آہستہ آہستہ اسلام کی تبلیغ شروع فرمادی، جو لوگ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے زیادہ قریب تھے اور جن پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بھر پور اعتماد تھا، آپ نے سب سے پہلے اُن کو تبلیغ کی۔[1]

**سوال ۲:** کتنے سالوں تک حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پوشیدہ طور پر تبلیغ کرتے رہے؟

**جواب:** ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکمل تین برس تک اِنتہائی پوشیدہ طور پر نہایت راز داری کے ساتھ، تبلیغِ اسلام کا فرض ادا فرماتے رہے، اِس درمیان عورتوں میں سب سے پہلے آپ کی زوجۂ محترمہ ام المومنین حضرت خدیجہ، آزاد مَردوں میں سب سے پہلے حضرت سیدنا ابو بکر صدیق، لڑکوں میں سب سے پہلے مولائے کائنات حضرت علی اور غلاموں میں سب سے پہلے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم ایمان لائے۔[2]

[1] [ملخصاً، از سیرتِ رسولِ اکرم، ص:۱۴۔ و سیرتِ مصطفی، ص:۹۱]
[2] [سیرت مصطفی، ص:۹۲]

**سوال ۳:** اِن حضرات کے بعد کون خوش نصیب دامنِ اسلام سے وابستہ ہوئے؟

**جواب:** حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی تبلیغ سے متاثر ہوکر، حضرت عثمان بن عفان، حضرت سعد بن ابو وقاص، حضرت طلحہ بن عبید اللہ، حضرت عبد الرحمٰن بن عوف اور حضرت زبیر بن عوَّام رضی اللہ عنہم زیورِ ایمان سے آراستہ ہوئے، اِن حضرات کے بعد سعد بن زید، ابوذر غفاری، ارقم بن ابو ارقم، عبد اللہ بن مسعود، عثمان بن مظعون، خالد بن سعید وغیرہم کے دلوں میں اسلام کا چراغ روشن ہوا۔[۱]

### حدیثِ پاک

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

قیامت کے دن لوگوں میں سب سے زیادہ میرے قریب وہ شخص ہوگا جس نے سب سے زیادہ مجھ پر درود بھیجا ہے۔ (جامع ترمذی، ج:۱، ص:۱۱۰)

[۱] [سیرتِ رسولِ اکرم، ص:۱۵ و سیرتِ مصطفی، ص:۹۲]





## پانچویں فصل {اَذْکار و اَدْعِیَہ}

### {مؤمن سے ملاقات کے وقت کی دعا}

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللہِ وَبَرَکَاتُہٗ۔

ترجمہ: تم پر سلامتی ہو اور اللہ عز و جل کی رحمت اور برکتیں نازل ہوں۔

### {مصافحہ کرنے کی دعا}

یَغْفِرُ اللہُ لَنَا وَلَکُمْ۔

ترجمہ: اللہ کریم، ہماری اور تمھاری مغفرت فرمائے۔

### {شکریہ ادا کرنے کی دعا}

جَزَاکَ اللہُ خَیْرًا۔

اللہ عز و جل آپ کو بہترین صلہ عطا فرمائے!

### {چھینک آنے پر پڑھنے کی دعا}

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ۔

ترجمہ: ہر حال میں اللہ عز و جل کا شکر ہے۔

## {چھینک کا جواب دینے کی دعا}

يَرْحَمُكَ اللّٰهُ ۔

ترجمہ: اللہ عزوجل آپ پر رحم فرمائے!

## {بیت الخلاء جانے کی دعا}

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ ۔

ترجمہ: اے اللہ! میں خبیث وناپاک جنّوں اور جنّیوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

## {بیت الخلاء سے باہر آنے کی دعا}

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَذْهَبَ عَنِّي الْاَذٰى وَعَافَانِيْ ۔

ترجمہ: تمام تعریفیں اُس اللہ عزوجل کی، کہ جس نے تکلیف دینے والی چیز مجھ سے دور کی اور مجھے راحت دی۔





## چھٹی فصل {آیات واحادیث}

### آیت نمبر [۲۷]

اللہ عزوجل نے فرمایا: اِنَّ الَّذِيْنَ يُؤْذُوْنَ اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاَعَدَّ لَهُمْ عَذَابًا مُّهِيْنًا ۔ ترجمۂ کنزالایمان: بے شک جو ایذا دیتے ہیں اللہ اور اُس کے رسول کو، اُن پر اللہ کی لعنت ہے دنیا اور آخرت میں اور اللہ نے اُن کے لیے ذِلّت کا عذاب تیار کر رکھا ہے۔[۱]

### آیت نمبر [۲۸]

اللہ عزوجل نے فرمایا: اِنَّ الَّذِيْنَ يُنَادُوْنَكَ مِنْ وَّرَآءِ الْحُجُرٰتِ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ۔ ترجمۂ کنزالایمان: بے شک وہ جو تمھیں [اے محبوب!] حجرے کے باہر سے پکارتے ہیں، اُن میں اکثر بے عقل ہیں۔[۲]

### حدیث نمبر [۲۸]

حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: اَلرَّاشِيْ وَالْمُرْتَشِيْ فِي النَّارِ ۔ ترجمہ: رشوت دینے اور لینے والے، دونوں عذابِ دوزخ کے حق دار ہیں۔[۳]

[۱] [پارہ: ۲۲، الاحزاب: ۵۷] [۲] [پارہ: ۲۶، حجرات: ۴]

[۳] [الصحیح للامام مسلم، کتاب الایمان، ج: ۱، ص: ۷۰۔ والسنن للامام ابن ماجہ، التجارات، ج: ۱، ص: ۱۶۱]

**حدیث نمبر [۲۹]**

حضور رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: سَبَابُ الْمُسْلِمِ کَالْمُشْرِفِ عَلَی الْھَلَکَۃِ۔
ترجمہ: مسلمان کو گالی دینے والا اُس شخص کے مانند ہے جو ہلاکت میں پڑنے والا ہو۔[۴]

**حدیث نمبر [۳۰]**

آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: لَیْسَ لَنَا مَنْ غَشَّنَا ۔ ترجمہ: جو ہمیں [یعنی مسلمانوں کو] دھوکا دے، وہ ہم میں سے نہیں۔[۵]

[۴] [مجمع الزوائد للامام الھیثمی، ج:۸،ص:۷۳]

[۵] [الجامع للامام الترمذی، کتاب البیوع، ج:۱،ص:۱۵۷۔ والسنن للامام ابی داؤد، کتاب البیوع، ج:۲،ص:۴۸۹]





## ساتویں فصل {عام دینی معلومات}

**سوال ۱:** قرآن کریم میں کتنے سجدے ہیں؟

**جواب:** قرآنِ کریم میں چودہ [۱۴] سجدے ہیں، یعنی ایسی چودہ آیتیں ہیں، جن کو پڑھنے یا سننے سے سجدۂ تلاوت واجب ہوجاتا ہے۔

**سوال ۲:** قرآنِ حکیم کی کتنی سورتیں ''مکی'' ہیں اور کتنی سورتیں ''مَدَنی'' ہیں؟

**جواب:** مَدَنِی سورتوں کی تعداد اٹھائیس [۲۸] اور مکّی سورتوں کی تعداد چھیاسی [۸۶] ہے۔[۱]

**سوال ۳:** قرآنِ حکیم کی سب سے بڑی سورت کون سی ہے اور اُس میں کتنی آیتیں ہیں؟

**جواب:** قرآنِ حکیم کی سب سے بڑی سورت ''سورۂ بقرہ'' ہے اور یہ دوسو چھیاسی [۲۸۶] آیتوں اور تقریباً ڈھائی پاروں پر مشتمل ہے۔

**سوال ۴:** قرآنِ مقدس کی سب سے چھوٹی سورت کا نام مع تعدادِ آیات بتائیں!

**جواب:** قرآنِ مقدس کی سب سے چھوٹی سورت کا نام ''سورۃ الکوثر'' ہے، اِس میں تین [۳] آیتیں ہیں۔

**سوال ۵:** حروفِ مُقَطَّعَات [مثلاً، الٓمّٓ، الٓرٰ، کٓھٰیٰعٓصٓ] کا کوئی معنیٰ ومفہوم ہے یا نہیں؟

**جواب:** اِن حروف کے کچھ نہ کچھ معانی ضرور ہیں، لیکن اُنھیں صرف اللہ عزوجل اور اُس کے بتانے سے ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہی جانتے ہیں، کوئی تیسرا اِن کے حقیقی معانی سے واقف نہیں۔

[۱] [جنرل اسلامک معلومات، ص:۵]

## آٹھویں فصل {معمولاتِ اہلِ سنت وجماعت}

**سوال ۱:** ایصالِ ثواب [فاتحہ] میں، عام مؤمنین کے لیے کس طرح دعا مانگی جائے؟

**جواب:** عام مؤمنین کے لیے اِس طرح دعا مانگیے !۔اے اللہ! اے ربِّ کائنات! اِس محفلِ پاک میں جو کچھ پڑھا اور پیش کیا گیا، اُس میں دَر آئی کوتاہیوں اور لغزِشوں کو دَرگُزَر فرما! اور اپنی شانِ کریمی کے لائق اُس کا اَجر وثواب عَطا فرما! اجر وثواب کی سوغات کو تحفۂ نور بنا کر ہماری جانب سے [کسی اور کی طرف سے ہو تو اُس کا نام لیجیے] حضور رحمتِ عالَم، فُخرِ بنی آدم، سید الانبیاء والمرسلین جنابِ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی مقدس بارگاہ میں نذر پہنچا! سرکارِ مدینہ، راحتِ قلب وسینہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے توسط سے تمام انبیاے کرام ومرسلینِ عِظَام صلوات اللہ علیہم اجمعین کی مقدس بارگاہوں میں پیش فرما! بَعدَہٗ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے آلِ پاک، بناتِ اطہار، اولادِ امجاد، ازواجِ مطہرات، خلفاے راشدین، عشرۂ مبشَّرہ، جملہ صحابہ وصحابیات، تابعین وتابعیات، ائمۂ مجتہدین، محدثینِ عِظام، فقہاے کرام، شہداے اسلام اور تمام مشائخِ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کی مقدس بارگاہوں میں نذر فرما! مولا! خصوصیت کے ساتھ اِن سب کا ثواب فلاں فلاں [جن جن کے نام ایصالِ ثواب کرنا ہے، سب کا نام لیں] مرحومین کی ارواح کو پیش فرما! بارِ اِلٰہ! اِن کے چھوٹے بڑے تمام گناہوں کو معاف فرما! اِن کی قبروں کو تا حدِّ نگاہ کشادہ فرما اور اِنھیں جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرما! سُبۡحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الۡعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوۡنَ ۔ وَسَلٰمٌ عَلَى الۡمُرۡسَلِيۡنَ ۔ وَالۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۔ بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوۡلُ اللّٰهِ ۔





**سوال ۲:** اگر بزرگانِ دین کے نام ایصالِ ثواب کرنا ہو، تو دعا کا انداز کیسا ہو؟

**جواب:** اِسی مذکورہ طریقے سے دعا مانگیں! آخر میں اُس بزرگ کی بارگاہ میں نذر کریں اور یوں عرض کریں:

اے میرے رب! ہمیں اپنے اِس بندے کے نقشِ قدم پر چلنے کی توفیق مرحمت فرما! اِن کے طفیل میرے گناہوں کو معاف فرما! میری مصیبتوں کو دفع فرما! کاروبار میں ترقی عطا فرما۔ غرض کہ رب تعالیٰ کی بارگاہ میں جو بھی حاجتیں پیش کرنا ہو اُن کا وسیلہ لے کر پیش کریں!

دعا کے بعد شرینی حاضرین میں تقسیم کر دیجیے اور اِس کا خاص خیال رکھیں کہ شرینی گِرنے نہ پائے۔

### حدیثِ پاک

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس شخص کی ناک خاک آلود ہو جس کے سامنے میرا ذکر کیا جائے اور وہ مجھ پر درود نہ پڑھے۔ (جامع ترمذی، ج:۲، ص:۱۹۴)

## ضمیمہ برائے شش ماہی اوّل

### سُوْرَۃُ اللَّھَبِ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ خَمْسُ اٰیَاتٍ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

تَبَّتْ یَدَاۤ اَبِیْ لَھَبٍ وَّتَبَّ ۝ مَاۤ اَغْنٰی عَنْہُ مَالُہٗ وَمَا کَسَبَ ۝ سَیَصْلٰی
نَارًا ذَاتَ لَھَبٍ ۝ وَّامْرَاَتُہٗ حَمَّالَۃَ الْحَطَبِ ۝ فِیْ جِیْدِھَا حَبْلٌ مِّنْ
مَّسَدٍ ۝

### ترجمہ

سورہ لہب مکی ہے، اِس میں پانچ آیتیں ہیں

اللہ کے نام سے شروع، جونہایت مہربان رحم والا

تباہ ہو جائیں ابولہب کے دونوں ہاتھ اور وہ تباہ ہو ہی گیا۔ اُسے کچھ کام نہ آیا اُس کا مال اور نہ جو کمایا۔ اب دھنستا ہے لپٹ مارتی آگ میں وہ۔ اور اُس کی جورو، لکڑیوں کا گٹھا سر پر اٹھاتی۔ اُس کے گلے میں کھجور کی چھال کا رسّا۔

### سُوْرَۃُ النَّصْرِ مَدَنِیَّۃٌ وَّھِیَ ثَلٰثُ اٰیَاتٍ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ وَالْفَتْحُ ۝ وَرَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰہِ
اَفْوَاجًا ۝ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّکَ وَاسْتَغْفِرْہُ ؕ اِنَّہٗ کَانَ تَوَّابًا ۝

### ترجمہ

سورہ نصر مدنی ہے، اِس میں تین آیتیں ہیں

اللہ کے نام سے شروع، جونہایت مہربان رحم والا

جب اللہ کی مدد اور فتح آیے۔ اور لوگوں کو تم دیکھو کہ اللہ کے دین میں فوج فوج داخل ہوتے ہیں۔ تو اپنے رب کی ثنا کرتے ہوئے اُس کی پاکی بولو اور اُس سے بخشش چاہو۔ بے شک وہ بہت توبہ قبول کرنے والا ہے۔





### سُوْرَۃُ الْکٰفِرُوْنَ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ سِتُّ اٰیَاتٍ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

قُلْ یٰۤاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ ۝ لَاۤ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ
اَعْبُدُ ۝ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ۝
لَکُمْ دِیْنُکُمْ وَلِیَ دِیْنِ ۝

### ترجمہ

سورہ کافرون مکی ہے، اِس میں چھ آیتیں ہیں

اللہ کے نام سے شروع، جونہایت مہربان رحم والا

تم فرماؤ! اے کافرو!۔ نہ میں پوجتا ہوں جو تم پوجتے ہو۔ اور نہ تم پوجتے ہو جو میں پوجتا ہوں۔ اور نہ میں پوجوں گا جو تم نے پوجا۔ اور نہ تم پوجو گے جو میں پوجتا ہوں۔ تمھیں تمھارا دین اور مجھے میرا دین۔

### سُوْرَۃُ الْمَاعُوْنِ مَکِّیَّۃٌ وَّھِیَ سَبْعُ اٰیَاتٍ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَرَءَیْتَ الَّذِیْ یُکَذِّبُ بِالدِّیْنِ ۝ فَذٰلِکَ الَّذِیْ یَدُعُّ الْیَتِیْمَ ۝ وَلَا
یَحُضُّ عَلٰی طَعَامِ الْمِسْکِیْنِ ۝ فَوَیْلٌ لِّلْمُصَلِّیْنَ ۝ الَّذِیْنَ ھُمْ عَنْ
صَلَاتِھِمْ سَاھُوْنَ ۝ الَّذِیْنَ ھُمْ یُرَآءُوْنَ ۝ وَیَمْنَعُوْنَ الْمَاعُوْنَ ۝

### ترجمہ

سورہ ماعون مکی ہے، اِس میں سات آیتیں ہیں۔

اللہ کے نام سے شروع، جونہایت مہربان رحم والا

بھلا دیکھو تو جو دین کو جھٹلاتا ہے۔ پھر وہ وہ ہے جو یتیم کو دھکے دیتا ہے۔ اور مسکین کو کھانا دینے کی رغبت نہیں دیتا۔ تو اُن نمازیوں کی خرابی ہے۔ جو اپنی نماز سے بھولے بیٹھے ہیں۔ وہ جو دکھاوا کرتے ہیں۔ اور برتنے کی چیز مانگے نہیں دیتے ہیں۔

| NUMBERS | گِنتی | | ألأعداد | NUMBERS | گِنتی | | ألأعداد |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| NINETEEN | انیس | [۱۹] | تِسْعَةَعَشَرَ | ZERO | صفر | [۰] | صِفْرٌ |
| TWENTY | بیس | [۲۰] | عِشْرُوْنَ | ONE | ایک | [۱] | وَاحِدٌ |
| TWENTY ONE | اکیس | [۲۱] | وَاحِدٌوَعِشْرُوْنَ | TWO | دو | [۲] | اِثْنَانِ |
| TWENTY TWO | بائیس | [۲۲] | اِثْنَانِ وَعِشْرُوْنَ | THREE | تین | [۳] | ثَلَاثَةٌ |
| TWENTY THREE | تئیس | [۲۳] | ثَلَاثَةٌوَعِشْرُوْن | FOUR | چار | [۴] | اَرْبَعَةٌ |
| TWENTY FOUR | چوبیس | [۲۴] | اَرْبَعَةٌوَعِشْرُوْن | FIVE | پانچ | [۵] | خَمْسَةٌ |
| TWENTY FIVE | پچیس | [۲۵] | خَمْسَةٌوَعِشْرُوْن | SIX | چھ | [۶] | سِتَّةٌ |
| TWENTY SIX | چھبیس | [۲۶] | سِتَّةٌوَعِشْرُوْنَ | SEVEN | سات | [۷] | سَبْعَةٌ |
| TWENTY SEVEN | ستائیس | [۲۷] | سَبْعَةٌوَعِشْرُوْنَ | EIGHT | آٹھ | [۸] | ثَمَانِيَةٌ |
| TWENTY EIGHT | اٹھائیس | [۲۸] | ثَمَانِيَةٌوَعِشْرُوْنَ | NINE | نو | [۹] | تِسْعَةٌ |
| TWENTY NINE | انتیس | [۲۹] | تِسْعَةٌوَعِشْرُوْنَ | TEN | دس | [۱۰] | عَشَرَةٌ |
| THIRTY | تیس | [۳۰] | ثَلَاثُوْنَ | ELEVEN | گیارہ | [۱۱] | اَحَدَعَشَرَ |
| THIRTY ONE | اکتیس | [۳۱] | وَاحِدٌوَثَلَاثُوْن | TWELVE | بارہ | [۱۲] | اِثْنَاعَشَرَ |
| THIRTY TWO | بتیس | [۳۲] | اِثْنَانِ وَثَلَاثُوْن | THERTEEN | تیرہ | [۱۳] | ثَلَاثَةَعَشَرَ |
| THIRTY THREE | تینتیس | [۳۳] | ثَلَاثَةٌوَثَلَاثُوْن | FOURTEEN | چودہ | [۱۴] | اَرْبَعَةَعَشَر |
| THIRTY FOUR | چونتیس | [۳۴] | اَرْبَعَةٌوَثَلَاثُوْن | FIFTEEN | پندرہ | [۱۵] | خَمْسَةَعَشَرَ |
| THIRTY FIVE | پینتیس | [۳۵] | خَمْسَةٌوَثَلَاثُوْن | SIXTEEN | سولہ | [۱۶] | سِتَّةَعَشَرَ |
| THIRTY SIX | چھتیس | [۳۶] | سِتَّةٌوَثَلَاثُوْن | SEVENTEEN | سترہ | [۱۷] | سَبْعَةَعَشَرَ |
| THIRTY SEVEN | سینتیس | [۳۷] | سَبْعَةٌوَثَلَاثُوْن | EIGHTEEN | اٹھارہ | [۱۸] | ثَمَانِيَةَعَشَرَ |





| NUMBERS | گِنتی | | ألأعداد | NUMBERS | گِنتی | | ألأعداد |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| FORTY FIVE | پینتالیس | [۴۵] | خَمْسَةٌوَاَرْبَعُوْنَ | THIRTY EIGHT | اڑتیس | [۳۸] | ثَمَانِيَةٌوَثَلَاثُوْن |
| FORTY SIX | چھیالیس | [۴۶] | سِتَّةٌوَاَرْبَعُون | THIRTY NINE | انتالیس | [۳۹] | تِسْعَةٌوَثَلَاثُوْن |
| FORTY SEVEN | سینتالیس | [۴۷] | سَبْعَةٌوَاَرْبَعُوْن | FORTY | چالیس | [۴۰] | اَرْبَعُوْنَ |
| FORTY EIGHT | اڑتالیس | [۴۸] | ثَمَانِيَةٌوَاَرْبَعُوْنَ | FORTY ONE | اکتالیس | [۴۱] | وَاحِدٌوَاَرْبَعُوْنَ |
| FORTY NINE | انچاس | [۴۹] | تِسْعَةٌوَاَرْبَعُوْنَ | FORTY TWO | بیالیس | [۴۲] | اِثْنَانِ وَاَرْبَعُوْنَ |
| FIFTY | پچاس | [۵۰] | خَمْسُوْنَ | FORTY THREE | تینتالیس | [۴۳] | ثَلَاثَةٌوَاَرْبَعُوْنَ |
| | | | | FORTY FOUR | چوالیس | [۴۴] | اَرْبَعَةٌوَاَرْبَعُوْنَ |

| ARABIC MONTH | عربی مہینے |
|---|---|
| MUHARRAM UL HARAM | مُحَرَّمُ الْحَرَامُ |
| SAFAR UL MUZAFFAR | صَفَرُ الْمُظَفَّر |
| RABEE UL AWWAL | رَبِيعُ الْاَوَّل |
| RABEE UL AKHIR | رَبِيعُ الْآخِرِ |
| JUMADAL ULA | جُمَادَى الْاُوْلٰى |
| JUMADAL AKHIRAH | جُمَادَى الْآخِرَةُ |
| RAJAB UL MURAJJAB | رَجَبُ الْمُرَجَّب |
| SHABAN UL MUAZZAM | شَعْبَانُ الْمُعَظَّم |
| RAMZAN UL MUBARAK | رَمَضَانُ الْمُبَارَک |
| SHAWWAL UL MUKARRAM | شَوَّالُ الْمُكَرَّمُ |
| ZUL QADAH | ذُوْالْقَعْدَہ |
| ZUL HIJJAH | ذُوْالْحِجَّة |

| Months of the year | سال کے انگریزی مہینے | أَشْهُرُ السَّنَةِ | Days of the Week | ہفتے کے دن | اَيَّامُ الأَسْبُوْعِ |
|---|---|---|---|---|---|
| JANUARY | جنوری | يَنَايِرْ | MONDAY | سوموار/پیر | يَوْمُ الاِثْنَيْنِ |
| FEBRUARY | فروری | فَبْرَايِرْ | TUESDAY | منگل | يَوْمُ الثُّلَاثَاءِ |
| MARCH | مارچ | مَارِسْ | WEDNESDAY | بدھ | يَوْمُ الاَرْبِعَاءِ |
| APRIL | اپریل | اَبْرِيْلْ | THURSDAY | جمعرات | يَوْمُ الْخَمِيْسِ |
| MAY | مئی | مَايُوْ | FRIDAY | جمعہ | يَوْمُ الْجُمُعَةِ |
| JUNE | جون | يُوْنِيُوْ | SATURDAY | شنبہ/سنیچر | يَوْمُ السَّبْتِ |
| JULY | جولائی | يُوْلِيُوْ | SUNDAY | اتوار | يَوْمُ الاَحَدِ |
| AUGUST | اگست | أَغُسْطُسْ | | | |
| SEPTEMBER | ستمبر | سِبْتِمْبَرْ | | | |
| OCTOBER | اکتوبر | اُكْتُوْبَرْ | | | |
| NOVEMBER | نومبر | نُوْفَمْبَرْ | | | |
| DECEMBWR | دسمبر | دِيْسَمْبَرْ | | | |





# ضمیمہ شش ماہی دوم

## سُوْرَةُ قُرَيْشٍ مَّكِّيَّةٌ وَّهِيَ اَرْبَعُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لِاِيْلٰفِ قُرَيْشٍ ۝١ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّيْفِ ۝٢ فَلْيَعْبُدُوْا
رَبَّ هٰذَا الْبَيْتِ ۝٣ الَّذِيْٓ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۝٤

### ترجمہ

سورہ قریش مکی ہے، اس میں چار آیتیں ہیں۔

اللہ کے نام سے شروع، جونہایت مہربان رحم والا

اِس لئے کہ قریش کو مَیل دلایا۔اُن کے جاڑے اور گرمی دونوں کے کوچ میں میل دلایا۔تو اُنہیں چاہئے اِس گھر کے رب کی بندگی کریں۔جس نے اُنہیں بھوک میں کھانا دیا اور انہیں ایک بڑے خوف سے امان بخشا۔

## سُوْرَةُ الْفِيْلِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ۝١ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ
تَضْلِيْلٍ ۝٢ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ۝٣ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ
سِجِّيْلٍ ۝٤ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ۝٥

### ترجمہ

سورہ فیل مکی ہے، اس میں پانچ آیتیں ہیں

اللہ کے نام سے شروع، جونہایت مہربان رحم والا

اۓ محبوب! کیا تم نے نہ دیکھا، تمھارے رب نے ان ہاتھی والوں کا کیا حال کیا۔کیا ان کا داؤں تباہی میں نہ ڈالا۔اور ان پر پرندوں کی ٹکڑیاں بھیجیں۔کہ انھیں کنکر کے پتھروں سے مارتے۔تو انھیں کر ڈالا جیسے کھائی کھیتی کی پتی۔

## سُوْرَةُ الْهُمَزَةِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ تِسْعُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةِ ۙ﴿۱﴾ الَّذِيْ جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهٗ ۙ﴿۲﴾ يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهٗ
اَخْلَدَهٗ ۚ﴿۳﴾ كَلَّا لَيُنْۢبَذَنَّ فِي الْحُطَمَةِ ۫ۖ﴿۴﴾ وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ؕ﴿۵﴾ نَارُ
اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ ۙ﴿۶﴾ الَّتِيْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْـِٕدَةِ ؕ﴿۷﴾ اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ۙ﴿۸﴾ فِيْ
عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۧ﴿۹﴾

### ترجمہ

سورہ ہُمَزَہ مکی ہے، اس میں نو آیتیں ہیں

اللہ کے نام سے شروع، جو نہایت مہربان رحم والا

خرابی ہے اس کے لئے جو لوگوں کے منہ پر عیب کرے، پیٹھ پیچھے بدی کرے۔ جس نے مال جوڑا اور گن گن کر رکھا۔ کیا یہ سمجھتا ہے کہ اس کا مال اسے دنیا میں ہمیشہ رکھے گا۔ ہرگز نہیں، ضرور وہ روندنے والی میں پھینکا جائے گا۔ اور تو نے کیا جانا، کیا روندنے والی۔ اللہ کی آگ کہ بھڑک رہی ہے۔ وہ جو دلوں پر چڑھ جائے گی۔ بے شک وہ ان پر بند کر دی جائے گی۔ لمبے لمبے ستونوں میں۔

## سُوْرَةُ الْقَدْرِ مَكِّيَّةٌ وَّهِيَ خَمْسُ اٰيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّاۤ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۚ﴿۱﴾ وَمَاۤ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ؕ﴿۲﴾ لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۙ۬
خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ؕ﴿۳﴾ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓىِٕكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِنْ
كُلِّ اَمْرٍ ﴿۴﴾ سَلٰمٌ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ﴿۵﴾

### ترجمہ

سورہ قدر مکی ہے، اِس میں پانچ آیتیں ہیں

اللہ کے نام سے شروع، جو نہایت مہربان رحم والا

بے شک ہم نے اسے شبِ قدر میں اتارا۔ اور تم نے کیا جانا کیا شبِ قدر۔ شبِ قدر ہزار مہینوں سے بہتر۔ اس میں فرشتے اور جبریل اترتے ہیں اپنے رب کے حکم سے ہر کام کے لیے۔ وہ سلامتی ہے صبح چمکنے تک۔





| NUMBERS | گِنتی | | ألأعداد | NUMBERS | گِنتی | | ألأعداد |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| SEVENTY | ستّر | [۷۰] | سَبْعُوْنَ | FIFTY ONE | اکیاون | [۵۱] | وَاحِدٌوَّخَمْسُوْنَ |
| SEVENTY ONE | اکہتر | [۷۱] | وَاحِدٌوَّسَبْعُوْنَ | FIFTY TWO | باوَن | [۵۲] | اِثْنَانِ وَخَمْسُوْن |
| SEVENTY TWO | بَہَتَّر | [۷۲] | اِثْنَانِ وَسَبْعُوْنَ | FIFTY THREE | ترپن | [۵۳] | ثَلَاثَةٌوَّخَمْسُوْن |
| SEVENTY THREE | تہتر | [۷۳] | ثَلَاثَةٌوَّسَبْعُوْنَ | FIFTY FOUR | چوَّن | [۵۴] | اَرْبَعَةٌوَّخَمْسُوْن |
| SEVENTY FOUR | چوہتر | [۷۴] | اَرْبَعَةٌوَّسَبْعُوْنَ | FIFTY FIVE | پچپن | [۵۵] | خَمْسَةٌوَّخَمْسُوْن |
| SEVENTY FIVE | پچھتر | [۷۵] | خَمْسَةٌوَّسَبْعُوْنَ | FIFTY SIX | چھپن | [۵۶] | سِتَّةٌوَّخَمْسُوْن |
| SEVENTY SIX | چھہتر | [۷۶] | سِتَّةٌوَّسَبْعُوْنَ | FIFTY SEVEN | ستاون | [۵۷] | سَبْعَةٌوَّخَمْسُوْن |
| SEVENTY SEVEN | ستتر | [۷۷] | سَبْعَةٌوَّسَبْعُوْنَ | FIFTY EIGHT | اٹھاون | [۵۸] | ثَمَانِيَةٌوَّخَمْسُوْن |
| SEVENTY EIGHT | اٹھتر | [۷۸] | ثَمَانِيَةٌوَّسَبْعُوْنَ | FIFT NINE | انسٹھ | [۵۹] | تِسْعَةٌوَّخَمْسُوْن |
| SEVENTY NINE | اناسی | [۷۹] | تِسْعَةٌوَّسَبْعُوْنَ | SIXTY | ساٹھ | [۶۰] | سِتُّوْنَ |
| EIGHTY | اسی | [۸۰] | ثَمَانُوْنَ | SIXTY ONE | اکسٹھ | [۶۱] | وَاحِدٌوَّسِتُّوْنَ |
| EIGHTY ONE | اکیاسی | [۸۱] | وَاحِدٌوَّثَمَانُوْنَ | SIXTY TWO | باسٹھ | [۶۲] | اِثْنَانِ وَسِتُّوْنَ |
| EIGHTY TWO | بیاسی | [۸۲] | اِثْنَانِ وَثَمَانُوْنَ | SIXTY THREE | ترسٹھ | [۶۳] | ثَلَاثَةٌوَّسِتُّوْنَ |
| EIGHTY THREE | تراسی | [۸۳] | ثَلَاثَةٌوَّثَمَانُوْنَ | SIXTY FOUR | چوسٹھ | [۶۴] | اَرْبَعَةٌوَّسِتُّوْنَ |
| EIGHTY FOUR | چوراسی | [۸۴] | اَرْبَعَةٌوَّثَمَانُوْنَ | SIXTY FIVE | پینسٹھ | [۶۵] | خَمْسَةٌوَّسِتُّوْن |
| EIGHTY FIVE | پچاسی | [۸۵] | خَمْسَةٌوَّثَمَانُوْنَ | SIXTY SIX | چھیاسٹھ | [۶۶] | سِتَّةٌوَّسِتُّوْن |
| EIGHTY SIX | چھیاسی | [۸۶] | سِتَّةٌوَّثَمَانُوْنَ | SIXTY SEVEN | سرسٹھ | [۶۷] | سَبْعَةٌوَّسِتُّوْن |
| EIGHTY SEVEN | ستاسی | [۸۷] | سَبْعَةٌوَّثَمَانُوْنَ | SIXTY EIGHT | اڑسٹھ | [۶۸] | ثَمَانِيَةٌوَّسِتُّوْن |
| EIGHTY EIGHT | اٹھاسی | [۸۸] | ثَمَانِيَةٌوَّثَمَانُوْنَ | SIXTY NINE | انہتر | [۶۹] | تِسْعَةٌوَّسِتُّوْنَ |

| NUMBERS | گِنتی | | ألأعداد | NUMBERS | گِنتی | | ألأعداد |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| NINETY FIVE | پنچانوے | [۹۵] | خَمْسَةٌوَّتِسْعُوْنَ | EIGHTY NINE | نواسی | [۸۹] | تِسْعَةٌوَّثَمَانُوْنَ |
| NINETY SIX | چھیانوے | [۹۶] | سِتَّةٌوَّتِسْعُوْنَ | NINETY | نوے | [۹۰] | تِسْعُوْنَ |
| NINETY SEVEN | ستانوے | [۹۷] | سَبْعَةٌوَّتِسْعُوْنَ | NINETY ONE | اکیانوے | [۹۱] | وَاحِدٌوَّتِسْعُوْنَ |
| NINETY EIGHT | اٹھانوے | [۹۸] | ثَمَانِيَةٌوَّتِسْعُوْنَ | NINETY TWO | بیانوے | [۹۲] | اِثْنَانِ وَتِسْعُوْنَ |
| NINETY NINE | ننیانوے | [۹۹] | تِسْعَةٌوَّتِسْعُوْنَ | NINETY THREE | ترانوے | [۹۳] | ثَلَاثَةٌوَّتِسْعُوْنَ |
| HUNDRED | سو | [۱۰۰] | مِائَةٌ | NINETY FOUR | چورانوے | [۹۴] | اَرْبَعَةٌوَّتِسْعُوْنَ |

| ENGLISH | مَعَانِیْ | اَلْفَاظُ |
|---|---|---|
| I | مَیں [مردوعورت دونوں کے لئے] | اَنَا |
| WE | ہَم [مردوعورت دونوں کے لئے] | نَحْنُ |
| YOU | تو ،آپ [ایک مرد کے لئے] | اَنْتَ |
| YOU | تُو ،آپ [ایک عورت کے لئے] | اَنْتِ |
| BOTH OF YOU | آپ دونوں [مردوعورت کے لئے] | اَنْتُمَا |
| ALL OF YOU | آپ سب [مرد] | اَنْتُمْ |
| ALL OF YOU | تم سب [عورتیں] | اَنْتُنَّ |
| HE | وہ [ایک مرد کے لئے] | هُوَ |
| SHE | وہ [ایک عورت کے لئے] | هِیَ |
| THIS | یہ [ایک مؤنث قریب کے لئے] | هٰذِهٖ |
| THESE | یہ دونوں [دو مؤنث قریب کے لئے] | هَاتَانِ |





| LISH | مَعَانِیْ | اَلْفَاظِ |
|---|---|---|
| THESE | یہ سب [جمع مذکر و مؤنث قریب کے لئے] | هٰؤُلَاءِ |
| THAT | وہ [ایک مذکر بعید کے لئے] | ذٰلِکَ |
| THOSE | وہ دونوں [دو مذکر بعید کے لئے] | ذٰنِکَ |
| THAT | وہ [ایک مؤنث بعید کے لئے] | تِلْکَ |
| THOSE | وہ دونوں [دو مؤنث بعید کے لئے] | تَانِکَ |
| THOSE | وہ سب [جمع مذکر و مؤنث بعید کے لئے] | اُوْلٰٓئِکَ |
| BOTH OF THEM | وہ دونوں [مردوعورت کے لئے] | هُمَا |
| ALL OF THEM | وہ سب [ مردوں کے لئے] | هُمْ |
| ALL OF THEM | وہ سب [عورتوں کے لئے] | هُنَّ |
| THIS | یہ [ایک مذکر قریب کے لئے] | هٰذَا |
| THSES | یہ دونوں [دو مذکر قریب کے لئے] | هٰذَانِ |
| UP | اوپر | فَوْق |
| DOWN | نیچے | تَحْتُ |
| AHEAD | آگے رسامنے | اَمَامُ |
| BACK | پیچھے | خَلْفُ |
| RIGHT | دائیں | يَمِيْنُ |
| LEFT | بائیں | يَسَارُ |

# مآخذو مراجع


۱ القرآن الحکیم المنزّل من اللّٰہ الکریم
۲ کنز الایمان للامام احمد رضا خان
۳ التفسیر للامام ابن کثیر
۴ تفسیر الکشاف للزّمخشری
۵ صحیح الامام البخاری
۶ صحیح الامام مسلم
۷ جامع الامام الترمذی
۸ سنن الامام ابی داؤد
۹ سنن الامام ابن ماجہ
۱۰ سنن الامام النسائی
۱۱ مشکاۃ المصابیح للامام التبریزی
۱۲ کنز العمال للامام المتقی الھندی
۱۳ المسند للامام احمد بن حنبل
۱۴ الجامع الصغیر للامام السُّیوطی
۱۵ المسند للامام البزَّار
۱۶ المسند للامام اَبی یعلی
۱۷ المستدرک للامام حاکم
۱۸ حلیۃ الاولیاء للامام ابی نُعَیم
۱۹ مجمع الزوائد للامام الھیثمی
۲۰ الجزء المفقود من مصنف عبد الرزاق
۲۱ جامع الاحادیث
۲۲ الترغیب والترھیب
۲۳ شرح العقائد النسفیۃ
۲۴ الفتاوٰی الرضویۃ
۲۵ تاریخ دمشق للامام ابن عساکر
۲۶ ضیاء النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
۲۷ سیرتِ مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
۲۸ سیرتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
۲۹ سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جھلکیاں
۳۰ بہارِ شریعت
۳۱ اسلامی اخلاق و آداب
۳۲ الفتاوٰی لفقیہ الملۃ
۳۳ جد الممتار
۳۴ بدعت کی حقیقت
۳۵ ذوقِ نعت
۳۶ حدائق بخشش
۳۷ استنجاء کا طریقہ
۳۸ دینِ مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
۳۹ جنرل اسلامک معلومات